# حال احوال

تاریخ وار ملکی اور غیر ملکی زرعی خبریں، ستمبر تا دسمبر 2013

## جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی

روٹس فار ایکوٹی

2013

# حال احوال

تاریخ وار ملکی اور غیر ملکی زرعی خبریں، ستمبر تا دسمبر 2013


تحریر و ترتیب

صبیحہ حسن


جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی

2013

# فہرست مضامین


| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| مخففات | vii |
| ابتدائیہ | xii |
| الف۔ ملکی زرعی خبریں | 1-118 |
| I۔ زرعی مواد | 1-31 |
| زمین | 1 |
| پانی | 8 |
| بیج | 29 |
| II۔ زرعی مداخل | 32-37 |
| طریقہ زراعت: قدرتی یا صنعتی؟ | 32 |
| کھاد | 33 |
| کیمیائی ادویات | 35 |
| زرعی مشینری | 35 |
| زرعی تحقیق | 37 |
| III۔ غربت اور غذائی تحفظ | 38-47 |
| غربت | 38 |
| غذائی تحفظ | 43 |
| IV۔ غذائی اور نقدآور فصلیں | 47-64 |
| غذائی فصلیں | 47 |
| نقدآور فصلیں | 62 |

| | |
|---|---|
| V۔ تجارت | 64-81 |
| برآمدات | 65 |
| درآمدات | 75 |
| ایگری بزنس | 79 |
| VI۔ کارپوریٹ شعبہ | 81-85 |
| زرعی کمپنیاں | 81 |
| فرٹیلائزر کمپنیاں | 81 |
| غذائی کمپنیاں | 82 |
| سگریٹ کمپنیاں | 84 |
| زرعی مشینری | 85 |
| VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور پولٹری | 85-90 |
| مال مویشی | 85 |
| ماہی گیری | 87 |
| پولٹری | 90 |
| VIII۔ ماحول | 90-98 |
| زمین | 91 |
| فضاء | 95 |
| پانی | 95 |
| IX۔ موسمی تبدیلی | 98-107 |
| سبز معیشت | 101 |
| X۔ قدرتی بحران | 107-113 |
| سیلاب | 107 |

| | |
|---|---|
| زلزلہ | 108 |
| سونامی | 113 |
| XI۔ مزاحمت | 113-118 |
| پانی | 113 |
| زمین | 115 |
| ماہی گیروں کے حقوق | 116 |
| آلودگی | 117 |
| مہنگائی | 117 |
| امدادی قیمت | 117 |
| ب۔ عالمی زرعی خبریں | 119-144 |
| I۔ زرعی مواد | 119-121 |
| زمین | 119 |
| پانی | 120 |
| بیج | 121 |
| II۔ مداخل | 121-122 |
| طریقہ زراعت: قدرتی یا صنعتی؟ | 121 |
| کھاد | 122 |
| III۔ غربت اور غذائی تحفظ | 122-125 |
| غربت | 122 |
| غذائی تحفظ | 122 |
| IV۔ غذائی اور نقد آور فصلیں | 125-126 |
| غذائی فصلیں | 125 |
| نقد آور فصلیں | 126 |

| | |
|---|---|
| V۔ تجارت | 126-128 |
| برآمدت | 126 |
| درآمدات | 127 |
| VI۔ کارپوریٹ شعبہ | 128-129 |
| غذائی کمپنیاں | 128 |
| VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور پولٹری | 130-131 |
| مال مویشی | 130 |
| پولٹری | 130 |
| VIII۔ ماحول | 131-136 |
| زمین | 131 |
| پانی | 132 |
| فضاء | 135 |
| IX۔ موسمی تبدیلی | 136-141 |
| عالمی حدت | 137 |
| سبز معیشت | 140 |
| X۔ قدرتی بحران | 141-144 |
| طوفان | 142 |
| سیلاب | 143 |
| XI۔ مزاحمت | 144-144 |
| مراعات | 144 |

# Acronyms /مخففات

| | |
|---|---|
| ACIAR | Australian Centre for International Agricultural Research |
| ADB | Asian Development Bank |
| AEC | Advanced Electronics Company |
| AEDB | Alternative Energy Development Board |
| AFD | French Agency for Development |
| AFP | Agri Forum of Pakistan |
| AMPKS | Anjuman-i-Mazareen Punjab Kulyana State |
| APAARI | Asia-Pacific Association of Agricultural Research Institutions |
| APTMA | All Pakistan Textile Mills Association |
| ASF | Agribusiness Support Fund |
| ASLP | Agriculture Sector Linkages Program |
| AUSAID | Australian Agency for International Development |
| AWP | Awami Workers Party |
| BISP | Benazir Income Support Program |
| CCAC | Cotton Crop Assessment Committee |
| CCAMLR | Commission for the Conservation of Antarctic Marine Living Resources |
| CCI | Council of Common Interest |
| CCD | Climate Change Division |
| CCP | Competition Commission of Pakistan |
| CCRI | Central Cotton Research Institute |
| CDA | Capital Development Authority |
| CEO | Chief Executive Officer |
| CGGCL | China Gezhouba Group Company |
| CIMMYT | International Maize and Wheat Improvement Center |
| CLCuV | Cotton Leaf Curl Virus |
| CNFA | Citizens Network for Foreign Affairs |
| CRPID | Centre for Research on Poverty and Income Distribution |
| CSR | Corporate Social Responsibility |
| DAMN | Development and Management Network |
| DHA | Defense Housing Authority |
| DPN | Development Partners for Nutrition |
| ECC | Economic Coordination Committee |
| ECNEC | The Executive Committee of the National Economic Council |
| FAO | Food and Agriculture Organization |
| FAP | Farmers' Associates Pakistan |

| | |
|---|---|
| FBR | Federal Board of Revenue |
| FDA | French Donor Agency |
| FFBL | Fauji Fertilizer Bin Qasim Limited |
| FFC | Fauji Fertilizer Company |
| FFCL | Fauji Fertilizer Co Energy Ltd |
| FIRB | Foreign Investment Review Board |
| FIF | Friends of Indus Forum |
| FMPAC | Fertilizer Manufacturers Pakistan Advisory Council |
| FO | Farmers Organisation |
| FPCCI | Federation of Pakistan Chambers of Commerce & Industry |
| FRF | Faisalabad Research Forum |
| GFAR | Global Forum on Agricultural Research |
| GIZ | Gesellschaft für Internationale Zusammenarbeit |
| GSP | Generalized System of Preferences |
| GST | General Sales Tax |
| HCFCs | Hydrochloroflorocarbons |
| HRC | Halal Research Council |
| HRCP | Human Rights Commission of Pakistan |
| ICAC | International Cotton Advisory Committee |
| ICARDA | International Center for Agricultural Research in the Dry Areas |
| ICC | International Court of Arbitration |
| ICCI | Islamabad Chamber of Commerce & Industry |
| ICDD | International Centre for Development and Decent Work |
| ICRIER | Indian Council for Research on International Economic Relations |
| ICRISAT | International Crops Research Institute for the Semi-Arid-Tropics |
| IDA | International Development Association |
| IDB | Islamic Development Bank |
| IFPRI | International Food Policy Research Institute |
| IHAF | International Halal Accreditation Forum |
| IMF | International Monetary Fund |
| IPCC | Intergovernmental Panel on Climate Change |
| IPM | Integrated Pest Management |
| IPO | Initial Public Offering |
| IRSA | Indus River System Authority |
| IUCN | International Union for Conservation of Nature |
| JICA | Japan International Cooperation Agency |
| KCCI | Karachi Chamber of Commerce and Industry |

| | |
|---|---|
| KFHA | Karachi Fisheries Harbour Authority |
| KPT | Karachi Port Trust |
| KRGG | Karachi Retail Grocers Group |
| LBOD | Left Bank Outfall Drain |
| LCCI | Lahore Chamber of Commerce and Industry |
| MAF | Million Acre Feet |
| MDGs | Millennium Development Goals |
| MDO | Mangla Dam Organisation |
| MHNP | Margallah Hills National Park |
| MHS | Margallah Hills Society |
| MMCFD | millions of cubic feet per day |
| MNFSR | Ministry of National Food Security and Research |
| MOU | Memorandum of Understanding |
| NAB | National Accountability Bureau |
| NASA | National Aeronautics and Space Administration |
| NDMA | National Disaster Management Authority |
| NEPAD | The New Partnership for Africa's Development |
| NFDC | National Fertilizer Development Centre |
| NFF | National Fishworkers' Forum |
| NFSR | National Food Security and Research |
| NISP | National Industrial Security Program |
| NNS | National Nutrition Survey |
| NTDC | National Transmission & Despatch Company |
| NTWG | National Technical Working Groups |
| OIG | Office of the Inspector General |
| OPIC | Overseas Private Investment Corporation |
| ORIC | Office of Research Innovation and Commercialization |
| PAAPAM | Pakistan Association of Automotive Parts Accessories Manufacturers |
| PAMA | Pakistan Automotive Manufacturers Association |
| PARC | Pakistan Agricultural Research Council |
| PARCO | Pak-Arab Refinery Limited |
| PASSCO | Pakistan Agricultural Storage and Services Corporation |
| PATS | Pakistan Approach to Total Sanitation |
| PBS | Pakistan Bureau of Statistics |
| PCCC | Pakistan Central Cotton Committee |
| PCGA | Pakistan Cotton Ginners Association |
| PCIW | Pakistan's Commission of Indus Water |
| PDBP | Pakistan Domestic Biogas Program |
| PDDC | Pakistan Dairy Development Company |

| | |
|---|---|
| PEPA | Pakistan Environmental Protection Agency |
| PFA | Punjab Food Authority |
| PFF | Pakistan Fisherfolk Forum |
| PFMA | Pakistan Floor Mills Association |
| PFVA | All Pakistan Fruit and Vegetable Exporters Importers and Merchants Association |
| PHC | Peshawar High Court |
| PIF | Pacific Islands Forum |
| PIPFPD | Pakistan India Peoples' Forum for Peace and Democracy |
| PISP | Pakistan Income Support Program |
| PPAF | Pakistan Poverty Alleviation Fund |
| PPPC | Pakistan Power Park Company |
| PRF | Pakistan Relief Foundation |
| PSMA | Pakistan Sugar Mills Association |
| PTC | Pakistan Tobacco Company |
| PTWO | Pakistan Trans-border Water Organization |
| RBOD | Right Bank Outfall Drain |
| REAP | Rice Exporters Association of Pakistan |
| REDD+ | Reducing Emissions from Deforestation and Forest Degradation |
| SAB | Sindh Abadgar Board |
| SBI | Sindh Board of Investment |
| SBP | State Bank of Pakistan |
| SCA | Sindh Coal Authority |
| SCA | Sindh Chamber of Agriculture |
| SBCA | Sindh Building Control Authority |
| SCCI | Sialkot Chamber of Commerce and Industries |
| SCF | Save the Children |
| SDPI | Sustainable Development Policy Institute |
| SECP | Securities and Exchange Commission of Pakistan |
| SEPA | Sindh Environmental Protection Agency |
| SFD | Saudi Fund for Development |
| SIDA | Sindh Irrigation and Drainage Authority |
| SIAPP | Sindh Irrigated Agricultural Productivity Project |
| SITE | Sindh Industrial Trading Estates |
| SNGPL | Sui Northern Gas Pipe Line Limited |
| SPARC | Society for the Protection of the Rights of the Child |
| SPO | Strengthening Participatory Organization |
| SRO | Statutory Regulatory Order |

| | |
|---|---|
| SZABIST | Shaheed Zulfikar Ali Bhutto Institute of Science and Technology |
| TATA | Trade and Travel Authority |
| TCP | Trading Corporation of Pakistan |
| TDAP | Trade Development Authority of Pakistan |
| TEPCO | Tokyo Electric Power Company |
| TFCs | Term Finance Certificates |
| TIP | Transparency International Pakistan |
| TRTA | Trade- Related Technical Assistance |
| TTIP | Transatlantic Trade and Investment Partnership |
| UAF | University of Agriculture, Faisalabad |
| UHT | Ultra High Temperature |
| UNCTAD | United Nations Conference on Trade and Development |
| UNESCO | United Nations Educational, Scientific and Cultural Organization |
| UNFCCC | United Nations Framework Convention on Climate Change |
| UNIDO | United Nations Industrial Development Organization |
| USAID | United States Agency for International Development |
| USDA | US Department of Agriculture |
| UVAS | University of Veterinary and Animal Sciences |
| WAPDA | Water and Power Development Authority |
| WFP | World Food Program |
| WMO | World Meteorological Organization |
| WPP | Worker Party Pakistan |
| WTO | World Trade Organization |
| WWF | World Wide Fund for Nature |

---

## کنورژن (Conversion)

1 ملین = 10 لاکھ = 1000,000

1 بلین = 1 ارب = 1000,000,000

1 ٹریلین = 10 کھرب = 1000,000,000,000

# ابتدائیہ

ستمبر سے دسمبر 2013 کے دوران زراعت کے مختلف پہلوؤں کے حوالے سے جو قومی اور بین الاقوامی خبریں سامنے آئیں حال احوال کا یہ شمارہ ان کا احاطہ اپنے گیارہ ابواب میں کرتا ہے۔ ان ابواب میں جو مخصوص باتیں سامنے آئیں ان کا تذکرہ اور تجزیہ ہم اس امید سے کررہے ہیں کہ ہماری کوششیں سنجیدہ عوامی سوچ پر مبنی قومی اتفاق رائے پیدا کرنے میں معاون ثابت ہو۔ خبروں پر جب ہم نظر دوڑاتے ہیں تو جو عمومی صورت حال نظر آتی ہے وہ کچھ یوں ہے:

- صوبائی حکومتیں اب زمینی اصلاحات کا دروازہ مکمل طور سے بند کرنا چاہتی ہیں۔ سپریم کورٹ میں ورکرز پارٹی آف پاکستان (WPP) کی جانب سے جناب عابد حسن منٹو کی درخواست کی مخالفت میں پنجاب اور سندھ کی حکومتیں اپنے اپنے جوابات داخل کرواچکی ہیں۔ اگرچہ کئی غیر سرکاری تنظیمیں اس حوالے سے سرگرم عمل ہیں اور سینیٹر میر حاصل خان بزنجو نے خود عوامی پارٹی اور نیشنل پارٹی کے الحاق کے وقت بڑے پیمانے پر زمینی اصلاحات کا مطالبہ کیا ہے لیکن حالات اس کے برعکس دیکھائی دے رہے ہیں۔ سپریم کورٹ پر اس حوالے سے بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ زمین کی خیراتی تقسیم جسے صوبائی حکومتیں سیاسی مقاصد کے لیے جاری رکھنے کا ارادہ رکھتی ہیں زراعت کے شعبے اور اس سے جڑے چھوٹے بے زمین کسانوں کے حالات کی ابتری کا حل نہیں۔ گلوبل سلیوری انڈکس، جسے آسٹریلیا میں ترتیب دیا گیا کے مطابق جدید دور کی غلامی کے اعتبار سے پاکستان موریتانیہ اور ہیٹی کے بعد تیسرے نمبر پر آتا ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے حساب سے 1.8 ملین پاکستانی اس وقت جبری مشقت کررہے ہیں۔ پاکستان کی عدلیہ اس حوالے سے قابل ذکر کام کررہی ہے اور جبری مزدوروں کو آزاد کرانے کی خبریں مستقل ملتی رہتی ہیں۔ اس لیے ہم امید رکھتے ہیں کہ عدلیہ زراعت سے جڑے تمام پہلوؤں کو دیکھتے ہوئے منصفانہ مساویانہ زمین کی تقسیم پر اپنا فیصلہ دے گی۔ وگرنہ اس خیال کو مزید تقویت ملے گی کہ عدلیہ بھی عام عوام کی

بہتری کے بجائے طاقتور طبقہ کے مفاد کو تحفظ دیتی ہے۔

- پاکستان میں پانی کی کمی خطرناک سطح تک پہنچ چکی ہے۔تھر ناکافی بارش کی وجہ سے شدید خشک سالی کی لپیٹ میں آ چکا ہے۔ برساتی نالے خشک ہو گئے ہیں اور تھر کے باسی اپنے مال مویشیوں کے لیے نہایت مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور ہیں۔ جانوروں کا چارا اگنا بند ہوگیا ہے اور وہ زہریلے پودے کھا کر بیمار پڑ کر مر رہے ہیں۔تھوڑا آگے بڑھیں تو بدین میں دو سو سے زائد گاؤں میں کسانوں نے سپریم کورٹ کے انسانی حقوق کے سیل میں درخواست دائر کی ہوئی ہے بااثر وڈیروں کے خلاف جو نہروں اور نالوں سے غیر قانونی طور پر پانی حاصل کرکے آخری سرے کے کاشت کاروں کی زمینوں کو بنجر بنا رہے ہیں۔ ایسی خبریں عام ہیں اور کسان اب ناکافی پانی کی وجہ سے پوری زمین پر فصل نہیں اگا پا رہے ہیں۔ یہاں ہمیں سوچنا چاہیے کہ پائیدار زراعت کے اردگرد حکومت کی کوئی مربوط پالیسی جو زمین، پانی، پیداوار اور پیداواری قوت کے تمام مسائل کو اپنے اندر سمو لے کیوں نظر نہیں آتی؟ پانی کے بڑے بڑے منصوبوں کے لیے بڑی بڑی بیرونی امداد کے ساتھ بڑے گھپلوں کی خبریں تو دیکھائی دیتی ہیں لیکن ان کے پیچھے حکومتی ترجیحات کیا ہیں؟ خبریں ٹٹولنے سے پتہ چلتا ہے کہ بجلی کی پیداوار بڑھانا حکومت کی پہلی ترجیح ہے اس کو اتنی اولیت حاصل ہے کہ ہندوستان سے کشن گنگا مسئلے میں عالمی ثالثی کی عدالت میں پاکستان نے صرف نیلم جہلم منصوبے کی بجلی کی ضروریات کے اعتبار سے پانی کی ضرورت پر زور دیا اور زراعت کی ضروریات کا کوئی حساب کتاب ہی پیش نہیں کیا گیا۔ اس بات پر خود عالمی عدالت حیرت میں تھی۔ دوسری ترجیح زیادہ پیداوار حاصل کرنا ہے تاکہ اسے برآمد کرکے زیادہ زرمبادلہ حاصل ہو سکے۔ اس پالیسی کا اثر کسانوں پر، پانی کی طلب، زمین کی زرخیزی، ماحول اور مہنگائی پر کیا پڑتا ہے اس سے کسی کو کوئی غرض نہیں۔

- زیادہ پیداوار کی دوڑ میں ہم اپنے دیسی بیج ضائع کر چکے ہیں۔ سندھ آبادگار بورڈ کے مطابق یہ ایک اجتماعی قتل (genocide) ہے۔''معیاری'' بیج کا آج کل بہت چرچا ہے تاکہ اس سے زیادہ پیداوار حاصل ہو سکے یہ سیاست سبز انقلاب کے زیادہ پیداواری بیجوں سے شروع ہو کر بیج اور اب جینیاتی

بیج تک پہنچتی ہے۔ ہماری ہزاروں سال کی روایتی زراعت کا خاتمہ اسی عالمی سیاست نے کیا ہے۔ آج زراعت بغیر ''معیاری'' بیج، بغیر کیمیائی کھاد، بغیر کیمیائی ادویات اور زرعی مشینری کے ممکن ہی نہیں۔ ان کو حاصل کرنے کے لیے زرعی قرضوں کا جال بچھا دیا گیا ہے۔ بیج کا شعبہ اب صنعت بن چکا ہے اور زراعت کاروبار۔ جو بھی دیسی بیج منڈی میں مل رہا ہے اس کی اور ہائبرڈ بیج کی قیمت میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ دیسی اقسام 37 روپے فی کلو کے حساب سے ملتی ہیں جبکہ ہائبرڈ بیج 800 سے 1000 روپے فی کلوگرام کی قیمت میں ملتا ہے۔ دیسی بیج بچا کر دوبارہ لگایا جاسکتا ہے، ہائبرڈ کو ہر سال خریدنا پڑتا ہے۔ دوسرے سال ہائبرڈ فصل کا بیج رکھنا بیکار ہے کیونکہ یہ فصل نہیں دیتا۔ تصویر کا دوسرا رخ یہ ہے کہ منڈی میں دیسی بیج سے حاصل فصل مہنگی ملتی ہے مثلاً عالمی منڈی میں ہندوستان اور تھائی لینڈ کا دیسی چاول 480-508 ڈالر فی ٹن ملتا ہے جبکہ ہائبرڈ اور ملی جلی بیجوں سے حاصل چاول 370-375 ڈالر فی ٹن ملتا ہے۔ پھر صحت بخش اور ماحول دوست دیسی بیج کے ساتھ سوتیلا پن کیوں؟ آمریت، سامراجیت پسند سیڈ ایکٹ کیوں لایا جا رہا ہے؟ اس سے کس کا بھلا ہوگا۔ کسان کا یا ان عالمی بیج کمپنیوں کا جو ہماری زراعت کو اپنی مٹھی میں لیے بیٹھی ہیں اور زراعت کو کاروبار بنا کر فائدہ اٹھارہی ہیں۔

- پاکستان کے حالات کا ایک بھیانک رخ بھوک اور غذائی عدم تحفظ ہے۔ وزیر خزانہ کے مطابق ملک میں 60 فیصد آبادی یا 11 کروڑ عوام غربت کی لکیر کے نیچے رہتے ہیں۔ عالمی بینک اور سینٹر فار ریسرچ آن پاورٹی اینڈ انکم ڈسٹری بیوشن (CRPID) کے اعداد و شمار کے لحاظ سے پاکستان کی صورت حال غربت کے اعتبار سے 43 ممالک میں سب سے زیادہ خطرناک ہے۔ پاکستان میں 1985-2014 تک ایسے بچوں کی تعداد جو غذائی کمی کی وجہ سے صحیح نشونما نہیں پارہے دوگنی ہوگئی ہے۔ یعنی چھ سے 12 ملین اور ہر روز اس میں 547 بچوں کا اضافہ ہورہا ہے! غذا ہے مگر لوگ اس کو مہنگائی کی وجہ سے خرید نہیں سکتے۔ مہنگائی کا حال یہ ہے کہ موجودہ حکومت کے پہلے 100 دنوں میں اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں 23-100 فیصد تک کا اضافہ دیکھا گیا۔ جب غذا ''آزاد'' تجارت کے تقاضوں کو پورا کرنے لگے تو ایسا ہی ہوتا ہے۔ بقول ایک سبزی فروش ''یہ دیکھے بغیر کے ہم کتنا پیدا کرسکتے ہیں ہم سب کچھ برآمد کیے جارہے

ہیں''۔ جب ایسا اندھا پن ہو تو لوگوں کی بھوک کس کو نظر آتی ہے۔

- غذا پیدا کرنے والوں کے حوالے سے جب حکومتی کاروائی پر غور کریں تو عجیب و غریب سی صورتحال سامنے آتی ہے۔ ایک طرف پاکستان میں نہری پانی کی رسد میں کمی نے کسانوں کے لیے مسائل پیدا کیے ہوئے ہیں تو دوسری طرف امدادی قیمت کا حکومت کی طرف سے دیر سے اعلان ہونا اور پھر پیداواری قیمت سے بھی کم پر اسے مقرر کرنا کسانوں کو مجبور کر رہا ہے کہ وہ یا تو کم رقبے پر بوائی کریں یا پھر اس شعبے سے اپنی وابستگی ختم کر کے شہر میں محنت مزدوری کریں۔ اس سے نہ صرف ملکی زراعت کو نقصان ہوگا بلکہ غربت اور بے روزگاری میں اضافہ دہشت گردوں اور جرائم پیشہ افراد کو موقع دے گا کہ وہ ان حالات سے مزید فائدہ اٹھائیں۔حکومتی خریداری گندم تک محدود ہے۔ اس کا مقصد کاشتکاروں کو اچھی قیمت دینا تاکہ وہ فصل زیادہ لگائیں اور غذا کی قلت نہ ہو اور اس کے ساتھ ساتھ حکومت کم قیمت پر اسے مل والوں کو بیچتی ہے تاکہ منڈی میں لوگوں کے لیے آٹا سستا ہو۔ اسے ہی زرتلافی کہتے ہیں لیکن اب زرتلافی کے نام پر حکومت خود منافع خوروں میں شامل ہوگئی ہے۔ ایگری فورم آف پاکستان کے مطابق وفاقی اور صوبائی حکومتیں کسانوں سے 1200 روپے فی من کے حساب سے گندم لے کر آٹا ملوں کو 1330 روپے فی من کے حساب سے فروخت کر رہی ہیں۔ ایگری فورم کے حساب سے تمام اخراجات ملا کر حکومت کو گندم آٹا ملوں کو زیادہ سے زیادہ 1275 روپے فی من کے حساب سے دینا چاہیے۔ حکومت پنجاب نے گزشتہ ایک سال میں آٹا ملوں کو 1275 روپے فی من کے بجائے 1330 روپے فی من بیچ کر دس ارب روپے کی ''بچت'' کی تھی۔ ایک خبر کے مطابق صوبائی حکومت نے اس میں سے نصف یعنی پانچ ارب روپے سے غریب افراد کو خوراک، صحت اور تعلیم کی سہولت ارزاں نرخوں پر فراہم کرنے کا منصوبہ بنایا ہے جس کے لیے وہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مدد لے گی۔ جس کے مطابق پنجاب میں ایسے 26 لاکھ خاندان ہیں۔ حکومت کب تک ایسے ڈھکوسلے کرتی رہے گی؟ کیا عوامی مسائل کو مرکزی حیثیت دے کر مربوط پالیسی حکومت کا کام نہیں؟

- حکومت کس حد تک عوام دوستی کو خیرباد کہہ چکی ہے اس کی ایک مثال گنے کے کاشتکاروں کا

حال زار ہے۔ یوں لگتا ہے کہ حکومت نے شوگر ملوں کے سامنے گھٹنے ٹیک دیے ہیں اور کسانوں کے مفادات کو یکسر فراموش کردیا ہے۔ کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کے فیصلوں نے چینی کے مل مالکان کو خوب منافع کمانے کا موقع دیا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مداخل کی قیمت میں اضافے کا تخمینہ 11 فیصد لگایا تھا، حکومت کا اندازہ 10 فیصد تھا اور کاشتکاروں کے حساب سے یہ اضافہ 16 فیصد تھا۔ یوں حکومت کو 235 روپے فی من کے حساب سے خریداری کی قیمت مقرر کرنی تھی لیکن حکومت نے نہ صرف کرشنگ کی تاریخ کو ملتوی کیا بلکہ خریداری کی قیمت سندھ میں 172 روپے فی من اور خیبر پختون خواہ میں اور پنجاب میں 170 روپے فی من رکھی گئی۔ فیکٹری مالکان اس کے باوجود پچھلے سال کی قیمت پر گنا خریدتے رہے اور حکومت ان پر عنایت پر عنایت کرتی رہی۔ یعنی ان کی طرف سے کرشنگ کی تاریخ ملتوی کرنے کی دھمکی پر اقتصادی رابطہ کمیٹی نے ان سے 50,000 ٹن چینی خریدنے کا وعدہ کیا اور پھر کرشنگ کی تاریخ ملتوی کرنے کے باوجود انہیں 500,000 ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت بھی مل گئی۔ مالکان کے پاس پہلے سے 350,000 ٹن چینی کا ذخیرہ موجود تھا لہذا ان کو کسانوں سے گنا خریدنے کی کوئی جلدی بھی نہیں تھی۔ یہاں یہ بتاتے چلیں کے صرف سندھ کی پانچ شوگر ملیں نو کروڑ 30 لاکھ روپے ٹیکس کی نادہندہ ہے۔ یہ ملیں نہ صرف حکومت کو ٹیکس دینے میں تکلف کرتی ہیں بلکہ کسانوں کی ادائیگی بھی ان پر بھاری گزرتی ہے۔ پچھلے سال کی کسانوں سے خریداری کے 200 ملین روپے بھی انہیں اس سال ادا کرنے تھے۔ کاشتکار اب گڑ بنا کر بیچنے کو ترجیح دے رہے ہیں۔

- اپنے ملک سے ذرا ہٹ کر ہم صرف ہندوستان کی طرف اگر دیکھیں جس سے ہم ہر چیز میں مقابلہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو معیشت کو بڑی تیزی سے اپنانے کے باوجود ہمیں نظر آتا ہے کہ وہاں کی حکومت اپنی زراعت کو ہر ممکن تحفظ دیتی ہے۔ ستمبر 2013 میں بھارتی پارلیمنٹ کے ایوان زیریں نے زمین کے حصول کا بل (Land Acquisition Bill) منظور کرلیا ہے جو ایوان بالا کی منظوری کے بعد قانون کا حصہ بن جائے گا۔ قانون نو آبادیاتی دور کے زمینی حصول کے ایکٹ کی جگہ لے گا جس سے فائدہ اٹھا کر بھارتی صنعت کار کسانوں سے زبردستی کوڑیوں کے مول زرعی زمینیں خریدتے تھے۔ نئے

قانون کے تحت نجی سرمایہ کاری کے لیے زمین کے حصول میں 80 فیصد زمین مالکان کو زمین فروخت پر راضی کرنا لازم ہوگا۔ اس کے علاوہ خریدار دیہی علاقوں میں بازار کی قیمت سے چار گنا زیادہ دام پر زمین حاصل کریں گے جبکہ شہری علاقوں میں وہ بازار کے نرخ سے دگنے دام دیں گے۔ بھارت نے عالمی تجارتی ادارے ڈبلیو ٹی او کی بالی انڈونیشیاء میں وزارتی کانفرنس میں بھی اپنے کسانوں کو دی جانے والی زرتلافی کا دفاع کرکے عالمی ادارے سے معاملات طے کرنے کی کوشش کی تھی جبکہ حکومت پاکستان کے پیش نظر نہایت محدود مقاصد تھے۔ مثلاً ہمارے کامرس کی وزارت کو ہندوستانی کسانوں کو دیے جانے والی مراعات کے تحفظ سے تشویش تھی کیونکہ اس سے پاکستانی چاول کی برآمد پر منفی اثر پڑتا ہے۔ لہذا یہ کہا گیا کہ پاکستان ہندوستان کو ایسا کرنے سے روکے گا۔ پاکستان چین اور انڈونیشیا کے ساتھ درمیانہ راستہ اپنائے ہوئے ہے ''جو گرین بکس سبسڈی'' کو بڑھانا چاہتا ہے مگر تجارت میں خلل ڈالنے والی مراعات کا مخالف ہے۔ پاکستان باسمتی گرورز ایسوسی ایشن کے صدر نے ڈبلیو ٹی او کے نویں وزارتی اجلاس (6-3 دسمبر) میں شرکت کے بعد اسلام آباد میں کہا کہ جینیوا میں ڈبلیو ٹی او کے صدر دفتر میں پاکستان کے مستقل نمائندے شاہد بشیر کی ساری توجہ اپنی ڈبلیو ٹی او کے جنرل کونسل میں چیئرمین شپ پکی کرنے پر تھی۔ ''وفد نے یہ کوشش بھی نہیں کی کہ وہ کسانوں کے خدشات کو کانفرنس کے آخری مسودے میں شامل کرے''۔ ڈبلیو ٹی او کی میٹنگ میں چاول کے کاشتکاروں کو دو سال تک سبسڈی جاری رکھنے کی اجازت دی گئی ہے۔ اس فیصلے نے پاکستان کو ایک اور پیچیدہ صورت حال میں ڈال دیا ہے جو ڈبلیو ٹی او کی وجہ سے نہیں بلکہ آئی ایم ایف کی وجہ سے ہے جس سے کیے گئے امدادی معاہدے کے تحت پاکستان اپنے کسانوں اور تاجروں کو مراعات نہیں فراہم کرسکتا جبکہ ہندوستان ایسا کرکے پاکستانی چاول کی برآمدات کو نقصان پہنچائے گا۔ چاول برآمد کے ایک اور پہلو پر فیصل آباد یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے اجاگر کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ چونکہ پاکستان میں فی کس پانی کی دستیابی 1,000 کیوسک فٹ کی سرخ لکیر پر پہنچ چکی ہے (جبکہ 1947 میں ہمارے پاس فی کس 5,000 کیوسک فٹ پانی دستیاب تھا) اس لیے ایسی فصلوں کی کاشت کی ضرورت ہے جس میں پانی کم استعمال ہو۔ اس حوالے سے انہوں نے کہا کہ پاکستان دو بلین ڈالر کا چاول برآمد کررہا ہے جبکہ ایک کلو پیداوار کے لیے 4,000 لیٹر پانی درکار ہوتا ہے!

- مندرجہ بالا بحث کے تانے بانے آخر میں جا کے ماحولیاتی خرابی اور موسمی تبدیلی کے معاملات سے جا ملتے ہیں۔ یہیں پر آ کر ہمیں ہر چیز کو اس کے خاص تناسب میں دیکھنے کا سلیقہ پیدا کرنا ہے اور مقامی، علاقائی اور عالمی سطح پر اس کا پائیدار حل تلاش کرنا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق پاکستانی معیشت کو ماحولیاتی خرابی سے سالانہ 74.2 بلین روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ پاکستان ان صف اول کے ممالک میں شامل ہے جو موسمی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ ان حالات میں ہمیں ہنگامی، بنیادی اور انقلابی تبدیلیاں لانی ہیں صرف سبز معیشت کے فروغ جیسے اقدام سے کام نہیں چلے گا اور نہ ہی ''کلائمٹ گرین فنڈ'' کی فراہمی کے مطالبہ پر اکتفا کیا جا سکتا ہے۔ اس حوالے سے اقوام متحدہ کے تجارت اور ترقی کے ادارے (UNCTAD) نے زراعت کے حوالے سے کچھ بنیادی سفارشات پیش کی ہیں جن میں سے کچھ یہ ہیں۔

- غریب ممالک کو گنی چنی فصلوں کے بجائے زیادہ سے زیادہ اقسام کی فصلیں کاشت کرنی چاہیے۔
- کیمیائی کھاد اور دیگر مداخل کا استعمال کم کرنا چاہیے۔
- چھوٹے کاشت کاروں کی بھرپور مدد کرنی چاہیے۔
- خوراک کی پیداوار کے لیے کھیت میں موجود مقامی وسائل کے استعمال پر توجہ مرکوز رکھنی چاہیے۔
- بڑھتی ہوئی دیہی غربت اور بھوک اور بڑھتے ہوئے ماحولیاتی مسائل کو اجتماعی بحران کا درجہ دینا چاہیے اور اس کے لیے دور رس اقدامات اٹھانے چاہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان میں زراعت کو تجارت کا پہیہ بنا کے صنعتی زراعت کے ذریعے زیادہ پیداوار پر جو زور ہے وہ ماحولیاتی تقاضوں کے بالکل برخلاف ہے۔ موسمی تبدیلی آج کی سب سے بڑی حقیقت ہے جس سے نمٹنے کے لیے موسمی انصاف کے نعرے کے ساتھ بیدار عوامی پیداواری طاقت اور قدرتی زرعی طریقے ہی پائیدار اور دیرپا تبدیلی لا سکتے ہیں۔

# الف۔ ملکی زرعی خبریں

## ا۔ زرعی مواد

### زمین

- زمینی قبضہ

کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی:

6 ستمبر: کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (CDA) نے 70 ارب روپے کی لاگت سے چینیوں کے لیے اکنامک زون بنانے کے لیے راولپنڈی کے 42 دیہاتوں سے 25 ہزار ایکڑ زمین کا حصول شروع کردیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان مسلم لیگ (ن) اور چینیوں کے معاہدے کے بعد سی ڈی اے نے وزیراعظم کی منظوری سے لمیٹڈ کمپنی ''پاکستان ایونیو ڈیولپمنٹ لمیٹڈ'' بنا کر راولپنڈی کے مضافات میں واقع صدیوں پرانے دیہاتوں سے زمین کا حصول شروع کردیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ CDA (سی ڈی اے) اس زمین کو منڈی کے دام سے 90 فیصد کم پر خریدنا چاہتی ہے۔ (دی نیوز، 7 ستمبر، صفحہ 1)

12 ستمبر: چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری نے ایگرو فارمز کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ سی ڈی اے نے کروڑوں روپے کے قیمتی پلاٹ زرعی فارموں کے نام پر امیروں کو گھر بنانے کے لیے دے دیے ہیں جبکہ غریب کے پاس سر چھپانے کے لیے ایک جھونپڑی بھی نہیں ہے۔ اٹارنی جنرل منیر اے ملک نے عدالت کو بتایا کہ 502 فارموں میں سے 500 کی لیز منسوخ کردی گئی ہے، صرف دو فارم باقی بچے ہیں۔ (دی نیوز، 13 ستمبر، صفحہ 12)

گوادر:

8 ستمبر: اپنے ایک مضمون میں سابق سینیٹر ثناء اللہ بلوچ نے کہا کہ گوادر کو کن شرائط پر چین کے حوالے کیا

گیا، یہ بات آج تک خفیہ ہے۔ ان کے مطابق چینیوں کی گوادر میں موجودگی صوبے میں فوجی دستوں کی تعداد میں مزید اضافہ کرے گی۔ (ثناء اللہ بلوچ، دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 ستمبر، صفحہ 6)

19 ستمبر: چین کے مغربی حصوں کو گوادر سے ملانے والے مجوزہ شاہراہ پاک چین موٹروے پر وفاقی حکومت صنعتی پارک اور اقتصادی زون بنانے کا منصوبہ بنارہی ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستانی حدود کے اندر دو ہزار کلو میٹر طویل شاہراہ پر ست، گلگت، ایبٹ آباد، لورالائی، کوہلو، ڈیرہ غازی خان، بھکر، راجن پور، کشمور، جیکب آباد، خضدار، بسیما، پنجگور، تربت اور گوادر کے مقامات پر صنعتی پارک اور تجارتی سامان کے اڈے (freight terminals) بنانے کی تجاویز دی گئی ہیں۔ (دی نیوز، 20 ستمبر، صفحہ 15)

کراچی:

17 ستمبر: سپریم کورٹ کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے سندھ حکومت کے محکمہ محصولات نے کراچی کا سیٹلائٹ سروے مکمل کرلیا ہے۔ سروے ونگ کے سربراہ سید ذوالفقار علی شاہ نے ''ایکسپریس ٹریبیون'' کو نتائج سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ کراچی پورٹ ٹرسٹ، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، ریلویز، پورٹ قاسم اور دیگر سرکاری و نجی اداروں نے شہر کی دس ہزار ایکڑ سے زائد زمین پر غیر قانونی قبضہ کیا ہوا ہے۔ انھوں نے کہا کہ کراچی پورٹ ٹرسٹ (KPT) نے 1300 ایکڑ جبکہ ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی (DHA) نے مرینا کلب سے متصل اربوں روپے مالیت کی 118 ایکڑ زمین پر قبضہ کیا ہوا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 ستمبر، صفحہ 13)

لاہور:

18 ستمبر: پنجاب حکومت دریائے راوی کے کنارے 70 ہزار ایکڑ رقبے پر ایک نیا شہر بسانے کا منصوبہ بنارہی ہے اور اس منصوبے کے قابل عمل ہونے کی رپورٹ (feasibility) کی تیاری کے لیے اس نے عالمی کمپنیوں کو دعوت دے دی ہے۔ ضلعی حکومت لاہور نے منصوبے کے لیے درکار زمین کے حصول کے

لیے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے اور دریائے راوی کے دونوں کناروں پر زمینوں کی خرید وفروخت پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ متاثرین کو قریبی علاقوں میں منتقل کیا جائے گا یا انھیں منڈی کے دام کے مطابق زمین کا معاوضہ دیا جائے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 19 ستمبر، صفحہ 3)

زرعی اراضی کی فروخت:

14 ستمبر: ایک خبر کے مطابق آرمی چیف جنرل اشفاق پرویز کیانی نے نومبر میں اپنی ریٹائرمنٹ سے چند ماہ قبل حاضر سروس، ریٹائرڈ فوجی افسران اور ان کی بیواؤں کو زرعی اراضی کی فروخت کے منصوبے کی منظوری دی ہے۔ کرنل (ر) محمد سجاد کے مطابق آرمی حکام ایسے منصوبے وفاقی حکومت کی منظوری سے متعارف کرواتے ہیں جن کے تحت آرمی افسران واجبی قیمت ادا کرکے زرعی زمینیں حاصل کرسکتے ہیں۔ اگرکسی زمین کی منڈی میں قیمت ایک کروڑ روپے ہے تو وہ اس رعایت کے تحت اسے دس لاکھ سے بھی کم میں حاصل کرسکتے ہیں۔ (ڈان، 15 ستمبر، صفحہ 3)

- زمینی اصلاحات

9 اکتوبر: کراچی میں زمینی اصلاحات کی صورت حال پر ایک ورک شاپ سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ملک کی 64 فیصد زرعی اراضی صرف 5 فیصد زمینداروں کے قبضے میں ہے جبکہ 50.8 فیصد دیہی گھرانوں کے پاس کوئی زرعی زمین نہیں ہے اور 65 فیصد چھوٹے کسان صرف 15 فیصد زرعی زمین کے مالک ہیں۔ مقررین کا کہنا تھا کہ غربت اور غذائی تحفظ کے مسائل کا تعلق زمین سے ہے اس لیے ملک میں زمینی اور زرعی اصلاحات کیے جانے چاہئیں۔ (ڈان، 10 اکتوبر، صفحہ 18)

24 اکتوبر: سپریم کورٹ میں ورکرز پارٹی پاکستان (WPP) کی جانب سے عابد حسن منٹو کی زمینی اصلاحات کے لیے دائر درخواست کی مخالفت میں پنجاب کے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل حنیف کھٹانہ نے اپنی حکومت کا جواب پیش کردیا، باقی صوبوں کو ابھی اپنا اپنا جواب جمع کروانا باقی ہے۔ (ڈان، 23 اکتوبر، صفحہ 14)

7 نومبر: زمینی اصلاحات پر ایک سیمینار سے کراچی میں خطاب کرتے ہوئے بلوچستان کی حکومت کے مشیر ڈاکٹر قیصر بنگالی نے کہا کہ جاگیرداری نظام سندھ اور بلوچستان میں اپنی بدترین شکل میں موجود ہے جب کہ پنجاب اور صوبہ خیبر پختوں خواہ میں صورت حال بہتر ہے۔ انھوں نے یہ بھی واضح کیا کہ نظام میں اصلاح پر کوئی بحث نہیں ہونی چاہیے۔ ہمیں اس نظام کو ہمیشہ کے لیے ختم کرنا چاہیے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 نومبر، صفحہ 4)

17 نومبر: زمینی اصلاحات پر ایک تفصیلی مضمون میں اس بات کو واضع کیا گیا کہ خون چوسنے والے جاگیرداروں سے زمین لے کر محنت کرنے والے چھوٹے کسانوں میں تقسیم کرنے سے ہی غربت میں کمی اور برابری پر مبنی ماحول سے زرعی شعبے کو زیادہ فعال کیا جا سکتا ہے۔ (محمد علی جان، دی نیوز، صفحہ ۱، پولیٹکل ایکانومی)

28 دسمبر: سنیٹر میر حاسل خان بزنجو نے عوامی پارٹی اور نیشنل پارٹی کے الحاق کا اعلاان کرتے ہوئے بلوچستان میں بڑے پیمانے پر زمینی اصلاحات کا مطالبہ کیا۔ انھوں کے کہا کہ سرداری نظام (جاگیراری نظام) ختم کر کے زرعی ٹیکس کا نظام نافذ کرنا بلوچستان کی ترقی کے لیے بہت ضروری ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 29 دسمبر، صفحہ 9)

- زمین کا معاوضہ

30 اکتوبر: گلگت بلتستان کی حکومت نے ایک مشاورتی کمیٹی بنالی ہے ان متاثرین کو رقوم کی ادائیگی کے لیے جو بھاشا ڈیم کی وجہ سے اپنے زمین سے بے دخل کیے گئے ہیں۔ (ڈان، 31 اکتوبر، صفحہ 5)

6 نومبر: گلگت بلتستان کی حکومت نے 17,000 ایکٹر سرکاری زمین واٹر اینڈ پاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی (WAPDA) کو منتقل کردی۔ WAPDA (واپڈا) کے چیئرمین راغب عباس شاہ نے کہا کہ حکومت گلگت

بلتستان کو 5.5 بلین روپے فراہم کیے گئے ہیں تا کہ وہ لوگ جن سے زمین حاصل کی گئی ہے کہیں اورنجی زمین خرید سکیں۔ (ڈان، 7 نومبر، صفحہ 2)

24 نومبر: دیامیر ضلع کے مکینوں نے واپڈا سے کہا ہے کہ وہ بھاشا ڈیم کے لیے حاصل کی جانے والی زمین کی قیمت کے ریٹ کو بڑھائے۔ بڑھتے ہوئے افراط زر کی وجہ سے سالوں پہلے اس حوالے سے کیے گئے معاہدوں پر اب نظرثانی کی ضرورت ہے۔ (ڈان، 25 نومبر، صفحہ 5)

- زمین کی بحالی

27 دسمبر: پنجاب ایگری کلچر کے محکمے کے ماہرین نے ملتان میں کسانوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے روایتی طریقوں سے تھور زدہ زمین کو زیر کاشت لاتے ہوئے زیر کاشت علاقے اور زرعی پیداوار کو بڑھائیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 دسمبر، صفحہ 11)

- لینڈ ریکارڈ کمپیوٹرائزیشن

8 دسمبر: لاہور میں لینڈ ریکارڈ کمپیوٹرائزیشن کے حوالے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے کہا کہ 2014 کے آخر تک زمین کے ریکارڈ کو کمپیوٹرائز کر دیا جائیگا۔ انھوں نے کہا کہ وہ اب تحصیلدار اور پٹواری کلچر کو ختم کر دینگے۔ (دی نیوز، 9 دسمبر، صفحہ 12)

- زرعی ٹیکس

11 نومبر: فارمرز ایسوسی ایٹس پاکستان (FAP) کے صدر طارق بچہ نے لاہور میں ایک پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ زراعت اور مال مویشی کے شعبے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے تحت زرعی آمدنی پر ٹیکس دینے کو تیار ہیں لیکن اس کے ساتھ حکومت کو وہ ٹیکس چھوٹ بھی زرعی شعبے کو دینی ہوگی جو دیگر شعبوں کو دی جاتی ہے۔ ان کے مطابق کوئی بھی شعبہ اپنے مداخل پر جنرل سیلز ٹیکس (GST) نہیں ادا کرتا جبکہ کسان

ڈیزل، بجلی اور فرٹیلائزر پر بھاری جنرل سیلز ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ ان چیزوں کی مہنگائی کی وجہ سے کسان اب اپنی زمینیں بیچنے پر مجبور ہو رہے۔ طارق بچہ نے یہ بھی بتایا کہ 2001 کے حکومتی اعداد و شمار کے مطابق صرف 5,170 لوگ ایسے ہیں جو 50 ایکڑ سے زیادہ زمین کے مالک ہیں۔ زمین کے بٹوارے کے بعد 2007 سے ایسے افراد صرف 3,000 کے قریب ہونگے، اگر یہ ٹیکس نہ ادا کریں تو یہ اتنی بڑی بات نہ ہوگی۔ دوسری طرف لائیو اسٹاک اینڈ بریڈرز کی تنظیم کے صدر حامد ملہی نے کہا کہ جن کسانوں کے پاس 25 جانور ہیں ان پر حکومت ٹیکس لگائے۔ اگر 100 روپے فی جانور بھی ٹیکس لگایا جائے تو یہ اچھی خاصی رقم ہوگی لیکن ٹیکس کی 40 فیصد رقم دیہی آبادی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے پر خرچ کرنی ہوگی۔ (ڈان، 12 نومبر، صفحہ 2)

- جبری مشقت

17 ستمبر: ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (HRCP) کے چیئرمین آئی اے رحمان کا کہنا ہے کہ پنجاب کی طرح سندھ کو بھی جبری مشقت کے خلاف قانون سازی کرنی چاہیے کیوں کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد اب ہر صوبے کو جبری مشقت کے خلاف اپنا قانون بنانا ہے۔ انھوں نے کہا کہ دونوں صوبوں میں جبری مشقت کی نوعیت الگ ہے، پنجاب میں بھٹہ مزدوروں سے جبری مشقت لی جاتی ہے جبکہ سندھ میں کھیتوں میں زبردستی مزدوری کرائی جاتی ہے۔ ان کے مطابق سندھ میں جبری مشقت کے شکار افراد کی اکثریت کا غیر مسلم ہونا انھیں مزید غیر محفوظ بناتا ہے۔ پاکستان میں 1992 میں جبری مشقت کے خلاف قانون منظور ہوا تھا۔ (دی نیوز، 18 ستمبر، صفحہ 14)

18 اکتوبر: گلوبل سلیوری انڈکس (Global Slavery Index) جو آسٹریلیا میں ترتیب دی گئی کہ مطابق پاکستان جدید دور کی غلامی کے اعتبار سے تیسرے نمبر پر آتا ہے۔ موریتانیہ اور ہیٹی پاکستان سے آگے ہیں جبکہ بھارت چوتھے نمبر پر ہے۔ پاکستان اور بھارت میں دنیا کے آدھے سے زیادہ غلاموں کی تعداد پائی جاتی ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے حساب سے 1.8 ملین پاکستانی جبری مشقت کررہے ہیں۔ (دی

ایکسپریس ٹریبیون، 19 اکتوبر، صفحہ 9)

13 نومبر: میر پور خاص کی سیشن جج کی ہدایت پر میہر ہندو خاندان کے سات جبری مزدوروں کو پولیس نے زمیندار کے قبضے سے بازیاب کرایا۔ (ڈان، 14 نومبر، صفحہ 18)

20 نومبر: بچوں کے حقوق کے عالمی دن کے موقع پر کراچی میں سوسائٹی فار دی پروٹیکشن آف دی رائٹس آف دی چائلڈ (SPARC) نے ایکشن ایڈ اور یورپی یونین کے تعاون سے کراچی میں ایک پروگرام منعقد کیا جس میں کہا گیا کہ مزارعین اور جبری مشقت کے حوالے سے قوانین پر عمل درآمد نہیں ہو رہا۔ ان قوانین میں ضروری ترامیم کی اب سخت ضرورت ہے۔ (ڈان، 21 نومبر، صفحہ 15)

کسان عورت:

2 اکتوبر: لاہور میں منعقدہ ایک عالمی کانفرنس میں زراعت کے شعبے میں عورتوں کی شمولیت کے حوالے سے مقررین کا کہنا تھا کہ بعض ممالک میں زمین کی ملکیت سے محرومی، زرعی مداخل تک رسائی نہ ہونا، ناکافی رقم اور فیصلہ سازی کے حق سے محرومی عورتوں کی راہ کی بڑی رکاوٹیں ہیں۔ مقررین نے مزید کہا کہ ایشیاء میں دستیاب کھیت مزدوروں کی 50 سے 60 فیصد، افریقہ میں 70 سے 80 فیصد اور لاطینی امریکہ میں 40 سے 45 فیصد تعداد عورتوں پر مشتمل ہے۔ (دی نیوز، 3 اکتوبر، صفحہ 15)

31 اکتوبر: دیہی عورت کے عالمی دن کے موقع پر اسلام آباد میں لوک ورسا کی دو روزہ کانفرنس میں مقررین نے یہ بات واضح کی کہ دیہی علاقوں میں 79 فیصد عورتیں زراعت کا کام کرتی ہیں لیکن آمدنی میں ان کا حصہ صرف 20.8 فیصد ہے۔ (ڈان، 1 نومبر، صفحہ 4)

1 نومبر: حیدرآباد میں سندھ کمیونٹی فاؤنڈیشن کے دفتر میں کسان عورتیں خصوصاً کپاس چنائی کرنے والی

عورتوں کے مسائل پر گفتگو کے بعد یہ مطالبہ پیش کیا گیا کہ حکومت قانون سازی کر کے کپاس چننے والی کسان عورتوں اور زرعی مزدوروں کو مزدور تسلیم کرے۔ (ڈان، 2 نومبر، صفحہ 18)

21 نومبر: کسان رہنماؤں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے حیدرآباد میں انسٹیٹیوٹ آف سوشل چینج اور ایکشن ایڈ پاکستان کے ایک سیمینار میں زمینی اصلاحات پر زور دیتے ہوئے مطالبہ پیش کیا کہ سندھ حکومت 30,000 ایکڑ زمین ہاری عورتوں میں تقسیم کرنے کا تیسرا دور جلد شروع کرے۔ (ڈان، 22 نومبر، صفحہ 18)

14 دسمبر: ایک غیر سرکاری تنظیم شرکت گاہ کی ٹھٹھہ، بے نظیر آباد اور سکھر کے اضلاع میں ایک تحقیق باعنوان ''جہاں زمین ہے وہاں امید ہے''، کے مطابق 2008 میں سندھ حکومت کی طرف سے بے زمین عورتوں میں زمین تقسیم کی گئی تھی۔ اس کے اثرات میں سے ایک اثر یہ ہے کہ ان گھرانوں میں جہاں عورتوں کو زمین ملی عورت پر گھریلو تشدد میں کمی آئی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 دسمبر، صفحہ 14)

ظلم و تشدد:

28 ستمبر: جڑانوالہ کے ایک گاؤں میں دو زمینداروں نے ایک تیرہ سالہ لڑکے پر کتے چھوڑ دیے۔ کتوں نے اس کے جسم کو کئی جگہ سے کاٹا تاہم اس کی چیخیں سن کر اہلِ علاقہ مدد کو پہنچے اور اسے مقامی اسپتال منتقل کیا۔ تیرہ سالہ شان کے باپ نے بتایا کہ اس کا بیٹا اپنی بکریوں کے ساتھ زمینداروں کے کھیتوں میں گھس گیا تھا جس پر مشتعل ہو کر انھوں نے اس پر کتے چھوڑ دیے۔ (ڈان، 29 ستمبر، صفحہ 7)

# پانی

- پانی کی کمی

1 ستمبر: ایک خبر کے مطابق کلری بگھار فیڈر-1 (کے بی فیڈر-1) پر نہر میں پانی کی گنجائش میں اضافے کے منصوبے کی تکمیل میں مزید تاخیر کی گئی تو کراچی کے شہریوں کو پینے کے پانی کی فراہمی کے منصوبے

کے تھری (K-III) اور ٹھٹھہ کے شہریوں کو آبپاشی کے پانی کی معمول کی فراہمی میں رکاوٹ پیش آئے گی۔ ٹھٹھہ کے زرعی ماہرین اور مقامی کسانوں کو شکایت ہے کہ کراچی کو موجودہ کے تھری منصوبے کے ذریعے پانی کی فراہمی کی وجہ سے رواں سال میں ضلع ٹھٹھہ کی دو لاکھ ایکڑ سے زائد زرعی زمین سیراب نہ ہوسکی۔ ان کا کہنا تھا کہ کراچی کو اضافی 1200 کیوسک پانی کی فراہمی کے نئے منصوبے کے فور (K-IV) پر عمل کیا گیا تو ٹھٹھہ کی زرخیز زرعی زمینیں بنجر ہوجائیں گی۔ (ڈان، 2 ستمبر، صفحہ 16)

12 ستمبر: سابق وزیر خزانہ اور عالمی بینک کے نائب صدر شاہد جاوید برکی نے کہا ہے کہ پانی کو تجارتی شئے سمجھنے کے بجائے ایک بنیادی ضرورت سمجھنا چاہیے۔ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ قیام پاکستان سے لے کر اب تک شہری علاقوں کی آبادی تیس گنا بڑھنے سے وہاں پانی کی طلب میں انتہائی تیزی سے اضافہ ہورہا ہے، اگر اس بڑھتی ہوئی طلب کو کم نہ کیا گیا تو ملکی زراعت بری طرح متاثر ہوگی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 ستمبر، صفحہ 5)

24 ستمبر: تھر ناکافی اور کم بارشوں کی وجہ سے شدید خشک سالی کی لپیٹ میں ہے۔ برساتی تالاب خشک ہونے کے بعد تھر کے باسی اپنے اور مویشیوں کے لیے پینے کا پانی انتہائی مہنگے داموں خریدنے پر مجبور ہیں۔ بارشیں نہ ہونے کے سبب چارہ اگنا بند ہوگیا ہے جس کے بعد جانور زہریلے پودے کھا کر بیمار ہو رہے ہیں یا بھوک سے مر رہے ہیں۔ ایک مقامی این جی او کے مطابق ضلع عمر کوٹ میں 14 فیصد مال مویشی خشک سالی کے باعث مر چکے ہیں۔ (ڈان، 25 ستمبر، صفحہ 18)

25 ستمبر: انڈس ریور سسٹم اتھارٹی (IRSA) نے کہا ہے کہ یکم اکتوبر سے شروع ہونے والے موسم ربیع کے دوران ملک میں آب پاشی کے پانی کی قلت 17 فیصد تک ہوگی۔ (ڈان، 26 ستمبر، صفحہ 3)

3 اکتوبر: ضلع بدین کے دوسو سے زائد دیہاتوں کے کسانوں نے سپریم کورٹ کے انسانی حقوق کے سیل

میں درخواست دائر کی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ بااثر وڈیرے نہروں اور نالوں سے غیر قانونی کنکشن حاصل کر کے آخری سرے کے کاشت کاروں کی زمینوں کو بنجر بنا رہے ہیں۔ درخواست میں الزام لگایا گیا کہ وزیر اعلیٰ نے صرف نصیر کینال سے ہی 16 براہ راست کنکشن فراہم کرنے کے احکامات دیے۔ درخواست کے مطابق پانی کی اس چوری کی وجہ سے اب تک 66 ہزار 750 ایکڑ زرعی اراضی بنجر بن چکی ہے اور 90 ہزار افراد پینے کے پانی سے محروم ہو چکے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 اکتوبر، صفحہ 3)

17 نومبر: ایک خبر کے مطابق میرپور خاص، بدین، ٹھٹھ کے کسان اور کاشتکار لیفٹ بینک آؤٹ فال ڈرین (LBOD) کے آخری سرے میں کئی جگہ سے دراڑ ڈال کر اپنی زمینوں کے لیے پانی حاصل کر رہے ہیں۔ ایک کسان کے مطابق سوائے اس کے ہمارے پاس کوئی اور راستہ ہی نہیں رہ گیا ہے۔ (ڈان، 15 نومبر، صفحہ 16)

25 نومبر: قومی اسمبلی کی پانی اور بجلی پر اسٹینڈنگ کمیٹی میں خطاب کرتے ہوئے پانی اور بجلی کے سیکریٹری سیف اللہ نے کہا کہ اگر پانی کو ذخیرہ کرنے اور بچانے کی فوری تدابیر نہیں کی گئیں تو ملک میں پانی کی آہستہ آہستہ ہونے والی کمی 2025 تک خشک سالی میں تبدیل ہو جائے گی۔ (ڈان، 26 نومبر، صفحہ 3)

2 دسمبر: ملک میں پانی کی قلت سے نمٹنے کے لیے سینٹ میں متفقہ طور پر ایک کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے وزیر خزانہ محسن لغاری نے کہا کہ بدقسمتی سے ملک میں پچھلے 25-20 سالوں سے پانی کے مسئلے کی طرف بالکل توجہ نہیں دی جا رہی۔ سالانہ 0.2 ملین بچے پانی کے ذریعے پیدا ہونے والی بیماریوں سے ہلاک ہوتے ہیں۔ 20 سال قبل بلوچستان میں پانی کی سطح 60 فٹ گہری تھی اب 1,100 فٹ سے بھی زیادہ سطح پر پانی ہے۔ (دی نیوز، 3 دسمبر، صفحہ 1)

4 دسمبر: کراچی میں جسار فاؤنڈیشن نے پانی پر ایک کانفرنس کا انعقاد کیا۔ شرکاء نے وقت کے ساتھ آبادی

بڑھنے سے پانی پر دباؤ کی وجہ سے مستقبل میں ملک کے اندر اور باہر تنازعات جنم لے سکتے ہیں۔ این ای ڈی یونیورسٹی کے شعبہ آرکیٹیکچر کے پروفیسر نعمان احمد نے کہا کہ پانی کے تمام منصوبوں پر موسمی تبدیلی کے پیش نظر احتیاط سے کام لیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کو ایسا جامع قانون بنانا چاہیے جس میں پانی کے حقوق، اس کا استعمال، مراعات، قدر، تحفظ اور قیمتوں کے تعین کے متعلق تفصیلات ہوں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 5 دسمبر، صفحہ 11)

- آب پاشی کا محکمہ

8 ستمبر: سندھ آبادگار بورڈ نے سندھ اری گیشن اینڈ ڈرینیج اتھارٹی (SIDA) کو صوبائی محکمہ آبپاشی کی ''تباہی'' کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے اسے ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ بورڈ کے چیئرمین عبدالمجید نظامانی نے حیرانی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دوسرے صوبوں کے برعکس سندھ میں ایسا ادارہ کیوں بنایا گیا ہے۔ (ڈان، 9 ستمبر، صفحہ 16)

13 نومبر: سندھ کی حکومت نے چھ سالہ ''سندھ اریگیٹیڈ ایگری کلچرل پروڈکٹیویٹی پروجیکٹ'' (SIAPP) شروع کرنے کے فیصلے کا اعلان کردیا ہے۔ 237 ملین ڈالرز کے منصوبے میں عالمی بینک کے انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ ایسوسی ایشن (IDA) سے 174 ملین ڈالرز حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ اس منصوبے کے تحت صوبے کے آبپاشی کے نظام کو مختلف طریقوں سے ٹھیک کرکے زرعی پیداوار بڑھائی جائے گی۔ اس میں 6,000 کے قریب پانی کی گزرگاہوں کو پکا کرنے کے علاوہ ہوٹیکلچر، فلوریکلچر وغیرہ کے لیے ڈرپ، ببلر اور اسپرنکلر طریقوں کو فروغ دیا جائے گا۔ اس نظام میں پانچ سے 25 ایکڑ زمین پر ڈرپ طریقہ کار کو بڑھایا جائے گا جبکہ پانی کے اس منصوبے کا سب سے زیادہ فائدہ سبزی، نقدآور فصلوں، پھلوں کے باغات اور دیگر زیادہ قدر رکھنے والی فصلوں کو ملے گا۔ (ڈان، 14 نومبر، صفحہ 9)

8 دسمبر: حکومت پنجاب، ایشین ڈیولپمنٹ بینک (ADB)، عالمی بینک اور جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی

(JICA) کے ساتھ مل کر آبپاشی اور زراعت کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ اس حوالے سے ADB (اے ڈی بی) کے 200 ملین ڈالرز کے قرضے کی منظوری سے پہلے ٹریمو اور پنجند بیراجوں کے منصوبوں کا جائزہ لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ان منصوبوں سے جھنگ، مظفرگڑھ، لودھراں، بہاولپور، وہاڑی اور رحیم یار خان میں 1.74 ہیکٹرز پر زرعی زمین کو پانی کی فراہمی سے فائدہ پہنچے گا۔ (ڈان، 9 دسمبر، صفحہ 3)

16 دسمبر: SIDA (سیڈا) کی 41 ویں میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے سندھ کے وزیر اعلیٰ سید قائم علی شاہ نے ادارے کی تنظیم نو پر زور دیا تاکہ یہ ادارہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے کاشتکاروں کی امیدوں پر پورا اتر سکے۔ (دی نیوز، 17 دسمبر، صفحہ 20)

22 دسمبر: IRSA (ارسا) کے وفاقی ممبر کا عہدہ اکتوبر 2010 سے خالی ہے۔ سندھ ہائی کورٹ نے کچھ دن پہلے وفاقی حکومت کو اس حوالے سے اپنے اختیار کو استعمال کرنے سے رکوا دیا ہے۔ وفاقی حکومت نے اس صورت حال میں وفاقی ممبر کو فاٹا سے لینے کی راہ نکالی لیکن اس پر بھی سندھ کی طرف سے شدید مخالفت کا سامنا ہے۔ ارسا کے چیئرمین نے پانی اور بجلی کے وزیر سے کہا ہے کہ اس مسئلے پر اتھارٹی 26 دسمبر کو کسی حتمی نتیجے پر پہنچنے کی کوشش کرے گی۔ (ڈان، 23 دسمبر، صفحہ 1)

پانی پر ٹیکس:

27 دسمبر: جھڈو تعلقہ ضلع میرپور خاص کی راہیلہ اصغر آرائیں وہ پہلی کسان عورت ہیں جن کو فارمرز آرگنائزیشن (FO) کا چیئر پرسن مقرر کردیا گیا ہے۔ اگلے چار سالوں میں ان کا کام اپنے علاقے کے 375 کاشتکاروں کے درمیان پانی کو برابر سے تقسیم کروانا اور پانی کی ٹیکس کو ان سے وصول کرنا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 دسمبر، صفحہ 1)

پانی کی تقسیم:

3 ستمبر: منگلا ڈیم میں پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش میں اضافے کے بعد ارسا صوبوں میں پانی کی تقسیم کے نظام کو تبدیل کرنے پر غور کر رہی ہے۔ نئے نظام کے تحت پنجاب کو اس کے پانی کا حصہ جہلم زون (منگلا ڈیم) سے دیا جائے گا اور باقی تینوں صوبوں کو ان کا حصہ انڈس زون (تربیلا ڈیم اور دیگر آبی ذخائر) سے دیا جائے گا۔ ارسا نے اس سلسلے میں صوبوں، واپڈا اور ڈیموں کی انتظامیہ سے مشاورت شروع کر دی ہے۔ (ڈان، 4 ستمبر، صفحہ 14)

14 ستمبر: سندھ چیمبر آف ایگری کلچر (SCA) نے ارسا کی جانب سے صوبوں میں پانی کی تقسیم کے نئے مجوزہ نظام پر اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسی کسی تجویز کو پیش کرنے سے پہلے اصل فریق (کسانوں) کو اعتماد میں لیا جانا چاہیے تھا۔ SCA (ایس سی اے) ممبران نے ایک اجلاس میں کہا کہ موجودہ حالات میں آبی تقسیم کا نیا نظام صوبوں کے مابین بدگمانیوں کو مزید بڑھائے گا۔ (ڈان، 15 ستمبر، صفحہ 20)

- پن بجلی/ڈیم

14 نومبر: واپڈا کے ذرائع کے مطابق 14-2013 کے مالیاتی سال کے لیے حکومت نے ڈیم اور پانی کے ذخائر کے تعمیر کے لیے 2,076 ملین روپے خرچ کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ (دی نیوز، 15 نومبر، صفحہ 9)

21 دسمبر: ایک خبر کے مطابق اگلے پانچ سالوں میں نئے پن بجلی منصوبوں کی وجہ سے خیبر پختون خواہ کی حکومت کی پن بجلی سے حاصل آمدنی 2018 تک 30 بلین روپے ہو جائے گی۔ (ڈان، 15 دسمبر، صفحہ 20)

نیلم۔جہلم پن بجلی گھر:

24 ستمبر: ایک خبر کے مطابق نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (NTDC) نے نیلم جہلم منصوبے کی ٹرانسمیشن

لائن کا ٹھیکہ کم بولی لگانے والے کے بجائے اس سے 89 فیصد زیادہ بولی لگانے والے ٹھیکے دار کو دے دیا ہے۔ اس کے علاوہ ٹھیکہ جس قیمت پر دیا گیا ہے وہ منظور شدہ رقم سے 60 فیصد زیادہ ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق قواعد وضوابط کی سنگین خلاف ورزی پر مبنی یہ فیصلہ سیاسی اور انتظامی دباؤ پر کیا گیا ہے۔ (ڈان، 25 ستمبر، صفحہ 2)

26 ستمبر: سعودی عرب کا عالمی امدادی ادارہ سعودی فنڈ فار ڈیولپمنٹ (SFD) پاکستان کو نیلم جہلم پن بجلی منصوبے کے لیے دس کروڑ ڈالرز قرضہ اور سماجی شعبے بالخصوص صحت اور تعلیم کے لیے دس کروڑ ڈالرز کا عطیہ دے گا۔ اس بات کا اعلان اسلام آباد میں دونوں ممالک کے اعلیٰ حکام نے اس حوالے سے معاہدے پر دستخط کے دوران کیا۔ سعودی امدادی ادارہ اس سے قبل بھی نیلم جہلم منصوبے کے لیے آٹھ کروڑ دس لاکھ ڈالرز کا قرضہ دے چکا ہے۔ (ڈان، 27 ستمبر، صفحہ 9)

1 اکتوبر: نیلم جہلم پن بجلی گھر کی تعمیر کا کام تیز کرنے کے لیے واپڈا نے کم عرصے کے بونڈز کے ذریعے 9.3 بلین روپے اکٹھے کرلیے ہیں۔ یاد رہے کہ وزیراعظم نواز شریف نے 2015 تک یہ منصوبہ مکمل کرنے کا حکم دے رکھا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 اکتوبر، صفحہ 11)

24 اکتوبر: NTDC (این ٹی ڈی سی) نے نیلم جہلم منصوبے کے تخمینے میں نو ہفتوں کے اندر 25 فیصد کا اضافہ کردیا۔ (ڈان، 25 اکتوبر، صفحہ 2)

1 نومبر: ایک مضمون کے مطابق ابھی حکومت نندی پور منصوبے میں بدعنوانی کی رپورٹ کو چھپانے کی کوشش میں ہی تھی (جس کی وجہ سے منصوبے کی قیمت میں 157 فیصد اضافہ ہوگیا ہے) کہ نیلم جہلم میں بجلی کی ترسیل کا معاہدہ طے کرنے میں بے ضابطگیوں کی کہانی سامنے آئی ہے۔ چینی کمپنی چائنا گیز ہوبا گروپ کمپنی (CGGCL) جو اس منصوبے کو دسمبر 2015 تک مکمل کرنے کا کام کررہی ہے کو بجلی کی ترسیل

کے کام کا معاہدہ قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے دے دیا گیا ہے۔ کمپنی نے پی سی 1 (PC-1) کی منظور شدہ قیمت سے تقریباً 20 فیصد زیادہ قیمت پر یہ معاہدہ کیا ہے۔ پی سی 1 کی منظور شدہ قیمت 12,969.35 ملین روپے جبکہ چینی کمپنی کی قیمت 22.5 بلین روپے ہے۔ (خالد مصطفیٰ، دی نیوز، 1 نومبر، صفحہ 2)

3 دسمبر: پانی و بجلی کے وزیر عابد علی شیر نے آزاد جموں و کشمیر میں 969 میگاواٹ پن بجلی پیدا کرنے کے نیلم جہلم منصوبے کے دورے کے دوران بتایا کہ یہ منصوبہ 2015 کے آخر تک مکمل ہوجائے گا اور 5.15 بلین یونٹ سستی اور ماحول دوست بجلی پیدا کرے گا۔ اس کا سالانہ منافع 50 بلین روپے بتایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ داسو اور دیامیر بھاشا ڈیم کا منصوبہ ایک ساتھ شروع کردیا جائے گا۔ ان منصوبوں سے 5,000 میگاواٹ بجلی پیدا کی جائے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 دسمبر، صفحہ 10)

23 دسمبر: ایک خبر کے مطابق چین کا ایکسپورٹ امپورٹ بینک جنوری 2014 سے نیلم جہلم پن بجلی منصوبے کے لیے 448 ملین ڈالرز کا قرضہ فراہم کرے گا۔ (دی نیوز، 21 دسمبر، صفحہ 2)

منگلا ڈیم:

2 ستمبر: منگلا ڈیم 7.4 ملین ایکڑ فٹ (MAF) پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت حاصل کرنے کے بعد اب ملک کا سب سے بڑا آبی ذخیرہ بن گیا ہے اور اس کی عمر دوسو سال ہوگی۔ منگلا ڈیم آرگنائزیشن (MDO) کے ترجمان نے بتایا کہ منگلا ڈیم میں پانی کی سطح کی بلندی کے منصوبے کی تکمیل سے پہلے 24 اگست 2013 تک یہ اعزاز 6.58 ایم اے ایف پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت کے حامل تربیلا ڈیم کے پاس تھا۔ (دی نیوز، 3 ستمبر، صفحہ 12)

17 ستمبر: ایک خبر کے مطابق منگلا ڈیم کی پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں اضافے کے بعد امید کی

جارہی ہے کہ یکم اکتوبر سے شروع ہونے والے موسم ربیع میں کئی دہائیوں کے بعد پورے ملک میں آب پاشی کے پانی کی قلت نہیں ہوگی۔ (دی نیوز، 18 ستمبر، صفحہ 15)

تربیلا ڈیم:

9 ستمبر: تربیلا ڈیم کے چوتھے توسیعی منصوبے کے کام کے لیے واپڈا نے چینی کمپنی سائنو ہائیڈرو کے ساتھ 26.05 ارب روپے کا معاہدہ کیا ہے۔ 1410 میگاواٹ کے اس منصوبے کی تکمیل کے بعد تربیلا بجلی گھر کی پیداواری صلاحیت 4888 میگاواٹ ہو جائے گی۔ عالمی بینک اس منصوبے کے لیے 84 کروڑ ڈالرز دینے پر راضی ہوگیا ہے۔ (ڈان، 10 ستمبر، صفحہ 3)

بھاشا ڈیم:

9 ستمبر: وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ دیامیر بھاشا ڈیم کی تعمیر میں مزید تاخیر ملک کے مستقبل کے خلاف ایک ''مجرمانہ قدم'' ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈیم تعمیر نہ ہونے کی صورت میں اگلے دس سال میں رواں بحران سے بڑا توانائی کا بحران آئے گا اور پانی کی قلت ملک کی زرعی معیشت کے تمام حصوں کو نقصان پہنچائے گی۔ (ڈان، 10 ستمبر، صفحہ 14)

10 ستمبر: وزارت پانی و بجلی نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے اکنامک افیئرز ڈویژن کے ذریعے عالمی بینک سے دیامیر بھاشا ڈیم کے لیے 14 ارب ڈالرز اور داسو ڈیم کے لیے چھ ارب ڈالرز قرضوں کی درخواست کی ہے۔ اکنامک افیئرز ڈویژن کے ترجمان نے اس کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ عالمی بینک سے ان منصوبوں کے بارے میں بات چیت ضرور کی گئی ہے تاہم قرضوں کے لیے کوئی باضابطہ درخواست نہیں دی گئی۔ (ڈان، 11 ستمبر، صفحہ 14)

14 ستمبر: عالمی بینک کی خواہش ہے کہ پاکستان بھاشا ڈیم سے پہلے داسو ڈیم بنائے اور وہ داسو ڈیم کے

لیے قرضہ دینے کو بھی تیار ہے لیکن حکومت پاکستان دونوں کی تعمیر کا کام ایک ساتھ شروع کرنا چاہتی ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ حکومتوں کو دو ڈیموں میں سے ایک کا انتخاب کرنا پڑا تو وہ بھاشا ڈیم کا کرے گی کیوں کہ وہ آبی ذخیرے اور بجلی کی پیداوار دونوں کا کام دے گا۔ (دی نیوز، 15 ستمبر، صفحہ 9)

18 ستمبر: سابق سیکرٹری پانی و بجلی ڈاکٹر گلفراز احمد نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دیامیر بھاشا ڈیم کے قابل عمل ہونے کی نئی تحقیق (feasibility study) کی ضرورت ہے جس کے لیے مالی مدد امریکی عالمی امدادی ادارہ (USAID) فراہم کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ پرانی رپورٹ اتنی موثر نہیں تھی کہ وہ عالمی ڈونرز اور مالیاتی اداروں کو قائل کر سکے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 19 ستمبر، صفحہ 10)

2 اکتوبر: گلگت بلتستان میں زیر تعمیر دیامیر بھاشا ڈیم کے تعمیراتی کام کی نگرانی کے ٹھیکے کے حصول کے لیے امریکہ، برطانیہ اور جرمنی کے تین گروپوں (consortiums) نے اپنی اپنی تجاویز جمع کروادی ہیں۔ (دی نیوز، 2 اکتوبر، صفحہ 3)

5 نومبر: ایک خبر کے مطابق پاکستان کی حکومت نے دیامیر بھاشا ڈیم کو پس پشت ڈال کی عالمی بینک سے داسو پن بجلی منصوبے کے لیے 7.5 بلین ڈالرز کی رقم طلب کی ہے۔ اس حوالے سے آج کل عالمی بینک کا ایک مشن اسلام آباد کے دورے پر ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 6 نومبر، صفحہ 10)

12 دسمبر: واپڈا کے چیئرمین سید راغب حسین نے کہا کہ حکومت نے دیامیر بھاشا اور داسو ڈیموں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے اور اس حوالے سے عالمی بینک سے معاملات طے کر لیے گئے ہیں۔ (دی نیوز، 13 دسمبر، صفحہ 5)

کالا باغ ڈیم:

13 ستمبر: پنجاب اسمبلی کے اسپیکر شیر علی گورچانی نے کالا باغ ڈیم کے معاملے پر کل جماعتی کانفرنس بلانے کا مطالبہ کیا ہے۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ہم توانائی کے شدید بحران سے گزر رہے ہیں اور ہمیں متبادل ذرائع بشمول ڈیموں کی سخت ضرورت ہے لیکن بدقسمتی سے کالا باغ ڈیم کا منصوبہ متنازعہ ہوگیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ کالا باغ ڈیم سندھ کی منظوری کے بغیر نہیں بن سکتا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 ستمبر، صفحہ 14)

17 ستمبر: کالا باغ جیسے مہنگے اور متنازعہ منصوبوں پر عمل کرنے کے بجائے حکومت کو موجودہ ڈیموں کی پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کرنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے شہید ذوالفقار علی بھٹو انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی زیبسٹ میں دریائے سندھ کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ پانی کی قلت کے دوران سندھ نے ہمیشہ دیگر صوبوں کے مقابلے میں زیادہ تکلیف اٹھائی لیکن صوبائی حکومتوں یا ارسا میں سے کوئی بھی یہ معاملہ مشترکہ مفادات کونسل (CCI) تک لے کر نہیں گیا۔ (ڈان، 18 ستمبر، صفحہ 14)

26 ستمبر: واپڈا کے سابق چیئرمین شمس الملک نے لاہور پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں درمیانے درجے کے 68 ڈیم بنائے جاچکے ہیں تاہم یہ ڈیم ایک میگاواٹ بجلی بھی پیدا نہیں کرتے۔ انھوں نے کہا ہے کہ اگر کالا باغ ڈیم بنا دیا جاتا تو اس سے نہ صرف 1.54 روپے فی یونٹ کے حساب سے 12 ارب یونٹ سستی بجلی پیدا ہوتی بلکہ دیگر صوبوں کی طرح سندھ کے آب پاشی کے پانی کے حصے میں بھی 4.75 ملین ایکڑ فٹ کا اضافہ ہوتا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 ستمبر، صفحہ 11)

23 نومبر: لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (LCCI) اور سندھ طاس واٹر کونسل کے مشترکہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ کالا باغ ڈیم کی تعمیر سے لوڈ شیڈنگ اور دیہی غربت کا خاتمہ ہو

جائے گا اور صنعتی ترقی میں سالانہ 5-6 بلین ڈالرز کا اضافہ ہوگا۔ (ڈان، 24 نومبر،صفحہ 2)

17 دسمبر: قومی اسمبلی میں کالا باغ ڈیم پر حزب اختلاف کے سربراہ سید خورشید شاہ نے وفاقی حکومت سے کہا کہ وہ صوبوں کو اعتماد میں لیے بغیر متنازعہ ڈیموں پر بات کرنے سے پرہیز کرے۔ (دی نیوز، 19 دسمبر، صفحہ 1)

گولن گول منصوبہ:

2 ستمبر: ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل پاکستان (TIP) کا کہنا ہے کہ گولن گول پن بجلی منصوبے کی تعمیر میں تاخیری حربوں کو استعمال کرتے ہوئے 15 ارب روپے کی کرپشن کی گئی جس کی ذمہ دار وزارت پانی و بجلی اور واپڈا ہے۔ TIP (ٹی آئی پی) عہدیدار عادل گیلانی نے کہا کہ گذشتہ وزیر اعظم راجہ پرویز اور قومی احتساب بیورو (NAB) کی مداخلت پر وزارت پانی و بجلی نے گذشتہ سال پرانے ٹینڈر منسوخ کر کے نئے ٹینڈر طلب کیے تھے تاہم مختلف تاخیری حربوں کو استعمال کرتے ہوئے آج تک نئے ٹینڈرز کی منظوری نہیں دی گئی جس کے باعث منصوبے کے ایک حصے کی لاگت 30 ارب روپے سے بڑھ کر 45 ارب روپے تک جا پہنچی ہے۔ (ڈان، 3 ستمبر،صفحہ 3)

19 نومبر: سعودی فنڈ فار ڈیولپمنٹ کے ایک وفد نے ضلع چترال کا دورہ کرتے ہوئے 106 میگاواٹ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھنے والے گولن گول بجلی منصوبے کے لیے 57 ملین ڈالرز کی امداد کا اعلان کیا۔ سعودی عرب پہلے سے اس منصوبے کے لیے 40 ملین ڈالرز دے چکا ہے۔ (دی نیوز، 20 نومبر،صفحہ 15)

13 نومبر: ایک مضمون کے مطابق 106 میگاواٹ پن بجلی پیدا کرنے والے گولن گول پن بجلی منصوبے کو واپڈا نے آسٹرین کمپنی (Austrian Andritz Hydro) کو دیا۔ کاغذات اور اس منصوبے کی ٹیکنیکل جانچ پڑتال کو صرف 24 گھنٹوں میں مکمل کیا گیا اور دوسری پارٹیوں کو دباؤ میں ڈال کر اس منصوبے کے لیے

بولی میں شریک نہیں کیا گیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 نومبر، صفحہ 3)

نیا گنج ڈیم:

29 اکتوبر: واپڈہ کے مطابق دادو ضلع میں نیا گنج دریا پر ڈیم اپریل 2015 تک مکمل ہوجائے گا۔ یہ بارش کے پانی کو 0.3 ایکڑ فٹ تک ذخیرہ کر سکے گا اور اس سے 28,000 ایکڑ بنجر زمین زیر کاشت لائی جائے گی۔ (ڈان، 30 اکتوبر، صفحہ 18)

کرم ٹینگی ڈیم:

30 اکتوبر: لکی مروت میں مقامی کسانوں نے کرم ٹینگی ڈیم کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ اس کام میں حکومت کا ساتھ دینگے۔ یہ ڈیم ایک مقامی نجی کمپنی بنا رہی ہے ماہرین نے اس موقع پر کہا کہ ڈیم کا مقصد سیلابی پانی کو ذخیرہ کرنے، زراعت کو فروغ دینے اور پن بجلی کی پیداوار ہے۔ (ڈان، 31 اکتوبر، صفحہ 5)

دراوت ڈیم:

4 نومبر: جام شورو ڈسٹرکٹ میں ایک چینی کمپنی سائنو ہائڈرو کارپوریشن نے دراوت ڈیم تین سال کی مدت میں 9,300 ملین روپے کی لاگت خرچ کرتے ہوئے مکمل کر لیا ہے۔ یہ ڈیم 25,000 ایکڑ زمین سیراب کر سکے گا۔ اس سے نکالی گئی ایک کنال اور اس کی شاخیں جام شورو کے علاوہ ٹھٹھ ضلع کو بھی سیراب کرینگی۔ (ڈان، 5 نومبر، صفحہ 18)

خیال کھور پن بجلی منصوبہ:

27 نومبر: خیبر پختون خواہ کے داسو ضلع میں خیال کھور پن بجلی منصوبے کے لیے یورپی سرمایہ کاری بینک 100 ملین یوروز کا قرضہ فراہم کرے گا۔ اس حوالے سے ایک سمجھوتے پر اسلام آباد میں دستخط ہوئے۔

(ڈان، 28 نومبر، صفحہ 9)

بونگ اسکیپ منصوبے:

24 دسمبر: ایک خبر کے مطابق 84 میگا واٹ کا بونگ اسکیپ (Bong Escape) پن بجلی منصوبہ جو منگلا، آزاد جموں اور کشمیر میں مکمل ہوگیا ہے اب کئی درمیانی درجے کے نجی بجلی کے منصوبوں کے لیے راستہ کھول دے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 دسمبر، صفحہ 10)

دیگر منصوبے:

4 ستمبر: وزارت پانی و بجلی ملکی توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے تین ڈیم بنانے کا منصوبہ بنارہی ہے۔ مہمند ڈیم، دریائے سوات پر بنایا جائے گا جس کی تعمیر میں سات سال لگیں گے۔ باڑا ڈیم، باڑا دریا اور ٹینک زم ڈیم، ٹینک زم دریا پر تعمیر کیے جائیں گے جو چار سال میں مکمل ہوں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 5 ستمبر، صفحہ 11)

9 ستمبر: وفاقی حکومت نے آزاد کشمیر کے ضلع کوٹلی میں گل پور بن بجلی منصوبے کی تعمیر کے لیے جنوبی کوریا کی کمپنیوں کے ایک گروپ کے ساتھ معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ 100 میگا واٹ بجلی پیدا کرنے کا یہ منصوبہ دسمبر 2017 میں مکمل ہوگا۔ شروع کے تیس سال اس پلانٹ کو جنوبی کوریا کا گروپ چلائے گا جس کے بعد اس کا انتظام آزاد کشمیر حکومت کو منتقل ہو جائے گا۔ (ڈان، 10 ستمبر، صفحہ 3)

9 ستمبر: اسلامی ترقیاتی بینک (IDB) پن بجلی کے مختلف منصوبوں کے لیے اگلے تین سالوں میں 850 ملین ڈالرز کے قرضے دینے کے لیے تیار ہے۔ (دی نیوز، 10 ستمبر، صفحہ 4)

27 ستمبر: آزاد کشمیر میں 590 میگاواٹ کے مہل پن بجلی گھر کی تعمیر کے لیے ایک ملکی اور دو غیر ملکی کمپنیوں

نے اپنی بولیاں جمع کرادی ہیں۔ نجی شعبے کی سرمایہ کاری سے مکمل ہونے والے اس منصوبے پر لاگت کا تخمینہ ایک ارب ڈالرز لگایا گیا ہے۔ (ڈان، 28 ستمبر، صفحہ 9)

28 ستمبر: وفاقی سیکریٹری پانی و بجلی سیف اللہ چٹھہ نے واپڈا کو ہدایت کی ہے کہ وہ چاروں صوبوں میں چھوٹے اور درمیانے درجے کی ڈیموں کی تعمیر جلد مکمل کرے اور بڑے ڈیموں کی تعمیراتی سرگرمیوں میں بھی تیزی لائے۔ چیئرمین واپڈ سید راغب عباس نے اس حوالے سے بتایا کہ ملک میں چھوٹے اور درمیانے ڈیموں کے منصوبوں کی تکمیل سے ساڑھے چھ لاکھ ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ کرنے اور ایک لاکھ تیس ہزار ایکڑ زرعی اراضی کو سیراب کرنے کی صلاحیت حاصل ہوگی۔ (دی نیوز، 29 ستمبر، صفحہ 15)

- پاک ہند آبی تنازعہ

19 ستمبر: وزیر اعظم کے مشیر برائے امور خارجہ و قومی سلامتی سرتاج عزیز نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کی جانب سے دریائے چناب پر بگلیہار ڈیم اور دریائے نیلم پر کشن گنگا ڈیم کی تعمیر سندھ طاس معاہدے کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ (ڈان، 20 ستمبر، صفحہ 14)

23 ستمبر: پاک فوج کے تعلقات عامہ کے ادارے آئی ایس پی آر کے زیر اہتمام چھپنے والا جریدہ ''ہلال'' اپنے اداریے میں لکھتا ہے کہ بھارت دریائے ستلج اور راوی کو تو پہلے ہی گندے نالے میں بدل چکا ہے، اب اس کی نظر ان دریاؤں پر ہے جو سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان کے حصے میں آتے ہیں۔ وہ دریائے سندھ، جہلم اور چناب پر 67 چھوٹے بڑے ڈیم بنا رہا ہے جس سے دونوں ممالک کے مابین کشیدگی میں اضافہ ہوگا۔ (دی نیوز، 24 ستمبر، صفحہ 2)

27 ستمبر: بگلیہار اور کشن گنگا ڈیم کے بعد بھارت اب پاکستانی دریاؤں پر مزید چار ڈیم بنا رہا ہے جو سندھ طاس معاہدے کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے قومی اسمبلی کو تحریری بیان میں بتایا

گیا کہ بھارت پاکستانی دریاؤں پر ریٹل ہائیڈرو الیکٹرک پلانٹ، میار، لوئر کلنائی اور پکول ڈل ڈیم بنارہا ہے جن سے 1500 میگاواٹ بجلی پیدا کی جائے گی۔ (ڈان، 28 ستمبر، صفحہ 14)

24 اکتوبر: وفاقی وزیر برائے بجلی و پانی خواجہ آصف نے دس سے پندرہ سال کے عرصے میں شدید پانی کی قلت کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ انہوں نے اس کی وجہ ملٹری حکمرانوں کو قرار دیا جنہوں نے کوئی فیصلہ عوام کی بہتری کے لیے نہیں کیا۔ ان کے مطابق انڈس واٹر ٹریٹی سے پاکستان کو گزشتہ 50 سالوں میں کوئی فائدہ نہیں پہنچا بلکہ بھارت اس سے ناجائز فائدہ اٹھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں ہمیں اپنی آبادی پر قابو اور پانی ذخیرہ کرنے کے لیے نئے منصوبے بنانے ہوں گے۔ (ڈان، 26 اکتوبر، صفحہ 14)

کشن گنگا:

22 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق دی ہگ بیسڈ انٹرنیشنل کورٹ آف آربیٹریشن (ICA) نے کشن گنگا منصوبے کے مسئلے کے حوالے سے اپنے حتمی فیصلے میں پاکستان کے نیلم جہلم پن بجلی کے منصوبے کے لیے کم سے کم پانی کے کا تعین کر دیا ہے۔ پاکستان کو اب کم سے کم 9 کیوبک میٹرز فی سیکنڈ (cumecs) پانی کشن گنگا دریا سے کشن گنگا کے بجلی پلانٹ کے نیچے سے ہر وقت ملتا رہے گا لیکن خشک ترین موسم میں (ستمبر تا فروری) بھارت پانی کے بہاؤ کا کم از کم آدھا استعمال کر سکتا ہے۔ اس مسئلے میں پاکستان نے نیلم جہلم دریا سے زراعت کے لیے استعمال ہونے والے پانی کا کوئی تخمینہ پیش نہیں کیا تھا۔ لہذا کم سے کم پانی کے تعین میں صرف نیلم جہلم پن بجلی منصوبے کی ضروریات ہی کو مدنظر رکھا گیا۔ پانی اور بجلی کے وزیر خواجہ آصف نے اس فیصلے کو ''بڑی فتح'' قرار دیا کیونکہ یہ فیصلہ نیلم جہلم دریاؤں پر پاکستان کے حق کو تسلیم کر کے دیا گیا ہے۔ (مبارک زیب خان، ڈان 22 دسمبر، صفحہ 3)

23 دسمبر: ایک مضمون میں واپڈا افسران کو حوالہ بناتے ہوئے کہا گیا کہ کشن گنگا پر ICA (آئی سی اے) کے حتمی فیصلے سے جو پانی کی کمی پیدا ہوگی اس کی وجہ سے پاکستان کے نیلم جہلم منصوبے کو بجلی کی پیداوار

میں کمی سے سالانہ 145 ملین ڈالرز کا نقصان ہوگا جو خشک سالی کے دوران 544 ملین ڈالرز سے بھی زیادہ ہوسکتا ہے۔ پائیدار ترقی کی پالیسی کے ادارے (SPDI) کے پانی اور توانائی کی مشیر ارشد عباسی نے کہا کہ اس فیصلے سے نہ صرف نیلم جہلم کی بجلی متاثر ہوگی بلکہ پوری نیلم وادی میں زراعت اور ماحول پر اس کے منفی اثرات پڑیں گے کیونکہ پاکستان کی نمائندگی کرنے والے ٹیم نے کشن گنگا جو آزاد کشمیر میں نیلم جہلم کے نام سے جانا جاتا ہے سے زراعت کے لیے حاصل پانی پر کوئی مواد ہی فراہم نہیں کیا۔ (خالد مصطفیٰ، دی نیوز، 23 دسمبر، صفحہ 2)

26 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق کشن گنگا تنازعہ پر اپنے 43 صفوں کے فیصلے میں عالمی ثالثی کی عدالت نے پاکستان کی طرف سے اپنے حق میں اہم اعداد و شمار فراہم نہ کرنے پر خود تعجب کا اظہار کیا ہے۔ فیصلے میں یہ واضح طور سے کہا گیا ہے کہ ''پاکستان نے کشن گنگا سے زرعی استعمال کے پانی کی فوری یا آئندہ کی ضرورت پر کوئی مواد فراہم نہیں کیا''۔ (انصار عباسی، دی نیوز، 26 دسمبر، صفحہ 1)

29 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق کشن گنگا کیس کی عالمی ثالثی کی عدالت میں جس پاکستانی وفد نے نمائندگی کی اس کے سربراہ کمال ماجد اللہ تھے۔ یہ وہی شخص ہیں جنہوں نے 23 دسمبر، 2011 کو پاکستان ٹرانس بارڈر واٹر آرگنائزیشن (PTWO) کا رسمی اعلان کیا اور پھر پاکستان کمیشن آف انڈس واٹر (PCIW) کو اس کے زیر سایہ لائے۔ PCIW (پی سی آئی ڈبلیو) کے کمیشنر، مرزا آصف بیگ نے کہا کہ ان کا ادارہ براہ راست صرف PTWO (پی ٹی ڈبلیو او) کو جواب دینے کا پابند تھا۔ اگر یہ ادارہ وزارت خزانہ یا واپڈا تک رپورٹ کرتا تو ماجد اللہ خفا ہوا کرتے تھے۔ لہذا ثالثی کی عدالت کے فیصلے تک کسی کو پتہ ہی نہ تھا کہ ماجد اللہ کیا کر رہے تھے۔ (خالد مصطفیٰ، دی نیوز، 29 دسمبر، صفحہ 5)

- بیراج اور نہریں

18 نومبر: ایک مضمون کے مطابق سالانہ کنال صفائی کا وقت قریب آ رہا ہے لیکن حکومت خیبر پختون خواہ

نے ابھی تک کوئی تیاری نہیں کی ہے۔ ہر سال صفائی جنوری کے مہینے میں شروع ہوتی ہے۔کسانوں کا کہنا ہے کہ صفائی دسمبر میں ہونی چاہیے کیونکہ اگر یہ کام فروری مارچ تک چلا جائے تو پھر یہ کسانوں کے لیے مسائل کا باعث ہوتا ہے۔ کسانوں کے مطابق اس کام میں ان سے مشاورت نہیں کی جاتی جبکہ یہ نہایت ضروری ہے۔ آبپاشی کے حکام کے مطابق یہ بہت بڑا کام ہے کیونکہ کنال خاص کر شہری علاقوں کی طرف گند کا ڈھیر بن چکی ہوتی ہیں۔ (انتخاب امیر، ڈان، 24-18 نومبر، صفحہ 4)

19 دسمبر: خیبر پختون خواہ کے کسانوں کی تنظیم، انجمن کاشتکاران کے صدر نعمت خان نے پشاور میں صوبائی آبپاشی کے محکمے سے یہ مطالبہ کیا کہ نہروں کی صفائی کی صوابی اور مردان میں مہم کو ملتوی کیا جائے اور اس کام میں کاشتکاروں کو بھی شامل کیا جائے۔ پہلی جنوری سے ایک مہینے کے لیے خیبر پختون خواہ میں کنالوں سے پانی کی سپلائی بند رہے گی۔ اگر اس عرصے بارش نہ ہوئی تو پانی کی کمی سے گندم کی فصل کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے۔ (ڈان، 19 دسمبر، صفحہ 7)

20 دسمبر: ایس سی اے نے اپنی ایک میٹنگ میں کنالوں کو صفائی کی وجہ سے گندم کی بوائی کے سیزن میں پانی بند رکھنے پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ (ڈان، 21 دسمبر، صفحہ 19)

28 دسمبر: نہروں کی صفائی کا کام پنجاب میں جاری ہے۔ اس کے تحت 612 چینلز صاف کیے جائیں گے اور اس کام کے لیے 207.951 ملین روپے خرچ کیے جائیں گے۔ کام دو مرحلوں میں ہو رہا ہے۔ یہ کام منگلا کمانڈ کینالز سے 26 دسمبر کو اور تربیلا سے پہلی جنوری 2014 سے شروع کیا جائے گا اور 31 جنوری، 2014 تک مکمل ہو گا۔ (دی نیوز، 29 دسمبر، صفحہ 5)

کچھی کینال:

10 ستمبر: واپڈا نے کچھی کینال منصوبے کی تکمیل میں تاخیر کی ذمہ داری اٹھانے کے بجائے اس کی تعمیر کے

لیے وزارت منصوبہ بندی و ترقی سے مزید 11 ارب روپے مانگ لیے ہیں۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے اس مطالبے پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے آرمی کے انجینئر ان چیف سے کہا ہے کہ وہ اس اضافی لاگت کے دعوے کی تصدیق کریں۔ یاد رہے کہ 500 کلومیٹر طویل کچھی نہر کی تعمیر دسمبر 2013 میں مکمل ہونی تھی تاہم اب تک اس کی تعمیر کا کام مکمل نہیں ہوسکا۔ اس کی تعمیری لاگت ابتدائی تخمینے 20 ارب روپے سے بڑھ کر 54.9 ارب روپے تک جاسکتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 11 ستمبر، صفحہ 10)

13 ستمبر: قومی اقتصادی کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی (ECNEC) نے کچھی کینال منصوبے کی لاگت 20 ارب روپے سے بڑھا کر 59 ارب روپے کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت ہونے والے ECNEC (ایکنک) کے اجلاس میں بتایا گیا کہ ایکنک کی تشکیل کردہ کمیٹی کچھی کینال منصوبے کی ترقیاتی سرگرمیوں کے جائزے کے لیے آج جائے تعمیر کا دورہ کرے گی۔ (دی نیوز، 14 ستمبر، صفحہ 15)

14 ستمبر: واپڈا کی جانب سے کچھی کینال منصوبے کی لاگت میں تین گنا اضافے کے دعوے کی تصدیق کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی تھی جس نے حیران کن طور پر رپورٹ پیش کی ہے کہ منصوبے کی لاگت میں پانچ گنا اضافہ ہوچکا ہے۔ ایکنک نے وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال کے احکامات پر یہ کمیٹی تشکیل دی تھی جس نے گذشتہ روز بلوچستان اور جنوبی پنجاب میں تعمیر کے مقامات کے دورے کے بعد یہ رپورٹ پیش کی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 ستمبر، صفحہ 2)

20 ستمبر: وزیر مملکت برائے پانی و بجلی عابد شیر علی نے قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران بتایا کہ کچھی کینال کی تعمیر کا 76 فیصد اور آر بی او ڈی، تھری (RBOD-III) کی تعمیر کا 83 فیصد کام مکمل ہوچکا ہے۔ (دی نیوز، 21 ستمبر، صفحہ 3)

سکھر بیراج:

2 دسمبر: کراچی میں سندھ سیکریٹریٹ کے دفتر پر ماہرین کے ساتھ میٹنگ میں قائد حزب اختلاف نیشنل اسمبلی سید خورشید شاہ نے کہا سندھ میں 80-70 فیصد زراعت کا سکھر بیراج پر انحصار ہے۔ اس میٹنگ میں کہا گیا کہ سکھر بیراج کی مرمت کا تخمینہ 30 ملین روپے ہے۔ دوسرا طریقہ نئے بیراج کا قیام ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ نے حکام سے ماہرین کی سفارشات لینے کا حکم دیا ہے۔ (ڈان، 3 دسمبر، صفحہ 17)

خانکی بیراج:

24 دسمبر: ایشیائی ترقیاتی بینک اور حکومت پنجاب نے دریائے چناب پر خانکی بیراج کے 21 سال پرانے ہیڈ ورک کو تبدیل کرنے کے کام میں تیزی لانے پر اتفاق کیا ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک نے اس مقصد کے لیے 270 ملین ڈالرز کی مالی امداد فراہم کی ہے۔ حکومت پنجاب 39 ملین ڈالرز خرچ کرکے اس بیراج کو اگلی صدی تک قائم رہنے کے قابل بنائے گی۔ موسمی تبدیلی کی وجہ سے 2030 تک پاکستان کی دریاؤں میں پانی کا بہاؤ بڑھے گا اس لیے بیراجوں کی تعمیر نو کا کام ضروری ہے۔ (دی نیوز، 25 دسمبر، صفحہ 15)

- ٹیوب ویل

5 ستمبر: ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف اور وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا کہ ٹیوب ویلوں کے ایک ارب روپے کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کے لیے کسانوں کی نمائندہ تنظیم ''کسان اتحاد'' سے معاہدہ طے پا گیا ہے۔ معاہدے کے تحت کسان اپنے بل 10.50 روپے فی یونٹ کے حساب سے دس ماہ کی اقساط میں (30 جون، 2014 تک) ادا کریں گے اور شام 5 سے رات 11 بجے تک ٹیوب ویلوں کو بجلی فراہم نہیں کی جائے گی۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ کسانوں کو یہ رعایت بجٹ میں زراعت پر زرتلافی (سبسڈی) کے لیے مختص 23 ارب روپے کی رقم سے دی گئی ہے۔
(ڈان، 6 ستمبر، صفحہ 3)

2 اکتوبر: اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ICCI) کے صدر شعبان خالد نے کہا ہے کہ بجلی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے زرعی شعبے پر منفی اثر ڈالے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک میں دس لاکھ ٹیوب ویلوں میں سے ساڑھے چھ لاکھ ڈیزل انجن سے چلتے ہیں۔ (دی نیوز، 3 اکتوبر، صفحہ 17)

19 نومبر: ایک خبر کے مطابق حکومت نے خاموشی سے پنجاب میں ٹیوب ویل کے لیے بجلی کا یکساں ریٹ ختم کرکے 2.35 سے 10.35 فی یونٹ تک بڑھا دیا ہے۔ (دی نیوز، 20 نومبر، صفحہ 12)

19 نومبر: یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ اور بخش ایز جی پرائیوٹ لمیٹڈ میں ایک شراکت داری کے معاہدے کے تحت کسانوں کو سولر ٹیوب ویل کے لیے قرضے یو بی ایل فراہم کرے گا جبکہ انجینئرنگ اور بعد از فروخت کی سہولت بخشش ایز جی کی طرف سے دی جائیگی۔ (ڈان، 20 نومبر، صفحہ 10)

- فلٹریشن پلانٹ

22 اکتوبر: پچھلے چھ مہینوں سے صاف پانی کے لیے لگائے گئے منچھر جھیل کے کنارے آٹھ ریورس آسموسیز پلانٹز (reverse osmosis plants) بیکار پڑے ہیں۔ سندھ کے آبپاشی کے محکمے نے اب تک ٹھیک کرنے کی زحمت نہیں کی ہے حالانکہ صاف پانی کے لیے یہ پلانٹ چیف جسٹس افتخار محمد چوھدری کی ہدایت پر منچھر جھیل کے کنارے ان بستیوں کے لیے لگائے گئے تھے جہاں 50,000 کے قریب مچھیرے رہتے ہیں۔ (ڈان، 23 اکتوبر، صفحہ 18)

29 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق لا لا موسیٰ، گجرات کی چار یونین کونسلوں میں چھ پانی کے فلٹریشن پلانٹ نامکمل پڑے ہیں۔ انھیں مکمل کرنے کے لیے درکار پیسہ دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے انھیں چلانے کی ایجنسی اور ٹھیکیدار عدم دلچسپی کا شکار ہیں۔ (وسیم اشرف، ڈان، 30 دسمبر، صفحہ 11)

## بیج

- سیڈ ایکٹ

29 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق تصدیق شدہ معیاری بیجوں کی عدم دستیابی پچھلے سالوں سے کسانوں کا سب سے ''بڑا چیلینج'' بن گئی ہے۔ لہٰذا سیڈ ایکٹ میں ترمیم وقت کی اہم ضرورت ہے لیکن صوبائی حکومتوں کی مقنّنہ نے اس حوالے سے قانون سازی کا کوئی کام نہیں کیا ہے۔ یہی قصہ پلانٹ بریڈرز رائٹس ایکٹ کا ہے جو بیج پر ذہنی ملکیت کے حقوق کے لیے ضروری ہے۔ ''دونوں اقدام کیے بغیر پاکستان میں بیج کی صنعت کا فروغ ناممکن ہے''۔ (منور حسن، دی نیوز، 29 دسمبر، صفحہ 15)

- جینیاتی بیج

کپاس:

14 ستمبر: انٹرنیشنل کاٹن ایڈوائزری کمیٹی (ICAC) کا کہنا ہے کہ پاکستان اس وقت کپاس کے جینیاتی بیج استعمال کرنے والا چوتھا سب سے بڑا ملک ہے۔ بی ٹی کپاس کے بیج اس وقت ملک میں 28 لاکھ ایکڑ رقبے پر بوئے جارہے ہیں تاہم ان کی قیمت میں مسلسل اضافے کی وجہ سے چھوٹے کسان ان کا استعمال ترک کرسکتے ہیں۔ انٹرنیشنل کاٹن ایڈوائزری کمیٹی کو بھیجی گئی ایک دستاویز کے مطابق کسان بی ٹی کپاس کے مہنگے بیج نہ خریدنے پر اس لیے بھی غور کررہے ہیں کہ بی ٹی کپاس کی پرانی اور نئی دونوں اقسام میں ایک وائرس ''کاٹن لیف کرل وائرس (CLCuV)'' پایا گیا ہے۔ ICAC (آئی سی اے سی) کو موصول ہونے والی بیشتر دستاویزات میں کیڑے مار ادویات کے خلاف کیڑوں میں مزاحمت پیدا ہونے کی نشان دہی بھی کی گئی ہے۔ (دی نیوز، 15 ستمبر، صفحہ 17)

22 ستمبر: سندھ میں کپاس کی فصل اچھی ہونے کے باوجود کسان پریشان ہیں کیوں کہ میرپور خاص، سانگھڑ، حیدرآباد، بےنظیر آباد اور بدین کے اضلاع میں کپاس کے خطرناک کیڑے پنک بول وارم (pink

(bollworm کی موجودگی کی تصدیق کی گئی ہے۔ صوبے میں تقریباً ایک دہائی کے بعد اس کیڑے کی موجودگی دیکھی ہے جس کی ذمہ داری کاشتکار غیر رجسٹرڈ کمپنیوں کے غیر معیاری اور ملے جلے بیجوں کو قرار دے رہے ہیں کیوں کہ ان کے مطابق بی ٹی کپاس کے بیج میں اس کیڑے کے خلاف مزاحمت پائی جاتی ہے۔ (ڈان، 23 ستمبر، صفحہ IV)

- ہائبرڈ بیج

11 اکتوبر: پاکستان میں زیادہ پیداوار دینے والی اور فصل پر لگنے والی بیماریوں کے خلاف مدافعت رکھنے والی گندم کی بیج NARC-2011 متعارف کروائی گئی ہے۔ امریکی محکمہ زراعت کا ادارہ پاکستانی اور عالمی سائنسدانوں کے ساتھ مل کر گندم کے نئے بیج متعارف کرانے کے منصوبے پر کام کررہا ہے۔ (دی نیوز، 12 اکتوبر، صفحہ 17)

7 نومبر: فیصل آباد ریسرچ فورم (FRF) کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے فیصل آباد کے کمیشنر سردار اکرم جاوید نے ماحولیاتی مسائل کو سب سے اہم قرار دیتے ہوئے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کو آئل سیڈ کی گیارہ اقسام کو فروغ دینے پر مبارک باد دی جس سے کم وقت میں زیادہ تیل نکل سکتا ہے۔ (ڈان، 8 نومبر، صفحہ 11)

11 نومبر: فیصل آباد میں مکئی کے ہائبرڈ فیلڈ سائٹ پر کسانوں کے وفد سے بات چیت کے دوران مونسانٹو پاکستان کے زرعی ماہرین نے کہا کہ کسان بہترین معیار کے ہائبرڈ بیج استعمال کرکے اپنی پیداوار میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ نجی شعبے کو نئی اقسام کے بیج متعارف کرنے میں ہمت افزائی کی ضرورت ہے۔ ان کے بیجوں سے 80-120 ٹن فی ایکڑ تک پیداوار حاصل ہوسکتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ جو کسان ہائبرڈ بیجوں کے استعمال کے باوجود زیادہ پیداوار حاصل نہیں کر پارہے ہیں وہ پرانے طرز کی کھیتی باڑی کرتے ہوئے غیر معیاری ہائبرڈ بیج استعمال کر رہے ہیں۔ انھوں نے موسم کی تبدیلی کی وجہ سے بھی

عالمی معیاری بیجوں کے استعمال پر زور دیا۔ جب مونسانٹو پاکستان کسانوں سے یہ باتیں کررہا ہے اس کی عالمی شاخ مشکلات سے دوچار ہے۔ جاپان اور یورپ سمیت بہت سے ممالک نے صحت پر ان بیجوں کے برے اثرات کے باعث اس کی نئی اقسام کے ہائبرڈ بیجوں کی فروخت پر پابندی لگادی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 نومبر، صفحہ 11)

7 دسمبر: میرپور خاص کے کاشتکاروں نے اس سال ٹماٹر کی فصل کی ناکامی کی ذمہ داری ہائبرڈ بیج T-1359 کو قرار دیا۔ مگر اس بیج کو بنانے والے کمپنی سنجنٹا (Syngenta Pakistan Limited) کا کہنا ہے کہ فصل کی ناکامی کی ذمہ داری بیج پر عائد نہیں کی جائے کوئی اور عناصر بھی ہو سکتے ہے۔ (ڈان، 8 دسمبر، صفحہ 20)

11 دسمبر: سندھ آبادگار بورڈ کے نائب صدر گادا حسین ماہیسر نے لاڑکانہ میں اخباری نمائندے سے بات کرتے ہوئے سندھ اور بلوچستان میں کھلے عام ہائبرڈ بیج کی فروخت پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایسا چلتا رہا تو مقامی بیج بالکل ختم ہوجائیں گے جو ایک اجتماعی قتل (genocide) ہوگا۔ ان کے مطابق جنوبی سندھ میں 90 فیصد ہائبرڈ بیج بویا جارہا ہے جب کہ بلوچستان اور شمالی سندھ میں 60 فیصد علاقے میں ایسا ہورہا ہے۔ اری-6، ڈی آر 82، 83، 292 ،کے ایس 282، 133 اور اری-9 منڈی میں 37 روپے فی کلوگرام کے حساب سے مل رہے ہیں جبکہ ہائبرڈ بیج 800 سے 1,000 روپے فی کلو گرام دستیاب ہیں۔ عالمی منڈی میں بھارت اور تھائی لینڈ کا دیسی چاول 480-500 ڈالرز فی ٹن جبکہ ہائبرڈ اور ملی جلی بیجوں سے حاصل چاول 370-375 ڈالرز فی ٹن کے حساب سے فروخت ہورہے ہیں۔ اگرچہ ہائبرڈ بیج سے پیداوار زیادہ ہے لیکن اسے صرف ایک دفعہ بویا جاسکتا ہے۔ (ڈان، 12 دسمبر، صفحہ 18)

## II۔ زرعی مداخل

### طریقہ زراعت: قدرتی یا صنعتی؟

3 ستمبر: یونیورسٹی آف ایگری کلچر، فیصل آباد کے وائس چانسلر ڈاکٹر اقرار احمد خان کا کہنا ہے کہ ان کی یونیورسٹی کسانوں کی سوچ بدلنے کی ہر ممکن کوشش کررہی ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ کسان اپنے کام کو گزر بسر والی کھیتی باڑی (subsistence farming) نہ سمجھیں بلکہ پیداوار میں اضافے کے تمام طریقے استعمال کرتے ہوئے اسے ایک نفع بخش کام بنائیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 ستمبر، صفحہ 11)

14 ستمبر: وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں قدرتی طریقوں سے اگائی اور حاصل کی جانے والی سبزیوں، پھلوں اور ڈیری مصنوعات کی فروخت میں اضافہ ہورہا ہے۔ شہر میں ''کچھ خاص'' کے زیر انتظام ہفتہ وار کسان بازار میں ماہر تعلیم حامد خان نے بتایا کہ وہ فتح جنگ میں اپنے چھوٹے کھیت میں کیمیائی کھاد اور کیڑے مار ادویات استعمال کیے بغیر قدرتی طریقہ کار سے سبزیاں اور مکئی اگاتے ہیں اور دیسی مرغیاں پالتے ہیں۔ اسی طرح بریگیڈیئر (ر) ایاز کے ڈیری فارم میں روزانہ ہزار لیٹر گائے کا خالص دودھ پیدا ہوتا ہے جس کی طلب بڑھتی جارہی ہے۔ مہنگی ہونے کے باعث قدرتی طریقے سے حاصل کی گئی خوراک کے بیشتر خریدار اسلام آباد میں رہائش پذیر غیر ملکی ہیں تاہم گزشتہ چند ہفتوں میں قدرتی خوراک کی فروخت میں اضافہ ہوا ہے۔ (ڈان، 15 ستمبر، صفحہ 4)

7 اکتوبر: لاہور میں تیسری کسان منڈی کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد تازہ اور قدرتی طریقوں سے اگائی گئی مقامی خوراک کو لاہور کے شہریوں کو فروخت کے لیے پیش کرنا تھا۔ (دی نیوز، 8 اکتوبر، صفحہ 17)

24 اکتوبر: وفاقی وزیر سکندر حیات بوسن نے انٹرنیشنل سینٹر فار ایگریکلچرل ریسرچ ان دی ڈرائی ایریاز (ICARDA) سے خطاب کرتے ہوئے ان کی کاوشوں کو سراہا اور اس بات پر زور دیا کہ جدید طریقہ

کاشت کو کسانوں میں متعارف کرایا جائے تا کہ زرعی تحقیق میں بہتری اور پودوں کی نئی اقسام سے کسانوں کو فائدہ پہنچے۔ (دی نیوز، 25 اکتوبر، صفحہ 17)

24 اکتوبر: یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد (UAF) کے ایک سیمینار میں دیہاتی عورتوں کا جدید طریقہ کاشت میں اضافی کردار روشن مستقبل کی ضمانت قرار دیا گیا۔ خوراک کے حصول میں عدم تحفظ اور غذائی کمی 58 فیصد آبادی کو متاثر کر رہا ہے۔ وائس چانسلر نے کہا کہ زراعت کا غربت اور غذائی قلت سے براہ راست تعلق ہے۔ انہوں نے زراعت کے حوالے سے عورتوں کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ زراعت کے جدید طریقے سے پیداوار کو بڑھایا جاسکتا ہے۔ اس سے غذائی پیداوار مستحکم ہوگی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 اکتوبر، صفحہ 5)

## کھاد

2 ستمبر: آنے والے موسم خریف کی فصلوں کے لیے درکار کیمیائی کھاد کی کمی پوری کرنے کے لیے حکومت چار لاکھ تیس ہزار میٹرک ٹن یوریا درآمد کررہی ہے۔ مقامی کھاد ساز کمپنیاں ملکی ضروریات سے دس لاکھ میٹرک ٹن زیادہ یوریا بناسکتی ہیں تاہم قدرتی گیس کی قلت کی وجہ سے حکومت سالانہ اوسطاً نو لاکھ میٹرک ٹن یوریا درآمد کرتی ہے۔ (ڈان، 3 ستمبر، صفحہ 9)

9 ستمبر: ضلع اوکاڑہ کے کسانوں کا کہنا ہے کہ یوریا کی بلیک مارکیٹنگ کے سبب وہ یوریا مقررہ قیمت 1650 یا 1750 روپے فی بوری کے بجائے 1900 یا 2000 روپے فی بوری خریدنے پر مجبور ہیں۔ (دی نیوز، 10 ستمبر، صفحہ 5)

18 ستمبر: کھاد ساز کمپنیوں کی تنظیم فرٹیلائزر مینوفیکچررز پاکستان ایڈوائزری کونسل (FMPAC) کا کہنا ہے کہ یوریا کی قیمتوں میں اضافے کے باوجود کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان (CCP) کھاد ساز کمپنیوں کی مبینہ

گروپ بندی (cartelisation) کے خلاف قدم اٹھانے کا اختیار نہیں رکھتا کیوں کہ وہ ایک نگران (regulatory) ادارہ ہے اور کھاد کی صنعت ایک آزاد (deregulated) منڈی کی حیثیت رکھتی ہے، اس لیے یوریا کی قیمتوں میں کمی کے احکامات پر عمل نہیں کیا جاسکتا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 19 ستمبر، صفحہ 10)

26 ستمبر: نیشنل فرٹیلائزر ڈیولپمنٹ سینٹر (NFDC) نے کہا ہے کہ رواں سال کے پہلے آٹھ ماہ (جنوری تا اگست) میں یوریا کی فروخت سات فیصد اضافے کے ساتھ 3.7 ملین ٹن ہوگئی ہے۔ (دی نیوز، 27 ستمبر، صفحہ 15)

11 اکتوبر: ربی سیزن میں خاص طور پر دسمبر میں کھاد کی شدید کمی ہونے کی توقع ہے اس لیے حکومت نے 500 لاکھ ٹن یوریا کھاد درآمد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 اکتوبر، صفحہ 10)

14 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق سوئی ناردرن گیس پائپ لائن لمیٹڈ (SNGPL) نیٹ ورک سے چاروں کھاد بنانے والی کمپنیوں کو 202 MMCFD قدرتی گیس فراہم کی جائے گی جس کی وجہ سے یہ کمپنیاں اپنا 80 فیصد تک کام جاری رکھ سکیں گی۔ اس میں اینگرو اور داؤد ہرکیولیز (Dawood Hercules) کا حصہ 119 MMCFD ہے۔ (ڈان، 14 اکتوبر، صفحہ 3 ای بی آر)

14 نومبر: ایک مضمون کے مطابق وفاقی حکومت نے چاروں صوبائی چیف سیکریٹریوں اور سیکریٹری زراعت سے کہا کہ وہ ربی کے موسم میں یوریا کو مقررہ قیمت سے زیادہ بیچنے والے منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کاروائی کریں۔ یوریا مافیہ مصنوعی قلت پیدا کرکے کسانوں سے 250-300 روپے فی بیگ زیادہ لیتی ہے۔ فرٹیلائزر ایڈوائزری ریویو کمیٹی کے مطابق ربی کے موسم کے لیے یوریا کی کل طلب تین ملین ٹن ہے جس میں سے ڈھائی ملین ٹن مقامی یوریا کی کمپنیاں فراہم کریں گی اور 0.5 ملین ٹن، وزارت صنعت اور پیداوار کا ذیلی ادارہ NFDC (این ایف ڈی سی) درآمد کرے گا۔ (دی ایکسپریس

ٹریبیون، 14 نومبر، صفحہ 11)

20 دسمبر: سیالکوٹ میں بایوفرٹیلائزر کے استعمال کو متوازن بنانے پر ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے زرعی تحقیق اور ٹیکنالوجی کے ماہرین نے کسانوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی زمین کا کیمیکل ٹیسٹ کسی بھی فصل کی بوائی سے پہلے ضرور کروائیں کیونکہ زرعی زمین کی زرخیزی دن بہ دن تین فصلوں کی سالانہ پیداوار سے گھٹتی جارہی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 دسمبر، صفحہ 11)

30 دسمبر: ایک خبر کے مطابق سال 2013 میں یوریہ کی فروخت 5.8 ملین ٹن تک پہنچ چکی ہے جبکہ 2012 میں 5.2 ملین ٹن یوریہ کی فروخت ہوئی۔ (دی نیوز، 31 دسمبر، صفحہ 15)

## کیمیائی ادویات

30 نومبر: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ حشرات کے تحت ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ اس میں مقررین نے انکشاف کیا کہ پاکستان سالانہ 12,000 ٹن کیڑے مار ادویات درآمد کرتا ہے۔ جو نہ صرف کیڑوں کی قوت مزاحمت کو بڑھاتی ہیں بلکہ انسانی صحت کے لیے انتہائی نقصاندہ ہیں۔ شعبہ حشرات کے چیئرمین ڈاکٹر اقرار احمد نے کہا کہ کیڑے مار ادویات کی جگہ اینٹی گریٹیڈ پیسٹ مینجمنٹ (IPM) کا استعمال کیا جائے۔ 2010 میں کیڑے مار ادویات کے استعمال کی وجہ سے پھل کی 27 کھیپ (consignment) یورپی ممالک سے اور 175 کھیپ امریکہ سے منسوخ ہو کر واپس آئی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 دسمبر، صفحہ 11)

## زرعی مشینری

5 ستمبر: حکومت سندھ نے پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر کسانوں کو 1200 ٹریکٹر رعایتی نرخوں پر فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کسانوں کی نمائندہ تنظیموں نے اس فیصلے پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ

حسب روایت قرعہ اندازی کے ذریعے کسانوں میں ٹریکٹروں کی تقسیم ہونی چاہیے تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کے اعلان کے بعد صرف دو دن میں کسانوں کا تمام فارم حاصل کرنا عملاً ممکن نہیں۔ حکومت نے من پسند افراد کو فارم بانٹ کر کرپشن کی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 6 ستمبر، صفحہ 13)

11 اکتوبر: ٹریکٹر بنانے والی کمپنیوں نے ٹریکٹر کی پیداوار میں کمی کردی ہے۔ ڈیزل، کھاد اور یوٹیلیٹی بلوں میں اضافے کی وجہ سے کسانوں نے ٹریکٹر کے استعمال میں کمی کردی ہے۔ جس کی وجہ سے ٹریکٹر بنانے والی کمپنیوں کے ٹریکٹر کے فروخت میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی ہے۔ مثلاً ملت ٹریکٹر کے ٹریکٹر کی فروخت میں مجموعی 30 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ (ڈان، 12 اکتوبر، صفحہ 9)

18 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق سندھ میں عالمی بینک کی مدد سے جنوری 2014 سے 8.6 بلین روپے کا سندھ ایگری کلچر گروتھ پروجیکٹ شروع کیا جائے گا۔ اس پروجیکٹ کا مقصد ہے کہ کم اہمیت کی غذائی فصلیں جن کی تجارتی اہمیت ہے (جیسے کھجور، ہری مرچ اور پیاز) کی 66 ہزار ہیکٹرز پر کاشت سے ان کی پیداوار کو 30 فیصد تک بڑھایا جائیگا۔ کسانوں کو اپنی فصل بچانے کے لیے جدید مشینری اور آلات دیے جائیں گے جس کی قیمت کی 30 فیصد ادائیگی کسان خود کریں گے اور باقی 70 فیصد کی بینک دے گا۔ اس کے علاوہ 100,000 کسانوں کو ٹریننگ بھی دی جائے گی۔ (ڈان، 19 اکتوبر، صفحہ 9)

31 اکتوبر: پاکستان ایسوسی ایشن آف آٹو موٹیو پارٹس اینڈ اسا سریز مینوفیکچررز (PAAPAM) کے وفد کے سربراہ عثمان ملک نے LCCI (ایل سی سی آئی) سے کہا کہ وہ ٹریکٹروں پر دس فیصد جنرل سیلز ٹیکس ہٹانے کے لیے حکومت پر اپنا اثر استعمال کرے۔ انھوں نے کہا کہ ٹریکٹر کی صنعت بجلی کے بحران کی وجہ سے پہلے ہی مشکلات کا شکار ہے لیکن ٹیکس میں کمی سے پوری ٹریکٹر کی صنعت اور اس سے منسلک چھوٹا کاروبار فعال ہو جائے گا کیونکہ پھر ٹریکٹر چھوٹے کسانوں کی قوت خرید میں آسکے گا۔ (دی نیوز، 1 نومبر، صفحہ 17)

13 نومبر: PAAPAM (پی اے اے پی اے ایم) کے مطابق ٹریکٹرز کی فروخت جولائی، اکتوبر 2013 میں بھی کم رہی۔ ان چار مہینوں میں کل 8,287 ٹریکٹرز بیچے گئے جب کہ پچھلے سال اسی دوران یہ تعداد 13,983 تھی۔ (ڈان، 14 نومبر، صفحہ 9)

## زرعی تحقیق

31 اکتوبر: وزارت برائے قومی تحفظ خوراک اور تحقیق (MNFSR) کے وزیر سکندر حیات خان بوسن نے پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل (PARC) سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت جامع پائیدار اور کسان دوست، پالیسیاں بنا رہی ہے تاکہ زراعت ''منافع بخش'' ہو جائے۔ اس کے لیے انھوں نے PARC (پی اے آر سی) کی تنظیم نو پر زور دیا۔ (ڈان، 1 نومبر، صفحہ 9)

11 نومبر: ایک خبر کے مطابق نیشنل انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ فنڈ اور زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے درمیان زراعت میں انفارمیشن ٹیکنالوجی (IT) کے استعمال میں تعاون کرنے پر اتفاق ہو گیا ہے۔ اس حوالے سے یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر اقرار احمد خان نے بتایا کہ یونیورسٹی کے تحقیقی کاموں کے لیے بیرونی امداد دو بلین روپے ہو چکی ہے۔ اس میں مزید اضافے کی امید کا اظہار کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اب ٹیکنالوجی جس میں IT (آئی ٹی) کے ساتھ جغرافیائی حالات کی معلومات کا نظام اور خلائی ٹیکنالوجی شامل ہیں سے مداخل کا متوازن استعمال ممکن ہو گیا ہے۔ آبادی میں اضافے کے ساتھ فی ایکڑ پیداوار بڑھاتے ہوئے غذائی تحفظ ممکن ہو سکے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 نومبر، صفحہ 5)

13 نومبر: پنجاب کے وزیر زراعت ڈاکٹر فرخ جاوید نے کہا کہ زراعت میں جدید طریقوں کو اپنا کے غذائی خود کفالت کو ممکن بنایا جا رہا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ جدید تحقیق کو نئی شکل دی گئی ہے، اب ہماری اپنی صورت حال اور ضرورتوں کے مطابق، حقائق کو تلاش کیا جا رہا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 نومبر، صفحہ 11)

## III۔ غربت اور غذائی تحفظ

### غربت

6 ستمبر: وفاقی حکومت نے ملک میں غربت کی شرح معلوم کرنے کے لیے اعداد و شمار اکٹھا کرنے کے طریقہ کار پر نظرثانی کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال کا کہنا ہے کہ ماضی میں سیاسی وجوہات کی بنا پر غربت کے اعداد و شمار میں تبدیلی کی گئی، ہم اعداد و شمار کو قابل اعتبار بنانا چاہتے ہیں اور اس سلسلے میں تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیں گے۔ گذشتہ دور حکومت میں 2012 میں منصوبہ بندی کمیشن کی بنائی گئی ایک کمیٹی نے کہا تھا کہ ملک میں صرف 12.4 فیصد افراد غربت کی لکیر سے نیچے رہتے ہیں۔ اس تخمینے پر مختلف حلقوں کی جانب سے سخت تنقید کی گئی تھی۔ بعض ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستان میں 54 فیصد افراد غربت کی لکیر سے نیچے رہ رہے ہیں جبکہ ملک کے بعض علاقوں میں یہ شرح 80 سے 90 فیصد ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون/دی نیوز، 7 ستمبر، صفحہ 15/10)

7 ستمبر: فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے صدر زبیر احمد ملک نے کہا کہ عالمی مالیاتی فنڈ (IMF) دوہرا معیار رکھتا ہے، اس کی پالیسیاں مغرب کے لیے سود مند اور دیگر کے لیے سخت ہوتی ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ آئی ایم ایف نے 6.6 ارب ڈالرز کا نیا قرضہ دینے کے لیے پاکستان سے سخت شرائط منوائی ہیں جن کے نتیجے میں ملک میں غربت کی شدت میں اضافہ ہوگا۔ (دی نیوز، 8 ستمبر، صفحہ 15)

9 ستمبر: وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ملک کی 60 فیصد سے زائد آبادی یا 11 کروڑ افراد غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کررہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت غربت کی لکیر کی تعریف ایک ڈالر یومیہ سے بدل کر ڈھائی ڈالرز یومیہ آمدنی کررہی ہے۔ (دی نیوز، 10 ستمبر، صفحہ 15)

20 ستمبر: اقتصادی ماہرین نے لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں متوسط

طبقہ تیزی سے سکڑ رہا ہے اور اس وقت ملک میں صرف چند خاندان ایسے ہیں جن کی فی کس آمدنی 4,286 ڈالرز سالانہ ہے۔ عالمی بینک کے مطابق یہ وہ کم سے کم آمدنی ہے جسے کمانے والے متوسط طبقے میں شمار ہوتے ہیں۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ متوسط طبقہ کسی بھی ملک کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہوتا ہے۔ (دی نیوز، 21 ستمبر، صفحہ 17)

26 ستمبر: وزیر اعظم نواز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نواز لیگ حکومت ملک میں غربت کی شرح کم کرنے کا عزم رکھتی ہے اور نوجوانوں کو اپنے پیروں پر کھڑا کر کے ملک میں انقلاب لایا جائے گا۔ (دی نیوز، 27 ستمبر، صفحہ 1)

27 ستمبر: اسلام آباد میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ارکان پارلیمنٹ، قومی اور عالمی ماہرین نے کہا کہ غربت کا خاتمہ اسی وقت ہوسکتا ہے جب اٹھارویں آئینی ترمیم کے تحت اختیارات نچلی سطح تک منتقل کیے جائیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 ستمبر، صفحہ 4)

7 اکتوبر: وزیر تعلیم پنجاب رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت رواں سال غریب ترین 26 لاکھ گھرانوں کو 15.90 ارب روپے کی براہ راست نقد زرتلافی فراہم کرے گی تاکہ وہ اپنی غذائی ضروریات پوری کرسکیں۔ (دی نیوز، 8 اکتوبر، صفحہ 3)

30 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق عالمی بینک اور سینٹر فار ریسرچ آن پاورٹی اینڈ انکم ڈسٹری بیوشن (CRPID) کے تازہ ترین اعداد و شمار کے لحاظ سے غربت کے حوالے سے پاکستان کی صورت حال 43 ممالک میں سے سب سے زیادہ خطرناک ہے۔ تین سالوں میں غربت یہاں 23.9 فیصد سے بڑھ کر 37.5 فیصد پر پہنچ چکی ہے۔ دیہی آبادی کی غربت 40 فیصد ہے یہاں 24 فیصد افراد ناکافی غذا پر گزارا کر رہے ہیں۔ (دی نیوز، 30 اکتوبر، صفحہ 6)

17 دسمبر: پی اے آر سی اور عالمی ادارہ برائے خوراک و زراعت (FAO) نے اسلام آباد میں دو روزہ میلے کا انعقاد کیا۔ اس میلے میں کسان مرد اور عورتوں کو اپنی کاشتکاری کے طریقوں اور ہنر کو متعارف کرانے کے لیے پلیٹ فارم مہیا کیا گیا۔ اس موقع پر کاشتکاروں نے کہا کہ انھیں اپنی پیداوار کا 10 فیصد تک نہیں ملتا سب بیج کے منافع خور لے جاتے ہیں۔ اس موقع پر NFSR (این ایف ایس آر) کے وزیر سکندر حیات خان بوسن نے کہا کہ 95.7 فیصد کسانوں کے پاس 25 ایکڑ سے کم زمین ہے مگر یہی ہیں جو عوام کے لیے خوراک مہیا کررہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 دسمبر، صفحہ 4)

- ملینیم ترقیاتی احداف

18 ستمبر: ایک خبر کے مطابق وفاقی حکومت نے غربت کے متنازعہ اعداد و شمار کو ملینیم ترقیاتی اہداف (MDGs) کے حوالے سے اپنی نئی رپورٹ میں شامل کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ مشرف دور میں جاری ہونے والے اقتصادی سروے 08-2007 میں کہا گیا تھا کہ ملک میں غربت کی لکیر سے نیچے رہنے والے عوام کی شرح 22.3 فیصد سے کم ہو کر 17.2 فیصد ہوگئی ہے تاہم پیپلز پارٹی کی گذشتہ حکومت نے 08-2007 اور 11-2010 کے اقتصادی سروے پر مبنی غربت کے اعداد و شمار کو یہ کہہ کر ماننے سے انکار کردیا تھا کہ یہ زمینی حقائق کے برعکس ہیں۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے رابطہ کرنے پر بتایا کہ 17.2 کی شرح کو نئی رپورٹ میں شامل کرلیا گیا ہے تاہم ایک تکنیکی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے تاکہ یہ پتہ چلایا جاسکے یہ اعداد و شمار کس طرح اکٹھے کیے تھے۔ (دی نیوز، 19 ستمبر، صفحہ 15)

20 ستمبر: ایشیائی ترقیاتی بینک نے MDGs (ایم ڈی جیز) کے حصول کے حوالے سے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ پاکستان 2015 کی مقررہ مدت تک 22 اشاروں (indicators) میں سے صرف چار حاصل کر پائے گا، درجن سے زائد وہ 2015 کے بعد حاصل کرسکتا ہے جبکہ تین وہ کبھی بھی حاصل نہیں کرپائے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 ستمبر، صفحہ 10)

- مائیکروکریڈٹ

7 اکتوبر: لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بینکوں کے اعلیٰ عہدیداران کا کہنا تھا کہ غریب افراد تک مالیاتی نظام کی رسائی سے ان کا معیار زندگی بلند ہوگا اور ملکی معیشت کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ مسلم کمرشل بینک کے سینئر نائب صدر محمد مبشر بشیر نے اس سلسلے میں کہا کہ غریبوں کی مالیاتی شمولیت (financial inclusion) اس وقت بڑے پاکستانی بینکوں کی پالیسی کا حصہ بن چکی ہے اور اسٹیٹ بینک ان کے لیے یہ عمل آسان بنا رہا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کی بدولت بغیر شاخ کی بینکنگ میں اضافہ ہوا ہے جو موبائل فون کے ذریعے کی جاتی ہے۔ (دی نیوز، 8 اکتوبر، صفحہ 15)

12 اکتوبر: وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے لاہور میں پنجاب روزگار بینک کے قیام کا اعلان کیا جس کے ذریعے بہت کم سود پر ضرورت مندوں کو قرضے دیے جائیں گے۔ (دی نیوز، 13 اکتوبر، صفحہ 4)

16 نومبر: ایک مضمون کے مطابق وزیراعظم کی طرف سے 21 ستمبر کو مائیکروکریڈٹ کی چھ اسکیموں کا اعلان ہوا تھا، ان پر عمل درآمد کا سلسلہ ابھی تک شروع نہیں ہو پایا ہے۔ ملک کی معاشی ترقی کی رفتار تین فیصد سے بھی کم ہے اور ہر مہینے 250,000 ہزار نئے افراد ان لوگوں میں شامل ہورہے ہیں جن کے پاس روزگار نہیں ہے۔ دوسری طرف بینک ان لوگوں کو جن کے پاس سرمایہ نہیں ہے قرض دینے کو تیار نہیں کیونکہ قرض کی واپسی میں خاص کر چھوٹے اور درمیانے درجہ کے کاروبار سے بینکوں کو دشواریوں کا سامنا رہا ہے۔ (شاہد اقبال، 17 نومبر، صفحہ 11)

- انکم سپورٹ پروگرام

31 اگست: ایک خبر کے مطابق بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام گذشتہ چند سالوں سے سنگین بے ضابطگیوں، بدانتظامی اور کرپشن کا شکار ہے۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان اور فیڈرل ڈائریکٹریٹ آف آڈٹ 2012-13 کی دو الگ الگ آڈٹ کی رپورٹوں کے مطابق گروپ لائف انشورنس، صحت کی انشورنس،

کاروں کی خریداری، معاوضوں کی ادائیگی، اشتہاروں اور اشتہاری کمپنیوں کے معاوضوں کی مد میں قواعد و ضوابط کی خلاف ورزیوں اور گھپلوں کی وجہ سے قومی خزانے کو اربوں روپے کا نقصان پہنچایا گیا۔ (ڈان، 1 ستمبر، صفحہ 16)

12 ستمبر: اعلیٰ بیوروکریسی کے فنڈز جاری کرنے سے انکار کے بعد بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے تین ماہ سے تنخواہ سے محروم تین ہزار سے زائد ملازمین سڑکوں پر نکل آئے ہیں۔ بیوروکریسی کا کہنا ہے کہ وفاقی بجٹ میں BISP (بی آئی ایس پی) نہیں بلکہ پاکستان انکم سپورٹ پروگرام (PISP) کے نام سے رقم مختص کی گئی ہے اس لیے وہ بی آئی ایس پی کو فنڈز جاری نہیں کرسکتے۔ نواز حکومت کے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا نام بدلنے کے فیصلے کے بعد پیدا ہونے والے الجھاؤ سے نہ صرف بی آئی ایس پی ملازمین کی تنخواہیں رک گئی ہیں بلکہ ساڑھے تین کروڑ مستحقین کو امداد کی اگلی قسط کی ادائیگی بھی خطرے میں پڑ گئی ہے۔ (دی نیوز، 13 ستمبر، صفحہ 5)

27 نومبر: بی آئی ایس پی اور اے ڈی پی نے 430 ملین ڈالرز کے قرضے کے معاہدے پر اسلام آباد میں دستخط کیے۔ (دی نیوز، 28 نومبر، صفحہ 15)

29 نومبر: پنجاب کی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ صوبے کے ''غریب سے غریب ترین'' لوگوں کے 1.3 ملین خاندانوں کو 1,000 روپے ماہانہ فراہم کرے گی۔ اس کے لیے PISP (پی آئی ایس پی) بی آئی ایس پی کے تیار کیے گئے اعداد و شمار کو پنجاب میں مستحق خاندانوں کی نشاندہی کے لیے استعمال کرے گی۔ (ڈان، 30 نومبر، صفحہ 4)

22 دسمبر: بی آئی ایس پی کے چیئرمین محمد انور بیگ نے اسلام آباد میں کہا کہ ان کا ادارہ یو ایس ایڈ کے ساتھ لمبے عرصے کا تعلق جوڑنا چاہتا ہے تاکہ وہ اپنی کارکردگی کو بہتر بنا کر کہ امدادی ایجنسیوں کی طرف

سے اٹھانے جانے والے معاملات کو طے کر سکے۔ (ڈان، 23 دسمبر، صفحہ 5)

- کارپوریٹ ذمہ داری

25 نومبر: ایکومن فنڈ (Acumen Fund) اور بینک الفلاح کی جانب سے کاروباری صلاحیت کے ذریعے غربت دور کرنے کے ایک پروگرام میں بینک الفلاح نے 40,000 ہزار ڈالرز اپنی کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) کے طور پر دیے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایکومن فنڈ کی سی ای او (CEO) نے کہا کہ پائیدار روزگار کے لیے نئے ماڈلز کو اپنانے کی ضرورت ہے۔ (ڈان، 26 نومبر، صفحہ 9)

## غذائی تحفظ

13 ستمبر: دنیا بھر میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کی کل اموات میں سے نصف کے ذمہ دار پانچ ممالک ہیں جن میں پاکستان بھی شامل ہے۔ یہاں ہزار میں سے 86 بچے پانچ سال کی عمر تک پہنچنے سے پہلے مرجاتے ہیں۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں پیدائش کے فوراً بعد مرنے والے بچوں کی شرح ہزار میں سے 42 اور شیرخوار بچوں کی اموات کی شرح تقریباً 69 ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 ستمبر، صفحہ 4)

17 ستمبر: پلاننگ کمیشن آف پاکستان نے نیشنل نیوٹریشن سروے (NNS) 2011 جاری کر دیا ہے۔ سروے کے نتائج کے مطابق ملک میں 58.1 فیصد گھرانے غذائی عدم تحفظ کا شکار ہیں اور صرف تین فیصد بچوں کو ایسی غذا میسر ہے جو غذائی تنوع کے کم سے کم معیار پر پوری اترتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان ان تین ممالک میں شامل ہے جہاں دنیا بھر کی غذائیت کی کمی کا شکار عورتوں اور بچوں کی نصف تعداد رہتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 ستمبر، صفحہ 4)

21 ستمبر: عالمی ادارہ خوراک کے عہدیدار ڈاکٹر اعجاز حبیب نے پشاور میں کہا کہ خیبر پختون خواہ کے 15

فیصد سے زائد عوام غذائیت کی شدید کمی کا شکار ہیں جبکہ غذائیت کی دائمی کمی کا مسئلہ فاٹا میں عام ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ غذائیت کی کمی کا مسئلہ خیبر پختون خواہ کے بنیادی صحت عامہ کے پروگرام میں شامل نہیں ہے۔ (ڈان، 22 ستمبر، صفحہ 5)

13 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق پاکستان میں 1985 سے 2014 تک ایسے بچوں کی تعداد دگنی ہوگئی ہے جو غذائیت میں کمی کی وجہ سے صحیح سے نشونما نہیں پاسکیں ہیں یعنی ایسے بچوں کی تعداد چھ ملین سے 12 ملین ہوگئی ہے یا ہر روز 547 ایسے بچوں کا اضافہ ہو رہا ہے۔ (لارنس ہلاد، شہلا زیدی اور حارس گزدر، ڈان، 13 اکتوبر، صفحہ 9)

28 اکتوبر: صاف اور صحت مند کھانا پاکستان میں صرف 48 فیصد آبادی کو میسر ہے جبکہ 20 فیصد شہری اور 47 فیصد دیہی کو پینے کا صاف پانی بھی حاصل نہیں ہے۔ یہ بات اقوام متحدہ انڈسٹریل ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن (UNIDO) نے یونیورسٹی آف ویٹرینری اینڈ اینمل سائنسیز (UVAS) لاہور میں ایک کورس "فوڈ سیفٹی اینڈ کنٹرول" شروع کروانے پر کی۔ اس کورس کو یورپی یونین کے ٹی آر ٹی اےII (TRTA-II) کی مالی مدد حاصل ہے اور UNIDO (یونیڈو) اس کی تکمیل کے مختلف مراحل کی نگرانی کرے گا۔ (دی نیوز، 29 اکتوبر، صفحہ 1)

30 اکتوبر: عالمی خوراک کے دن کے موقع پر وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ اور تحقیق سکندر حیات بوسن نے کہا کہ اگلے پانچ سے سات سالوں میں پانی کی شدید کمی کی وجہ سے ملکی زراعت بری طرح متاثر ہوگی۔ ملک کی تیزی سے بڑھتی آبادی کے ساتھ یہ ایک نہایت بڑا چیلنج ہے اور حکومت اس لیے غذائی تحفظ کی پالیسی پر مشاورت کر رہی ہے۔ یہ پالیسی جو دسمبر کے آخر تک تیار ہو جائے گی موسمی چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے قابل ہوگی۔ اس کام میں وزرات صحت، کلائمٹ چینج اور این ایف ایس آر مل کر کام کر رہے ہیں۔ (ڈان، 31 اکتوبر، صفحہ 9)

9 نومبر: اقوام متحدہ کے ورلڈ فوڈ پروگرام (WFP) کے ایک سروے میں آزاد جموں و کشمیر میں 38 فیصد عورتیں اور 21 فیصد بچے غذائی عدم تحفظ کا شکار پائے گئے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 نومبر، صفحہ 4)

20 نومبر: کراچی میں ڈیولپمنٹ پارٹنرز فار نیوٹریشن (DPN) اور سیو دی چلڈرن کے زیر انتظام ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ماہرین نے کہا کہ پاکستان ایک خاموش تباہی سے دوچار ہے جو عورتوں اور بچوں کی آدھی تعداد کو ضرورت سے کم غذائیت میسر ہونے کی صورت میں ہمارے درمیان موجود ہے۔ (ڈان، 22 نومبر، صفحہ 18)

28 نومبر: پاکستان تحریک انصاف (PTI) کے ممبر قومی اسمبلی شاہ محمود قریشی نے قومی اسمبلی کے غذائی تحفظ پر اسٹینڈنگ کمیٹی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 18 ویں ترمیم کے بعد زراعت کا شعبہ صوبوں کو دے دیا گیا ہے لیکن صوبوں میں وہ صلاحیت نہیں ہے کہ وہ اس شعبے کو سنبھال سکیں۔ اس لیے ملک تیزی سے غذائی عدم تحفظ کا شکار ہو رہا ہے۔ (دی نیوز، 29 نومبر، صفحہ 8)

5 دسمبر: کراچی میں انسانی حقوق کی تنظیموں کے پروگرام میں مقررین نے بتایا کہ سندھ میں 40 فیصد عوتیں وزن کی کمی کا شکار ہیں جبکہ 37.1 فیصد عورتیں اور 53.3 فیصد بچے وٹامن اے کی کمی کا شکار ہیں۔ (دی نیوز، 6 دسمبر، صفحہ 20)

21 دسمبر: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے آفس آف ریسرچ انوویشن اینڈ کمرشیلائزیشن (ORIC) اور امریکی ادارے زراعت (USDA) کی طرف سے فیصل آباد میں پاکستان اور افغانستان کے پیشہ وروں کی اضافی مہارت پر پانچ روزہ ورک شاپ منعقد کی گئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے یونیورسٹی کے وائس چانسلر اقرار احمد خان نے کہا کہ معیاری بیج، مشینری اور بجلی کی کمی زرعی پیداوار کو بڑھانے میں بڑی رکاوٹ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غذائی عدم تحفظ کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے کسانوں کو زراعت میں توسیعی

مہارت رکھنے والے پیشہ وروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ (دی ایکسپریس ٹربیون، 22 دسمبر، صفحہ 11)

22 دسمبر: کراچی ریٹیل گروسرز گروپ (KRGG) کے مطابق سال 2013 میں روزمرہ کے کھانے کی چیزیں جس میں آٹا، دالیں، چاول، کھانے کا تیل، چائے اور مصالحے شامل ہیں کی قیمتوں میں 35 فیصد اضافہ ہوا۔ (دی نیوز، 28 دسمبر، صفحہ 15)

- زرعی قرضے

12 نومبر: ایک اخباری رپورٹ کے مطابق زرعی ترقیاتی بینک نے نئے زرعی قرضے دینے کا سلسلہ ختم کر دیا ہے اور کمرشل بینک بہت بھاری سود پر یہ قرضے دے رہے ہیں۔ زرعی ترقیاتی بینک کا سود اگرچہ کم تھا لیکن بینک کے افسران بڑی رشوت کے عادی تھے۔ سندھ حکومت نے اب ایک زرعی بینک کھولا ہے اس کے افسر بھی کمیشن مانگتے ہیں، یہ کمیشن انھیں بیج اور فرٹیلائزر بنانے والوں سے بھی مل رہا ہے۔ (شاہد شاہ، دی نیوز، 13 نومبر، صفحہ 17)

20 نومبر: ایک خبر کے مطابق سندھ بینک اپنے دو بلین روپے کے فنڈز میں سے آدھا چار بڑی چینی کی ملوں کو دینے جا رہا ہے۔ یہ ملیں ''بیمار'' نہیں ہیں بلکہ اچھا منافع کما رہی ہیں اور اس میں سے تین پیپلز پارٹی کے بڑے عہدے داروں کی ہیں۔ (امداد سومرو، دی نیوز، 21 نومبر، صفحہ 2)

21 نومبر: اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بینکوں کے لیے زرعی قرضے کا ہدف 14-2013 کے لیے 360 بلین مقرر کیا ہے۔13-2012 کے ہدف سے یہ رقم 14.2 فیصد زیادہ ہے۔ (ڈان، 22 نومبر، صفحہ 9)

23 دسمبر: اسٹیٹ بینک کے مطابق زرعی قرضوں میں اس سال کے پہلے پانچ مہینوں میں 11 فیصد اضافہ ہوا۔ مالیاتی سال 14-2013 کے لیے زرعی قرضوں کا ہدف 360 بلین روپے رکھا تھا، بینکوں نے پچھلے

پانچ مہینوں میں 118 بلین روپے کے قرضے دے کر 33 فیصد تک ہدف حاصل کرلیا ہے۔ (ڈان، 24 دسمبر، صفحہ 10)

## IV۔ غذائی اور نقد آور فصلیں

### غذائی فصلیں

14 ستمبر: پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت کے پہلے سو دنوں میں ضروری اشیائے خوردنی کی قیمتوں میں 23 فیصد سے لے کر 100 فیصد تک اضافہ ہوا۔ ایگری فورم آف پاکستان (AFP) کے چیئرمین ابراہیم مغل نے اس سلسلے میں کہا کہ ٹماٹر کی قیمت میں 100 فیصد، آٹے کی قیمت میں 25 سے 40 فیصد، چاول کی قیمت میں 23 فیصد، آلو کی قیمت میں 50 فیصد، پیاز کی قیمت میں 52 فیصد، دال ماش کی قیمت میں 28 فیصد، لال مرچ کی قیمت میں 43 فیصد اور انڈوں کی قیمت میں 39 فیصد اضافہ ہوا۔ (دی نیوز، 15 ستمبر، صفحہ 15)

- گندم

پیداوار:

2 ستمبر: FAO (ایف اے او) کی رپورٹ کے مطابق پاکستان اپنی گندم کی سالانہ پیداوار 22 سے 26 ملین ٹن سے بڑھا کر 32.5 سے 38 ملین ٹن پر لاسکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں گندم کی کم پیداوار کی وجہ آب پاشی کا کمزور ڈھانچہ اور زرعی مداخل کے استعمال تک ناکافی رسائی ہے۔ USAID (یو ایس ایڈ) کا کہنا ہے کہ پاکستان میں نہری پانی کی رسد میں کمی نے کسانوں کی کارکردگی پر منفی اثر ڈالا ہے۔ (دی نیوز، 3 ستمبر، صفحہ 17)

11 ستمبر: وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق سکندر حیات خان بوسن نے امریکی سفارت خانے کے زرعی قونصلر کلے ہیملٹن سے ملاقات کے دوران کہا کہ حکومت ملک کے زرعی ڈھانچے کو جدید شکل میں ڈھالنے کے لیے پرعزم ہے۔ انھوں نے امریکہ کی وزارت زراعت زراعت کی پاکستان میں اس حوالے سے

کوششوں کی تعریف کی۔ کلے ہیملٹن نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کے گندم کے سائنس دانوں کو امریکہ بھیجا جائے گا تا کہ تربیتی پروگراموں کے ذریعے گندم کی پیداوار میں اضافے میں مدد فراہم کی جاسکے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 ستمبر، صفحہ 11)

24 اکتوبر: ICARDA (آئی سی اے آر ڈی اے) کے ڈائریکٹر نے وفاقی وزیر کو بریفنگ میں بتایا کہ ان کا ادارہ تین پروجیکٹ پر کام کر رہا ہے۔ ان میں سے ایک گندم کی پیداوار بڑھانے کے لیے اقدامات ہیں جس کو یو ایس ڈی اے کا تعاون حاصل ہے۔ (دی نیوز، 25 اکتوبر، صفحہ 17)

31 اکتوبر: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر ڈاکٹر اقرار احمد نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھیتوں میں بیڈ پلانٹرز (bed planters) کو استعمال کرتے ہوئے گندم کی پیداوار میں 25 فیصد تک اضافہ اور پانی کے خرچ میں 50 فیصد تک کمی آسکتی ہے۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے واٹر منیجمنٹ اینڈ ریسرچ سینٹر اور یو ایس ڈی اے نے چھ بیڈ پلانٹرز کسانوں میں تقسیم کیے۔ یونیورسٹی 100 ایکڑ زمین پر فصلیں بیڈ پلانٹرز کی مدد سے کاشت کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 نومبر، صفحہ 10)

7 نومبر: WFP (ڈبلیو ایف پی) نے پاکستان ایگری کلچر اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن (PASSCO) کو گندم کی فصل کے کٹنے کے بعد کے نقصانات کم کرنے کے لیے 165 پلاسٹک کے مضبوط تھیلوں کے پیک فراہم کیے جن کی مالیت 14.7 ملین روپے ہے اور یہ 58,000 میٹرک ٹن گندم کو اسٹور کر سکتے ہیں۔ پاکستان میں ہر سال تقریباً 10 سے 15 فیصد گندم کٹائی کے بعد کھلا پڑے رہنے سے خراب ہوتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 نومبر، صفحہ 11)

11 نومبر: زراعت پر وفاقی کمیٹی نے 14-2013 کے لیے گندم کی پیداوار کا ہدف 25 ملین ٹن مقرر کرتے ہوئے صوبوں سے کہا کہ وہ گندم کی بوائی نومبر کے آخر تک مکمل کر لیں۔ گندم کی پیداوار 13-2012 میں

24.2 ملین ٹن تھی جبکہ ہدف 25.5 ملین ٹن کا رکھا گیا تھا۔ (ڈان، 12 نومبر،صفحہ 3)

30 نومبر: حیدرآباد میں ایک سیمینار بعنوان ''زیادہ گندم اگاؤ'' منعقد ہوا۔ اس کی صدارت کرتے ہوئے وزیر زراعت سندھ سردار علی نواز نے کہا کہ سندھ 3,200 کلوگرام گندم فی ایکڑ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے لیکن ابھی صرف 1,360 کلوگرام فی ایکڑ پیدا کررہا ہے۔ پیداوار بڑھانے کے لیے کسانوں کے رہنماؤں نے مناسب زرعی مراعات کا مطالبہ کیا۔ (ڈان، 1 دسمبر،صفحہ 20)

7 دسمبر: وفاقی حکومت نے خیبر پختون خواہ کی حکومت کی طرف سے گندم کی قیمتوں میں کمی کی درخواست کو رد کردیا ہے۔ خیبر پختون خواہ کی حکومت نے 400,000 ٹن گندم کی درخواست کی تھی جس کی پاسکو کی اپنی خریداری کی قیمت 37,125 فی ٹن کے حساب سے ادائیگی بھی ہو چکی ہے لیکن 161,789 ٹن حاصل کرنے کے بعد صوبائی افسران نے وفاقی حکومت سے اس کی قیمت کم کرنے کو کہا۔ وفاقی حکومت نے صوبائی حکومت سے کہا ہے کہ وہ پاسکو سے اپنا گندم فوری اٹھوائے ورنہ صوبے میں قیمتوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ایسی صورت حال میں صوبے کی آٹے ملوں کو گندم کی ترسیل براہ راست شروع کردی جائے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 دسمبر،صفحہ 11)

22 دسمبر: ایک خبر کے مطابق صوبہ خیبر پختون خواہ میں ربی کے موسم میں گندم کی کاشت چار فیصد زیادہ علاقے پر ہوئی ہے اور کسان اب بھی بعض علاقوں میں دیر سے لگائی جانے والی اقسام کی بوائی کررہے ہیں۔ (ڈان، 23 دسمبر،صفحہ 7)

امدادی قیمت/خریداری:

3 نومبر: NAB (این اے بی) نے بلوچستان میں گندم کی خریداری کے لیے دیے جانے والے فنڈز میں پچھلے تین سالوں میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی کی تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے بتایا کہ نصیرآباد، جعفرآباد،

کوئٹہ، پشین، سبی اور حب کے گوداموں میں کئی ہزار گندم کے تھیلوں کی کمی سامنے آئی ہے۔ (ڈان، 4 نومبر، صفحہ 1)

28 نومبر: قومی اسمبلی کی غذائی تحفظ اور تحقیق پر اسٹینڈنگ کمیٹی نے اپنے پہلے اجلاس میں حکومت کی جانب سے گندم حاصل کرنے کی امدادی قیمت مقرر کرنے میں دیر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ قیمت گندم کی بوائی سے دو مہینے پہلے مقرر کر دینی چاہیے۔ خوراک کے وزیر سکندر حیات بوسن نے صوبائی حکومتوں پر الزام لگایا کہ وہ تاریخ مقرر کرنے یا امدادی قیمت بڑھانے میں دلچسپی کا مظاہرہ نہیں کر رہی ہیں۔ (ڈان، 29 نومبر، صفحہ 9)

29 نومبر: گنے اور گندم کے کاشتکاروں نے سندھ حکومت سے کہا کہ وہ ان دونوں کے خریدنے کی قیمت پچھلے سال کی قیمت سے زیادہ رکھے۔ ایس سی اے کے نائب صدر میر مرادعلی تالپور نے کہا کہ گندم کے کاشتکار کم قیمت کی وجہ سے کم رقبے پر اس کی بوائی کرنے پر مجبور ہیں۔ چیمبر کے مطابق اس وجہ سے اگلے سال گندم کی قلت ہوسکتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 نومبر، صفحہ 11)

آٹے کی قیمت:

3 ستمبر: پنجاب کے وزیر قانون اور بلدیات رانا ثناء اللہ نے پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ حکومت آئندہ چند روز میں صوبے کے عوام کو رعایتی نرخوں پر آٹے کی فراہمی کا اعلان کرنے والی ہے۔ اس سوال پر کہ حکومت کسانوں کو زرعی مداخل میں زرتلافی دے کر گندم کی پیداواری لاگت میں کمی کیوں نہیں لا رہی تاکہ گندم اور آٹا سستا ہو، وزیر زراعت فرخ جاوید کا کہنا تھا کہ اس مقصد کے لیے 14.5 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ چھوٹے کسانوں کو فی ایکڑ کے حساب سے بطور انعام ٹریکٹر دینے کی اسکیم بھی متعارف کروائی جارہی ہے۔ (ڈان، 4 ستمبر، صفحہ 2)

3 اکتوبر: سندھ کے وزیر خوراک جام مہتاب حسین ڈہر کا کہنا ہے کہ حکومت نے گندم کی قیمت 34.50 روپے کلو اور آٹے کی قیمت 39.50 روپے کلو مقرر کردی ہے اور اس سے مہنگے داموں فروخت کرنے والوں کو قانونی کارروائی کا سامنا کرنا ہوگا۔ (ڈان، 4 اکتوبر، صفحہ 17)

7 نومبر: ایک مضمون کے مطابق گندم کی قیمت میں کراچی کی مقامی منڈی میں آہستہ آہستہ اضافہ ہو رہا ہے کیونکہ گندم کے موجود ذخائر مقامی طلب کو پورا کرنے کے لیے ناکافی ہیں۔ پچھلے دومہینوں میں گندم کی قیمت میں 95 روپے فی 100 کلوگرام اضافہ ہو چکا ہے۔ (سلمان صدیقی، دی نیوز، 8 نومبر، صفحہ 15)

21 نومبر: قومی غذائی تحفظ اور تحقیق نے صوبہ خیبر پختون خواہ میں گندم کے بحران کو پیدا ہونے سے روکنے کے لیے PASSCO (پاسکو) سے کہا ہے کہ وہ 300,000 ٹن گندم صوبے کی آٹے کی ملوں کو جلد فراہم کرے۔ ابھی ملوں کو صرف 2,000 ٹن روزانہ مل رہا ہے جبکہ ضرورت 12,000 ٹن کی ہے۔ پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن (PFMA) کے پی چیپٹر کے چیئرمین انیس اشرف نے عبوری حکومت پر الزام لگاتے ہوئے کہا کہ اس نے صوبے میں گندم حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی تھی۔ لہذا نئ حکومت کو صوبے کے لیے صرف 60,000 سے 70,000 ٹن گندم ملا تھا جو غذائی تحفظ کے لیے ناکافی تھا۔ (ڈان، 21 نومبر، صفحہ 9)

2 دسمبر: کراچی سپریم کورٹ نے جماعت اسلامی کے جنرل سیکریٹری لیاقت بلوچ کی درخواست پر نوٹس لیتے ہوئے یہ حکم دیا کہ آٹا سمیت کھانے پینے کی اشیاء کی قیمتیں سستی کردی جائیں۔ درخواست گزار نے کہا کہ آٹا 42 اور کہیں 48 روپے فی کلو فروخت ہوتا ہے جو پچھلے سال 13 روپے فی کلو تھا۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ خوراک کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ (ڈان، 3 دسمبر، صفحہ 14)

5 دسمبر: لاہور محکمہ خوراک حکومت پنجاب کے ترجمان نے کہا کہ صوبے میں آٹے کی کوئی کمی نہیں ہے۔

20 کلو آٹے کے آٹھ لاکھ 20 ہزار تھیلے روزانہ پنجاب حکومت منڈی کو فراہم کرتی ہے۔ جو 785 روپے فی تھیلے کے حساب سے دستیاب ہے۔ بچت بازار میں یہ 765 روپے فی تھیلہ دستیاب ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے ایسی موثر پالیسی بنالی ہے کہ آٹے کی کمی کے حوالے سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی۔ (دی نیوز، 6 دسمبر، صفحہ 5)

آٹا ملیں:

5 ستمبر: وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین نے محکمہ خوراک کے اہلکاروں اور اخباری نمائندوں کے ہمراہ گڈلک فلورملز پر چھاپہ مارا اور ٹیسٹنگ لیبارٹری کے نہ ہونے اور مضرصحت ماحول کے الزام میں اسے بند کردیا۔ PFMA (پی ایف ایم اے) نے چھاپے کو غیر قانونی قرار دے کر عدالت میں جانے اور ہفتے (7 ستمبر) کو ہڑتال کی دھمکی دی ہے۔ (ڈان، 6 ستمبر، صفحہ 2)

9 ستمبر: حیدرآباد میں آٹا چکی مالکان کی تنظیم آٹا چکی اونرز سوشل ویلفیئر ایسوسی ایشن نے تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر محکمہ خوراک نے 15 ستمبر تک چکیوں کا کوٹا نہیں بڑھایا تو وہ احتجاج شروع کردیں گے۔ (ڈان، 10 ستمبر، صفحہ 18)

11 ستمبر: اے ایف پی نے آٹا ملوں کو مہنگے داموں گندم فروخت کرکے منافع کمانے پر وفاقی اور صوبائی حکومتوں پر کڑی تنقید کی ہے۔ اے ایف پی کے چیئرمین ابراہیم مغل کا کہنا ہے کہ وفاقی وصوبائی حکومتیں کسانوں سے 1,200 روپے من کے حساب سے گندم لے کر آٹا ملوں کو 1,330 روپے من کے حساب سے فروخت کررہی ہیں جس کی وجہ سے منڈی میں آٹا مہنگے داموں بک رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام اخراجات شامل کرنے کے بعد بھی آٹا ملوں کو گندم زیادہ سے زیادہ 1275 روپے من کے حساب سے ملنی چاہیے۔ (دی نیوز، 12 ستمبر، صفحہ 15)

14 ستمبر: پنجاب حکومت نے گذشتہ ایک سال میں آٹا ملوں کو 1,275 روپے من کے بجائے 1,330 روپے من کے نرخ پر گندم فروخت کر کے دس ارب روپے کی بچت کی تھی۔ صوبائی حکومت اس میں سے نصف یعنی پانچ ارب روپے سے غریب افراد کو خوراک، صحت اور تعلیم کی سہولیات ارزاں نرخوں پر فراہم کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے جس کے لیے وہ بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مدد لے گی جس کے مطابق پنجاب میں 26 لاکھ ایسے خاندان ہیں۔ (ڈان، 15 ستمبر، صفحہ 2)

21 ستمبر: حیدر آباد میں آٹا مل اور آٹا چکی مالکان نے خبردار کیا ہے کہ گندم کی قیمت میں غیر معمولی اضافے کے باعث آٹے کا بحران پیدا ہوسکتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مارچ تک گندم کی سو کلو کی بوری کی قیمت 2,800 تھی تاہم اب وہ 3,450 روپے پر فروخت ہورہی ہے۔ اس اضافے کے باعث آٹا تھوک منڈی میں 42 روپے کلو اور پرچون منڈی میں 44 روپے کلو پر فروخت ہورہا ہے۔ (ڈان، 22 ستمبر، صفحہ 20)

24 ستمبر: پی ایف ایم اے، سندھ کے چیئرمین چوہدری محمد یوسف نے کہا ہے کہ بجلی کے بلوں میں 75 فیصد اضافے کے بعد اب آٹا ملیں آٹے کی قیمت میں کم از کم 1.25 روپے فی کلو اضافے پر مجبور ہو جائیں گی۔ (ڈان، 25 ستمبر، صفحہ 9)

28 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق آٹے کی قیمت کراچی میں مل والوں نے ایک روپے بڑھا دی ہے۔ آٹا اب 39.50 روپے فی کلوگرام کے بجائے 41.50 روپے فی کلو پر بک رہا ہے۔ (ڈان، 29 اکتوبر، صفحہ 9)

14 دسمبر: پی ایف ایم اے نے لاہور میں ایک پریس کانفرنس میں خبردار کیا کہ آٹے کی ملیں 23 دسمبر کو ہڑتال پر چلی جائیں گی اگر پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ملوں پر اپنے چھاپے جاری رکھے۔ آٹے کے معیار کو جانچنے کے لیے آٹے کے نمونے لینا کوئی بری بات نہیں لیکن اس کے لیے 6,000 روپے رشوت طلب کرنا زیادتی ہے۔ (دی نیوز، 15 دسمبر، صفحہ 3)

روٹی:

3 ستمبر: پشاور اور چارسدہ میں نان بائیوں نے روٹی کی قیمت میں اضافے کے لیے مکمل ہڑتال کی۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ 120 گرام روٹی چھ روپے میں فروخت کررہے ہیں لیکن 85 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت دو مہینے میں ہزار روپے بڑھ گئی ہے اس لیے حکومت 130 گرام روٹی کی قیمت دس روپے مقرر کرے۔ ڈپٹی کمشنر پشاور ظہیر الاسلام کا کہنا ہے کہ اس ہڑتال کے پیچھے وہ آٹے کے تاجر ہیں جو تندوروں کے مالک ہیں۔ روٹی کی قیمت میں اضافے سے وہ اپنا منافع بڑھانا چاہتے ہیں۔ (ڈان، 4 ستمبر، صفحہ 5)

4 ستمبر: پشاور میں نان بائیوں کی شٹر ڈاؤن ہڑتال دوسرے دن میں داخل ہوگئی ہے۔ ہڑتال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے متعدد افراد نے عارضی تندور قائم کرلیے ہیں جہاں وہ ایک روٹی بارہ سے پندرہ روپے میں فروخت کررہے ہیں جو حکومتی نرخ چھ روپے سے دگنی قیمت ہے۔ (ڈان، 4 ستمبر، صفحہ 5)

5 ستمبر: پشاور اور چارسدہ میں نان بائیوں نے انتظامیہ سے کامیاب مذاکرات کے بعد اپنی ہڑتال ختم کرکے تندور کھول دیے ہیں۔ انتظامیہ نے وعدہ کیا ہے کہ وہ دس ستمبر کے بعد روٹی کے نرخ پر نظر ثانی کرے گی۔ اس وقت تک نان بائی پرانے نرخ یعنی چھ روپے پر روٹی فروخت کریں گے۔ (ڈان، 6 ستمبر، صفحہ 5)

17 ستمبر: آٹے کی قیمت میں اضافے کے بعد روٹی کی مختلف اقسام کی قیمتوں میں بھی اضافہ کردیا گیا ہے۔ ایک جائزے کے مطابق کراچی میں نان، تافتان، شیرمال اور کلچہ بالترتیب نو، 28، 28 اور 24 روپے کی قیمت پر فروخت ہورہے ہیں جبکہ اس سے قبل یہ آٹھ، 25، 25 اور 22 روپے پر فروخت ہورہے تھے۔ (ڈان، 18 ستمبر، صفحہ 9)

22 دسمبر: ایک سروے کے مطابق کراچی میں ڈبل روٹی کی قیمتوں میں اس سال 18 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

دسمبر 22 کی قیمت کی فہرست کے مطابق درمیانی اور بڑی ڈبل روٹی کی قیمت باترتیب 63 اور 80 روپے ہے جو 29 ستمبر تک 60 اور 75 روپے میں دستیاب تھی۔ (ڈان، 23 دسمبر، صفحہ 15)

- چاول

پیداوار:

4 ستمبر: رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (REAP) کا کہنا ہے کہ شدید بارشوں اور بھارت کے دریاؤں میں پانی چھوڑنے کی وجہ سے پنجاب میں چاول کی دس فیصد کھڑی فصلیں تباہ ہوگئی ہیں۔ (دی نیوز، 5 ستمبر، صفحہ 17)

امدادی قیمت:

15 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق سندھ میں کاشتکار عید سے پہلے دھان (جس کی فصل اس بار بہت اچھی ہوئی ہے) مجبوری میں سستے دام بیچ رہے ہیں۔ حکومت نے نہ امدادی قیمت مقرر کی ہے اور نہ پاسکو اور ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (TCP) نے اپنی خریداری شروع کرنے کا کوئی اعلان کیا ہے۔ دھان عام حالات میں 800 سے 1000 روپے فی 40 کلو بیچا جاتا ہے لیکن اس وقت اری 6، 700 روپے فی 40 کلو پر فروخت ہورہا ہے۔ کاشتکاروں کے مطابق اپنی پیداوار سستے دام بیچنے کے بعد ہم بینک اور زمینداروں کے قرضے ادا کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ مداخل کی قیمتوں میں اس سال بے تحاشہ اضافہ ہوا ہے، منڈی میں یوریہ کم از کم 2,000 فی بیگ کے حساب سے مل رہا ہے جبکہ حکومت نے اسکی قیمت 1,750 مقرر کی ہے۔ سندھ آبادگار بورڈ کے نائب صدر گدا حسین ماہیشیر کے مطابق اری 6 کی قیمتوں میں کمی کی ایک وجہ برآمد کرنے والوں کی اجارہ داری اور عالمی منڈی میں چاول کی قیمتوں میں کمی بھی ہے۔ (ایم بی کلہوڑو، ڈان، 16 اکتوبر، صفحہ 16)

19 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق دادو ضلع کی پانچ یونین کونسلوں میں 70,000 ایکڑ پر دھان کی فصل کو لال

چوہوں نے 80 فیصد تک تباہ کر دیا ہے۔ وہ پودے کو ایسے کاٹتے ہیں کہ وہ چارے کے استعمال کے لیے بھی نہیں رہ جاتا۔ (ڈان، 20 اکتوبر، صفحہ 20)

7 دسمبر: ایف اے او نے اپنی ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ موسمی تبدیلی سے پاکستان میں چاول کی پیداوار بری طرح متاثر ہورہی ہے۔ پاکستان میں خصوصاً باسمتی چاول کی پیداوار میں پچھلے تین سالوں سے بارش اور سیلاب کی وجہ سے 600,000 ٹن سے 8.7 ملین ٹن تک کی کمی واقع ہوئی ہے۔ رائس منڈی مانیٹر کے مطابق اگلے سال برآمدات میں مزید کمی واقع ہوسکتی ہے۔ (ڈان، 8 دسمبر، صفحہ 11)

- گنا

پیداوار:

11 نومبر: وفاقی کمیٹی برائے زراعت نے ربی کے موسم 14-2013 کے لیے گنے کی پیداوار کا ہدف 62.8 ملین ٹن مقرر کر دیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 نومبر، صفحہ 11)

امدادی قیمت/خریداری:

23 ستمبر: سندھ کے وزیر زراعت علی نواز مہر نے سندھ اسمبلی کے اجلاس کے دوران ارکان اسمبلی کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہا کہ پانچ شوگر ملیں حکومت کی نو کروڑ 30 لاکھ روپے سے زائد ٹیکس کی نادہندہ ہیں۔ (ڈان، 24 ستمبر، صفحہ 17)

23 ستمبر: اکتوبر کا مہینہ آنے کے باوجود سندھ گورنمنٹ نے گنے کی کرشنگ کی تاریخ کا اعلان نہیں کیا ہے۔ کسانوں کو زمین گندم کی پیداواری کے لیے خالی چاہیے۔ اس لیے ڈر ہے کہ دیر ہونے کی صورت میں کسان کو گنا شوگر مل مالکان کو اونے پونے بیچنا پڑے گا۔ سندھ آباد گار بورڈ (SAB) کے کارکن کے مطابق کاشتکار کپاس میں نقصان کے بعد گنے کی طرف آئے تھے مگر مل مالکان کا رویہ ناقابل برداشت

ہے۔ (ڈان، 24 ستمبر، صفحہ 18)

27 اکتوبر: صوبہ خیبر پختون خواہ میں گنے کے کاشتکاروں نے کہا کہ آنے والے سیزن کے لیے وہ صوبائی حکومت سے گنے کی امدادی قیمت کے حوالے سے کوئی بہتر صورتحال نہیں دیکھ رہے۔ کسان بورڈ کے جنرل سیکریٹری عبدالصمد شانی نے کہا کہ ''ہزاروں گنے کے کاشتکاروں کو مالی مشکلات کا سامنا ہے کیونکہ حکومت نے نہ گنے کے لیے کنٹرول بورڈ کو قائم کیا ہے اور نہ پہلی نومبر سے گنے کی کرشنگ کا اعلان کیا ہے''۔ (ڈان، 26 اکتوبر، صفحہ 5)

30 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق سندھ میں ٹمیاری شوگر مل نے گنے کی کرشنگ شروع کردی ہے حالانکہ ابھی تک حکومت سندھ نے گنا فروخت کرنے کی قیمت مقرر نہیں کی ہے۔ مل پچھلے سال کی قیمت یعنی 172 روپے فی من کے حساب سے گنا خرید رہی ہے۔ کسانوں کے مطابق بجلی فرٹیلائزر اور دیگر مداخل اورخود چینی کی قیمت میں پچھلے ایک سال میں اضافہ ہوا ہے۔ (محمد حسین، ڈان 30 اکتوبر، صفحہ 18)

30 اکتوبر: سندھ کے وزیر زراعت علی نواز مہر سے ایک ملاقات میں سندھ آباد گار بورڈ نے گنے کی قیمت 225 روپے فی 40 کلوگرام مقرر کرنے کو کہا۔ محمود نواز شاہ سیکریٹری سندھ آباد گار بورڈ کے مطابق 200 روپے فی 40 کلوگرام گنے کی پیداوار کا تخمینہ ہے اور 25 روپے منافع رکھا گیا ہے۔ (دی نیوز، 31 اکتوبر، صفحہ 15)

31 اکتوبر: سندھ حکومت نے 2013-14 کے لیے گنا خریدنے کے لیے گنے کی کم از کم قیمت 180 روپے فی 40 کلوگرام مقرر کی جو پچھلے سال کے مقابلے میں آٹھ روپے زیادہ ہے۔ چینی کی ملوں کو پہلی نومبر سے گنے کی کرشنگ شروع کرنا ہے تاہم سندھ آباد گار بورڈ کے سیکریٹری جنرل محمود نواز کے مطابق ملیں مختلف بہانوں سے پہلی دسمبر تک یہ کام ملتوی کرنے کی کوشش کریں گی تاکہ کسانوں سے کم سے کم

قیمت پر ان کی فصل حاصل کرسکیں۔ (ڈان، 1 نومبر، صفحہ 9)

2 نومبر: کاشتکاروں نے حکومت کی مقرر کردہ گنا خریدنے کی قیمت (180 روپے فی 40 کلوگرام) پر اپنے عدم اطمینان کا اظہار کیا ہے، وہ 200 سے 250 فی 40 کلوگرام کی امید باندھے ہوئے تھے۔ (ڈان، 3 نومبر، صفحہ 20)

2 نومبر: ایس سی اے کے جنرل سیکریٹری نبی بخش سٹھیو نے ٹنڈو محمد خان میں کہا کہ چینی کے مل مالکان نے گنے کی کرشنگ پہلی نومبر (حکومت کی مقرر کردہ تاریخ) صرف نام کے لیے شروع کی تا کہ انھیں پانچ فیصد برآمدی رقم کے ساتھ حکومت سے چینی برآمد کرنے کی اجازت مل جائے۔ حکومت نے یہ شرط عائد کی تھی کہ اگر مل مالکان پہلی نومبر سے کرشنگ شروع کر دینگے تو انھیں یہ دونوں مراعات دی جائیں گی۔ کسانوں کا یہ اندیشہ ہے کہ کم سے کم قیمت پر گنا حاصل کرنے کے لیے مل مالکان دسمبر کے مہینے سے ہی کرشنگ شروع کریں گے۔ مل مالکان کسانوں کی دیوالی اور عاشورے میں مصروفیات کو بہانہ بنا کر کرشنگ روکنا چاہتے ہیں۔ (ڈان، 3 نومبر، صفحہ 20)

6 نومبر: کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی نے وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی صدارت میں مل مالکان کی طرف سے گنے کی کرشنگ ملتوی کرنے کی دھمکی کے بعد 150,000 میٹرک ٹن چینی خریدنے کا اعلان کر دیا۔ مل مالکان کا کہنا ہے کہ ان کے پاس ابھی بھی 650,000 میٹرک ٹن چینی موجود ہے۔ سندھ میں اب 20 نومبر سے اور پنجاب میں 25 نومبر سے کرشنگ شروع کی جائے گی۔ رابطہ کمیٹی نے 500,000 ٹن چینی برآمد کرنے کی تاریخ بھی دسمبر کے آخر تک بڑھا دی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 7 نومبر، صفحہ 9)

8 نومبر: ایس سی اے نے واضح کہا کہ گنے کی 180 روپے فی من کی قیمت حکومت سندھ نے ایس سی اے کی طرف سے 31 اکتوبر کے اجلاس سے بائیکاٹ کے باوجود مقرر کی تھی۔ اس سے کاشتکاروں کا مجموعی نقصان تقریباً نو بلین روپے ہوگا۔ (ڈان، 9 نومبر، صفحہ 18)

12 نومبر: حکومتی قیمت (180 روپے فی 40 کلو) پر عدم اطمینان کے اظہار کے طور پر ضلع بدین کے کاشتکاروں نے شوگر ملوں کو گنے کی سپلائی بند کردی ہے۔ کاشتکار 240 روپے فی 40 کلوگرام کی قیمت طلب تو کررہے ہیں لیکن دوسری طرف وہ چھوٹے کاشتکار جن سے مل والے فصل کی کمی کی وجہ سے گنا نہیں خریدتے منڈی میں نہایت سستے دام اپنی فصل (165-152 روپے فی کلو) بیچ رہے ہیں۔ گنے کے تمام کاشتکار نہ تو فصل کاٹ کر اپنے پاس رکھ سکتے ہیں کیونکہ فصل خراب ہونے کا خطرہ ہوتا ہے اور نہ ہی کھیت پر فصل کھڑی چھوڑ سکتے ہیں کیونکہ انھیں اگلی فصل کے لیے زمین تیار کرنی ہوتی ہے۔ (ڈان، 13 نومبر، صفحہ 18)

13 نومبر: ایک مضمون کے مطابق کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کے حالیہ فیصلوں کی وجہ سے چینی کے مل مالکان خوب منافع کمائیں گے۔ کمیٹی کا پہلا فیصلہ گنے کی کرشنگ کی تاریخ کو ملتوی کرنا ہے اور دوسرا ٹی سی پی کو 500,1000 ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دینا ہے۔ پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن (PSMA) کے مطابق 500,000 ٹن چینی پانچ مہینوں میں برآمد کی جائے گی۔ ابھی تک 27,000 ٹن برآمد کی جاچکی ہے۔ حکومت نے چینی کی برآمد کو کسانوں سے گنا خریدنے کی قیمت کی ادائیگی سے مشروط کیا ہے۔ مل مالکان کو پچھلی خریداری کی 260 ملین روپے کی رقم کاشتکاروں کو ادا کرنی تھی جس میں سے صرف 170 ملین روپے ادا کی گئی ہے۔ (ظفر بھٹا، دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 نومبر، صفحہ 11)

13 نومبر: کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کی طرف سے گنے کی کرشنگ 20 نومبر تک ملتوی کرنے کے فیصلے کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے گنے کے کاشتکار کہہ رہے ہیں کہ دستور میں 18 ویں ترمیم کے مطابق یہ فیصلہ صوبائی حکومت کے کرنے کا ہے، وفاقی حکومت کا نہیں۔ ایس سی اے کے مطابق وفاقی حکومت، شوگر مل مالکان کے گٹ جوڑ میں شامل ہو چکی ہے۔ (ڈان، 14 نومبر، صفحہ 18)

15 نومبر: ایک مضمون کے مطابق چارسدہ کے ایک کسان نے بتایا کہ گڑ کے ایک پُر (80-75 کلوگرام)

کی قیمت مقامی منڈی میں رنگ اور مزے کے مطابق 5,000 روپے تک ہے۔ گنے کی فی ایکڑ پیداوار 400 من ہے جس کے 20 پر سے کسان 100,000 روپے سے زیادہ کما سکتے ہیں۔ یہ قیمت اس قیمت سے زیادہ ہے جو چینی کے مل مالکان آج کل دے رہے ہیں۔ (طاہر علی، دی نیوز، 15 نومبر، صفحہ ii)

30 نومبر: صوبہ پختون خواہ میں گنے کی امدادی قیمت 170 روپے فی من برقرار رکھنے کے خلاف گنے کے کاشتکاروں نے پشاور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالے سے خیبر پختون خواہ کے چیمبر آف ایگریکلچر کے نائب صدر محمد زاہد خان نے کہا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) نے پیداواری قیمت اور مداخل کی قیمتوں میں اضافے کا تخمینہ 11 فیصد لگایا ہے۔ حکومت کا اندازہ 10 فیصد ہے جبکہ کاشتکاروں کے حساب سے یہ اضافہ 16 فیصد ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس کو دیکھتے ہوئے حکومت کو 235 روپے فی 40 کلو قیمت مقرر کرنا چاہیے تھی۔ (دی نیوز، 30 نومبر، صفحہ 9)

30 نومبر: وزیر زراعت سندھ سردار علی نواز خان مہر نے حیدر آباد میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ گنے کی قیمتوں کا تنازعہ کاشتکاروں اور کارخانے والوں کے ساتھ میٹنگ کے بعد حل کردیا جائے گا۔ حکومت پنجاب کی طرف سے آنے والے فیصلے تک سندھ میں 180 روپے فی من گنے کی قیمت مقرر کردی گئی ہے۔ (ڈان، 1 دسمبر، صفحہ 20)

6 دسمبر: سندھ حکومت کی طرف سے گنے کی قیمتوں کے تعین کرنے کے باوجود پیداواری سرگرمیاں تعطل کا شکار ہیں اور فیکٹری مالکان پچھلے سال کی قیمتوں پر گنے خرید رہے ہیں۔ 35 میں سے 22 شوگر ملز نے کرشنگ کا کام بھی شروع کردیا ہے۔ کاشتکاروں کی فیکٹری مالکان کے ساتھ بات چیت کے بعد گنے کی قیمت 180 روپے فی من طے ہوگئی تھی مگر اب چند فیکٹری مالکان 172 روپے فی من پر گنا خریدنے پر اسرار کررہے ہیں۔ (ڈان، 7 دسمبر، صفحہ 9)

7 دسمبر: فیصل آباد فیکٹری مالکان حکومت کی طے شدہ قیمت (170 روپے فی من) کے بجائے کم قیمتوں پر (140-150 روپے فی من) خرید رہے ہیں۔ کاشتکار اب گڑ بنا کر بھیجنے کو ترجیح دے رہے ہیں جو کہ 2,100 روپے فی من بکتا ہے اور ان کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ PSMA (پی ایس ایم اے) کی حکومت کو یقین دہانی کے باوجود ملوں نے کسانوں کے پچھلے سال کے بقایہ جات ادا نہیں کیے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 دسمبر، صفحہ 11)

13 دسمبر: ایس سی اے نے سندھ حکومت کی گنا خریدنے کی قیمت کو رد کرتے ہوئے کہا کہ قیمت مقرر کرتے وقت کاشتکاروں کے مفادات اور مطالبے کو یکسر نظر انداز کیا گیا ہے۔ حکومت سندھ کی نوٹیفیکیشن میں قیمت 172 روپے فی 40 کلوگرام مقرر کی گئی ہے جبکہ وزیر زراعت نے یہ قیمت 180 روپے فی کلو مقرر کی ہے۔ چینی کے مل مالکان 172 روپے پر بھی گنا خریدنے کو تیار نہیں جبکہ کاشتکار 200 روپے فی 40 کلوگرام پر اصرار کر رہے ہیں۔ (ڈان، 14 دسمبر، صفحہ 18)

19 دسمبر: سندھ محکمہ زراعت کے مطابق گنے کی امدادی قیمت 172 فی 40 کلوگرام ہی مقرر کی گئی ہے۔ پنجاب کی حکومت اس سے پہلے اپنی امدادی قیمت 170 روپے فی 40 کلوگرام مقرر کر چکی ہے۔ (دی نیوز، 19 دسمبر، صفحہ 15)

- آلو

12 نومبر: کراچی کے بازار میں آلو کی قیمت 50 روپے فی کلو پہنچ گئی جبکہ ستمبر کے مہینے میں یہ 30-40 فی کلو پر دستیاب تھے۔ صارفین کے مطابق یہ حکومت کی قیمتوں پر کنٹرول میں ڈھیل کی وجہ سے ہے۔ (ڈان، 12 نومبر، صفحہ 9)

22 نومبر: ایگری کلچر ایکس ٹینشن پنجاب کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر انجم علی کے مطابق آلو کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ موسمی تبدیلی کی وجہ سے آلو کی فصل دیر سے تیار ہونے کے باعث ہے۔ اگلے دو ہفتوں میں

پنجاب سے آلو کی فصل تیار ہونے کے بعد اس کی قیمت 100 سے کم ہو کر 50-40 روپے فی کلو ہونے کا امکان ہے۔ (دی نیوز، 23 نومبر، صفحہ 15)

## نقد آور فصلیں

- کپاس

10 ستمبر: پنجاب میں شدید بارشوں اور سیلاب نے کپاس کی فیصل کو کافی نقصان پہنچایا ہے لیکن سندھ میں مناسب بارشوں کی وجہ سے کپاس کی فصل اچھی ہوئی ہے جس کے بعد پنجاب کی کپاس ملوں نے اپنی مانگ پوری کرنے کے لیے سندھ کے کاشت کاروں سے اچھے داموں پر روئی خریدنی شروع کردی ہے۔ (ڈان، 11 ستمبر، صفحہ 18)

18 ستمبر: رواں سال ملک میں اب تک روئی کی 2.26 ملین گانٹھیں پیدا کی جا چکی ہیں۔ ان میں سے 1.695 ملین سندھ اور 0.931 ملین گانٹھیں پنجاب میں پیدا کی گئیں۔ (ڈان، 19 ستمبر، صفحہ 9)

27 ستمبر: پھٹی کی رسد میں کمی اور مل مالکان اور برآمد کنندگان کی جانب سے اس کی طلب میں اضافے کے بعد ملک میں روئی کی قیمتیں ریکارڈ اضافے سے 7400 روپے من تک پہنچ گئی ہیں۔ (ڈان، 28 ستمبر، صفحہ 10)

3 اکتوبر: سندھ میں کپاس کی اچھی فصل کے بعد جننگ فیکٹریوں میں پھٹی کی آمد شروع ہوگئی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر پھٹی کی آمد اسی رفتار سے جاری رہی تو ملک میں 12.50 سے 13 ملین گانٹھوں کی پیداوار ہوگی جو ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی ہے۔ (ڈان، 4 اکتوبر، صفحہ 9)

9 اکتوبر: حکومت نے پاکستان سینٹرل کاٹن کمیٹی (PCCC) کی تشکیل نو کردی ہے جس کے بعد کمیٹی پر آل

پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (APTMA) کا اختیار ختم ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق 2 اکتوبر کو کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ECC) کے اجلاس میں اس بات پر حیرت کا اظہار کیا گیا تھا کہ کپاس کے اس سائنسی تحقیقی ادارے کا مکمل کنٹرول ٹیکسٹائل ملوں کے مالکان کی تنظیم APTMA (اپٹما) کے پاس کیوں ہے۔
(دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 اکتوبر، صفحہ 10)

21 اکتوبر: پاکستان کاٹن جنرز ایسویشن (PCGA) کے ایک رکن احسان الحق کے مطابق کپاس اور گندم کا زیر کاشت رقبہ گنے کی بڑھتی ہوئی کاشت کی وجہ سے گھٹ رہا ہے۔ پاکستان کو اس وجہ سے اپنی ٹیکسٹائل ملوں کے لیے بڑی مقدار میں کپاس درآمد کرنی پڑے گی اور کچھ عرصے بعد گندم بھی شاید بڑی مقدار میں درآمد کرنا پڑے۔ اس کے علاوہ گنے کی بڑھتی ہوئی کاشتکاری کی وجہ سے کپاس پر وائرس کے حملے کا خطرہ بھی بڑھ جائیگا۔ (دی ایکسپریس، ٹریبیون، 22 اکتوبر، صفحہ 11)

23 اکتوبر: ایک تحریری بیان میں اپٹما کے سنٹرل چیئرمین یاسین صادق نے حکومت پاکستان کی توجہ PCCC (پی سی سی سی) کی طرف سے کاٹن cess (ٹیکس) کے غلط استعمال کی طرف دلائی۔ اپٹما نے تجویز پیش کی کہ پی سی سی سی کی تشکیل نو کی جائے تاکہ روئی کی پیداوار کا ہدف حاصل کرنا ممکن بنایا جاسکے۔ اس مقصد کے لیے ملتان میں اعلیٰ تحقیقی ادارہ سینٹرل کاٹن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (CCRI) قائم کیا جائے۔ (دی نیوز، 24 اکتوبر، صفحہ 17)

2 نومبر: عالمی کپاس کی منڈی میں رسد کی زیادتی اور طلب میں کمی کے رجحان کی باعث کراچی کپاس منڈی میں پچھلے پانچ دنوں میں جینرز گھبراہٹ میں روئی بیچ رہے ہیں جب کہ سوت بنانے والے اور کپاس درآمد کرنے والے محتاط انداز سے اپنی ضرورت کے مطابق تھوڑی مقدار میں کپاس خرید رہے ہیں۔ (ڈان، 3 نومبر، صفحہ 12)

18 نومبر: ملک میں کپاس کی پیداوار 15 نومبر 2013 تک 9.518 ملین بیلز تھی جبکہ پچھلے سال اس دوران 8.519 ملین بیلز کی پیداوار ہوئی تھی۔ یہ اعداد و شمار ثابت کر رہے ہیں کہ اس سال پیداوار حکومتی اندازے سے زیادہ ہوگی۔ تجزیہ کاروں کے مطابق یہ 14 ملین بیلز سے بھی تجاوز کر سکتی ہے۔ (ڈان، 19 نومبر، صفحہ 9)

15 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق حکومت نے کپاس کا پیداواری ہدف سال 14-2013 کے لیے 14.1 ملین بیلز رکھا ہے جبکہ کاٹن کروپ اسسمنٹ کمیٹی (CCAC) کے تخمینے کے مطابق کپاس کی کل پیداوار 12.3 ملین بیلز تک ہوگی۔ منڈی میں کم قیمت کی وجہ سے کسانوں نے کم علاقے پر اس کی بوائی کی ہے۔ (ظفر بھٹا، دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 دسمبر، صفحہ 11)

- گوار

11 ستمبر: ایک خبر کے مطابق گوار پاکستان کی بڑی نقد آور فصل کے طور پر سامنے آرہی ہے۔ پاکستان میں گوار کی کاشت کے رقبے میں اضافے کی وجہ سے رواں سال اس کی ڈھائی سے تین لاکھ ٹن پیداوار کی توقع ہے۔ ماہرین کے مطابق تیل اور گیس کی تلاش کی صنعت میں گوار کی گوند (گم) اور سفوف (پاؤڈر) کی طلب میں اضافے کی وجہ سے عالمی منڈی میں گوار کی فروخت بڑھ گئی ہے۔ پاکستان میں گوار سے گوند اور سفوف بنانے والی گیارہ کمپنیاں ہیں۔ گوار کی مصنوعات کی عالمی طلب کا 80 فیصد بھارت جبکہ 20 فیصد پاکستان پوری کرتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 ستمبر، صفحہ 11)

## ۷۔ تجارت

23 ستمبر: پاکستان اور نیپال نے زراعت کے شعبے میں باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے دونوں ممالک زمین، بیج، پانی، کھاد، ماہی گیری، مال مویشی اور زرعی تجارت کے شعبے میں اپنے تجربات اور ٹیکنالوجی کا تبادلہ کریں گے۔ (ڈان، 24 ستمبر، صفحہ 9)

19 اکتوبر: ایک مضمون میں پاکستان کی " زرعی صنعت " پر عالمی بینک کی ایک حالیہ رپورٹ کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ 2006 سے پاکستان کی زرعی پالیسوں میں تبدیلیوں نے آزاد تجارت کی پالیسی جس پر پاکستان 2003-1996 تک سختی سے کار بند رہا کے اثرات کو کم کر دیا ہے۔ رپورٹ میں گندم کے حوالے سے مشورہ دیا گیا ہے کہ پاسکو کے ذریعے جو 20 فیصد تک گندم خریدی جاتی ہے اسے مزید محدود کیا جائے اور اس کے بدلے سوشل سیفٹی نیٹ کے پروگرام کو بہتر بنایا جائے۔ ساتھ ساتھ زرعی تجارت پر اسٹاچیوری ریگولیٹری آرڈر (SRO)، ٹیرف اور برآمدی ٹیکس جیسی حکومتی مداخلت کو کم کیا جائے۔ (شاہرام حق، دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 اکتوبر، صفحہ 10)

## برآمدات

3 اکتوبر: ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں کمی اور یورپی یونین پارلیمنٹ کا پاکستان کو جی پی ایس پلس کا درجہ دینے کے روشن امکانات کے بعد مالی سال 14-2013 میں پاکستانی برآمدات میں اضافے کا امکان ہے جن میں ٹیکسٹائل کی صنعت بھی شامل ہے جس کا کل ملکی برآمدات میں پچاس فیصد حصہ ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 اکتوبر، صفحہ 11)

22 اکتوبر: منصوبہ بندی اور ترقی کے وزیر احسن اقبال نے اسلام آباد میں نوجوانوں کے لیے زراعت میں مواقع پر ایک ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زراعت پر ہماری معیشت کا انحصار ہے لہذا ہمیں اسے جدید طریقوں سے ترقی دینی ہے تاکہ غذائی تحفظ کے ساتھ برآمدات کو ویلو ایڈیشن کے ذریعے بڑھایا جاسکے۔ اس ورکشاپ کو پاکستان پی اے آر سی اور ایشیاء پیسفک ایسوسی ایشن آف ایگریکلچرل ریسرچ انسٹی ٹیوشنز (APAARI) نے مندرجہ ذیل عالمی امدادی اداروں کے تعاون سے منعقد کیا: گلوبل فورم آن ایگری کلچرل ریسرچ (GFAR)، آئی سی اے آر ڈی اے، انٹرنیشنل کروپس ریسرچ انسٹیٹوٹ فار دی سیمی۔ایریڈ ٹروپکس (ICRISAT)، ایف اے او، انٹرنیشنل فوڈ پالیسی ریسرچ انسٹیٹوٹ (IFPRI) ، بایو

ڈائیورسٹی انٹرنیشنل، انیٹرنیشنل میز اینڈ ویٹ امپرومنٹ سینٹر (CIMMYT) اور آسٹریلین سنیٹر فار انٹرنیشنل ایگری کلچرل ریسرچ (ACIAR)۔ (دی نیوز، 23 اکتوبر، صفحہ 17)

29 نومبر: ایک مضمون کے مطابق بھارت میں پاکستانی زرعی برآمدات پچھلے پانچ سالوں میں 133 فیصد بڑھی ہیں جبکہ پاکستان میں بھارت کی زرعی برآمدات کا اس عرصے میں 68 فیصد اضافہ ہوسکا ہے۔ یہ بات انڈین کونسل فار ریسرچ آن انٹرنیشنل اکنامکس ریلیشنز (ICRIER) کی بھارت پاکستان تجارت پر بھارت کی تحقیقی ٹیم کی سربراہ نے کہی جو اس بھارتی وفد میں شامل ہیں جو اس وقت پاکستان کا دورہ کر رہا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 نومبر، صفحہ 10)

29 نومبر: غذائی اشیاء کی قیمتوں میں حالیہ اضافے پر ایک مضمون میں یہ بتایا گیا ہے کہ آٹا 60 فصید، دالیں 20 فیصد اور چاول کی قیمت میں 90 فیصد اضافہ ہو چکا ہے۔ ٹماٹر 120 روپے فی کلو بک رہا ہے جبکہ کچھ دن پہلے یہ 200 روپے فی کلو کے حساب سے مل رہا تھا۔ ایک سبزی فروش نے اس حوالے سے بتایا کہ "یہ اندازہ لگائے بغیر کہ ہم کتنا پیدا کر سکتے ہیں ہم سب کچھ برآمد کیے جا رہے ہیں۔ اس لیے یہ مہنگائی ہے"۔ (ڈان، 30 نومبر، صفحہ 17)

- گندم

7 ستمبر: ایران نے بجلی کے بدلے پاکستان سے ایک لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کا معاہدہ منسوخ کردیا ہے جس کے بعد 30 ہزار ٹن گندم کی پہلی کھیپ کو ایران جانے سے روک دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایران بجلی کے بدلے اب پاکستان سے باسمتی چاول منگوا سکتا ہے۔ (دی نیوز، 8 ستمبر، صفحہ 11)

20 دسمبر: پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (PBS) کے مطابق جولائی تا نومبر 14-2013 میں 19,748 ٹن گندم برآمد کی گئی جبکہ اسی دوران پچھلے سال 123,470 ٹن گندم کی برآمد ہوئی تھی۔ (ڈان، 21 دسمبر، صفحہ 10)

- چاول

31 اگست: باسمتی چاول کی پیداوار اور برآمدات بڑھانے کے لیے اے ڈی بی پنجاب حکومت کو دس لاکھ ڈالرز کی تکنیکی امداد فراہم کرے گا۔ پیداواری لاگت میں اضافے اور باسمتی چاول کی کم پیداواری صلاحیت کی بناء پر کاشتکار چاول کی دوسری اقسام کی کاشت کی طرف راغب ہورہے ہیں۔ پاکستانی باسمتی چاول کی برآمدات میں کمی کی ایک اور وجہ 2012 میں بھارت کا اپنے چاول کی برآمدات پر سے پابندی اٹھانا ہے۔ (ڈان، 1 ستمبر، صفحہ 11)

25 ستمبر: چاول برآمد کرنے والے تاجروں کی تنظیم REAP (آر ای اے پی) کے چیئرمین جاوید علی غوری نے باسمتی چاول کی برآمد میں 50 فیصد کمی کا ذمہ دار سرکاری ادارے ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کو ٹھہراتے ہوئے کہا کہ کوالٹی ریویو کمیٹی (Quality Review Committee) کا اختیار اس کے ہاتھوں میں آنے کے بعد یہ منفی تبدیلی آئی۔ انھوں نے مزید کہا کہ نئی انتظامیہ کے رویے کے وجہ سے کرپشن، رشوت خوری اور برآمدی چاول کی روانگی میں تاخیر ہوئی جو اس نقصان کا باعث بنی۔ (دی نیوز، 26 ستمبر، صفحہ 17)

30 ستمبر: پاکستانی روپے کی قدر میں کمی چاول کے کاشت کاروں کے لیے اچھی خبر ہے کیوں کہ اس سے عالمی منڈی میں پاکستانی چاول کی قیمتیں کم ہوں گی اور یہ کمی مقامی چاول کی برآمدات میں اضافے کا سبب بنے گی۔ چاول کے برآمد کنندگان کے مطابق رواں سال دو ارب ڈالرز سے زائد مالیت کے برآمدی آرڈر ملنے کا امکان ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 1 اکتوبر، صفحہ 11)

26 اکتوبر: اسلام آباد میں کامرس کی وزارت کے مطابق بھارت اپنے کسانوں کو دی جانے والی مراعات کو عالمی ادارہ تجارت (WTO) کی اگلی وزارتی کانفرنس میں قانونی تحفظ دینے کی کوشش کرے گا۔ اگر بھارت ایسا کرتا ہے تو اس کا پاکستانی چاول کی برآمد پر منفی اثر پڑے گا۔ لہذا بالی، انڈونیشیا میں دسمبر میں

شروع ہونے والی WTO (ڈبلیوی او) کی وزارتی کانفرنس میں پاکستان بھارت کو ایسا کرنے سے روکے گا۔ پاکستان چین اور انڈونیشیا کے ساتھ درمیانہ راستہ اپنائے ہوئے ہے جو گرین بکس (Green Box) سبسیڈی کو بڑھانا چاہتا ہے لیکن تجارت میں خلل ڈالنے والی مراعات کا مخالف ہے۔ (ڈان، 27 اکتوبر، صفحہ 11)

28 نومبر: بالی، انڈونیشیاء میں ڈبلیو ٹی او کی وزارتی کانفرنس میں (6-8 دسمبر) میں شرکت کے لیے پاکستان میں یہ فیصلہ نہیں ہو پا رہا کہ کون سی وزارت پاکستانی وفد کی صدارت کرے۔ وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ بھارت کی طرف سے چاول کی برآمدات پر مراعات کو قانونی تحفظ دینے کے معاملے کو دیکھتے ہوئے، پاکستانی چاول کی برآمد کا دفاع کرنے کے لیے اس کو وفد کی قیادت کرنی چاہیے۔ کامرس کی وزارت کا کہنا ہے کہ چونکہ پاکستان کا خصوصی مشن جنیوا میں 2002 سے ڈبلیو ٹی او کے ہیڈکوارٹر میں تعین ہے اس لیے عام طریقے کے مطابق کامرس کی وزارت ہی ایسے مذاکرات کی سربراہی کرتی ہے۔ (ڈان، 29 نومبر، صفحہ 9)

29 نومبر: پانی کی ضرورت پر ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر ڈاکٹر اقرار احمد خان نے کہا کہ پاکستان میں فی کس پانی کی دستیابی 1,000 کیوبک میٹر پر پہنچ گئی ہے جو ایک سرخ لکیر ہے۔ 1947 میں ہمارے پاس فی کس 5,000 کیوبک فٹ پانی دستیاب تھا۔ اب ایسی فصلوں کی کاشت کرنے کی ضرورت ہے جس میں پانی کم استعمال ہو۔ اس حوالے سے انہوں نے کہا کہ پاکستان دو بلین ڈالرز کا چاول برآمد کررہا ہے جبکہ ان کی ایک کلو پیداوار کے لیے 4,000 لیٹر پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ (دی نیوز، 30 نومبر، صفحہ 3)

10 دسمبر: پاکستان باسمتی گرورز ایسوسی ایشن کے صدر حامد ملہی نے بالی میں ڈبلیو ٹی او کے نویں وزارتی مذاکرات (3-6 دسمبر) میں شرکت کے بعد اسلام آباد میں کہا کہ بالی میں پاکستانی نمائندگی جینوا میں ڈبلیو

ٹی او کے صدر دفتر میں پاکستان کے مستقل نمائندے شاہد بشیر نے کی جن کی ساری توجہ ڈبلیو ٹی او کی جنرل کونسل میں اپنی چیئرمین شپ پکی کرنے پر تھی۔ وفد نے یہ کوشش بھی نہیں کی کہ وہ پاکستانی کسانوں کے خدشات کو کانفرنس کے آخری مسودے میں شامل کریں۔ (ڈان، 11 دسمبر، صفحہ 11)

20 دسمبر: ڈبلیو ٹی او کی حالیہ وزارتی اجلاس کے فیصلے کے تحت چاول کے کاشتکاروں کو دو سال تک مراعات جاری رکھنے کی اجازت دی گئی ہے۔ پاکستان میں چاول کے تاجروں نے اس پر اپنی تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اس حوالے سے ایوب مہر، ماہر معاشیات، نے کہا کہ ڈبلیو ٹی او کے فیصلے نے پاکستان کو ایک پیچیدہ صورت حال سے دوچار کردیا ہے جو ڈبلیو ٹی او کی وجہ سے نہیں بلکہ آئی ایم ایف کی وجہ سے ہے۔ آئی ایم ایف کی شرائط کی وجہ سے پاکستان اپنے کسانوں اور تاجروں کو مراعات نہیں فراہم کرسکتا جبکہ بھارت ایسا کرکے پاکستانی چاول کی برآمدات کو نقصان پہنچائے گا۔ (دی نیوز، 21 دسمبر، صفحہ 15)

- چینی

6 ستمبر: افغانستان چینی برآمد کرنے پر پابندی کے خلاف نو شوگر ملوں نے لاہور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کردی جس کے بعد عدالت نے وزارت تجارت سے جواب طلب کرلیا ہے۔ وفاقی ادارہ برائے محصولات (FBR) کے وکیل نے عدالت میں کہا کہ چینی کی بلیک مارکیٹنگ پر قابو پانے کے لیے یہ پابندی عائد کی گئی تھی۔ (ڈان، 7 ستمبر، صفحہ 2)

26 ستمبر: کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی نے چینی کی برآمد پر دی جانے والے زرتلافی (inland freight subsidy) 1.75 روپے فی کلو سے کم کرکے ایک روپے فی کلو کردی ہے۔ تاہم یہ زرتلافی بھی صرف ان شوگر ملز مالکان کو دی جائے گی جو پانچ لاکھ ٹن چینی برآمد کریں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 ستمبر، صفحہ 11)

30 ستمبر: اسٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ شوگر ملوں کو پانچ لاکھ میٹرک ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت اس وقت

دی جائے گی جب مل مالکان کاشت کاروں کے واجبات ادا کریں گے۔ (ڈان، 1 اکتوبر، صفحہ 9)

9 اکتوبر: ٹی سی پی اور شوگر ملوں کے پاس مقامی کھپت اور برآمد کے لیے ایک کروڑ 90 لاکھ ٹن چینی کا ذخیرہ ہے۔ رواں سال گنے کی فصل بھی اچھی ہونے کا امکان ہے۔ (دی نیوز، 10 اکتوبر، صفحہ 17)

- پھل اور سبزیاں

24 ستمبر: گذشتہ مالی سال کے پہلے دو ماہ کے مقابلے میں رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ (جولائی-اگست 2013) میں پاکستان کے پھلوں اور سبزیوں کی برآمدات میں بالترتیب 35.88 اور 15.32 فیصد اضافہ ہوا۔ (دی نیوز، 25 ستمبر، صفحہ 17)

1 اکتوبر: روس نے پاکستان سے تمام زرعی مصنوعات کی درآمد پر غیر معینہ مدت تک پابندی عائد کردی ہے۔ آل پاکستان فروٹ اینڈ ویجی ٹیبل ایکسپورٹرز، امپورٹرز اینڈ مرچنٹس ایسوسی ایشن (PFVA) کے سابق صدر وحید احمد نے کہا کہ روسی حکام کے مطابق پاکستان نے قرنطینہ کے بعض قوانین کی خلاف ورزی کی ہے جس کے باعث روس میں بیماریاں پھیلنے کا خدشہ تھا۔ (دی نیوز، 2 اکتوبر، صفحہ 15)

22 نومبر: سوات کی وادی سبزی اور پھلوں کے حوالے سے جانی جاتی ہے لیکن سیلاب اور دہشت گردی نے اس علاقے کی زراعت کو تباہ کردیا ہے۔ اس کی بحالی کے لیے اٹلی کی حکومت نے ہوٹیکلچر کی پیداوار میں بہتری اور ویلیو چین کی مارکیٹنگ کے لیے 1.3 ملین یوروز کی ٹیکنیکل امداد دی ہے تاکہ برآمدات کی فروغ کے ساتھ ہوٹیکلچر سے زرمبادلہ کمایا جاسکے۔ (اسرار خان، دی نیوز، 22 نومبر، صفحہ 17)

3 دسمبر: حکومت پاکستان، وزارت کامرس، پاکستان میں ہوٹیکلچر کی ترقی اور برآمد کی کمپنی اور یورپی یونین کے مابین تجارت کے فروغ کے ایک معاہدے پر لاہور میں دستخط ہوئے۔ (دی نیوز، 4 دسمبر، صفحہ 17)

21 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق پچھلے پانچ مہینوں میں 218,203 ٹن پھل برآمد کیے گئے جن سے 143.4 ملین ڈالرز حاصل ہوئے جب کہ پچھلے مالی سال میں اسی دوران 191,739 ٹن (103 ملین ڈالرز) کے پھل برآمد ہوئے تھے۔ (عامر شفاعت خان، ڈان، 22 دسمبر، صفحہ 10)

ٹماٹر:

12 نومبر: ٹماٹر کی قیمت 80 سے 120 روپے فی کلو ہوگئی ہے جبکہ پیاز کی قیمت میں بھی 20-15 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اس صورت حال کے پیش نظر حکومت وقتی طور پر ان سبزیوں کی برآمد پر پابندی لگانے کا سوچ رہی ہے۔ پنجاب اور سندھ کے ٹماٹر ابھی منڈی میں نہیں آئے ہیں۔ بھارت سے درآمد براہ راستہ واہگہ بہت محدود ہے جبکہ خیبر پختون خواہ کی پیداوار کا زیادہ حصہ ملک سے باہر جارہا ہے۔ (ڈان، 13 نومبر، صفحہ 1)

پیاز:

21 نومبر: ٹماٹر کی قیمتیں اگرچہ کچھ کم ہونے لگیں ہیں لیکن پیاز کا نیا بحران کھڑا ہو رہا ہے۔ تاجروں کے مطابق پیاز کی قیمت 100 روپے فی کلو تھوک منڈی میں اور ریٹیل میں 125 سے 150 روپے فی کلو تک جائے گی۔ اس وقت پیاز صرف سندھ سے آرہا ہے، پنجاب میں اپریل میں پیاز کی فصل تیار ہوگی۔ سندھ سے کراچی کے ذریعے پیاز برآمد کرنے میں آمد و رفت کا خرچہ کم ہے اور منافع زیادہ ہے۔ (ڈان، 22 نومبر، صفحہ 2)

آلو:

23 دسمبر: پاکستان نے اس سیزن کے آلو کی برآمد شروع کردی ہے۔ چند ہزار ٹن سری لنکا اور ملیشیاء کو برآمد کیے جاچکے ہیں۔ PFVA (پی ایف وی اے) کے مطابق اس سال 200,000 ٹن آلو برآمد کرنے کی امید کی جارہی ہے۔ (دی نیوز، 24 دسمبر، صفحہ 15)

آم:

6 ستمبر: پاکستانی آموں کی 4.5 ٹن کی پہلی کھیپ آسٹریلیا کی تھوک منڈیوں میں پہنچ گئی ہے۔ آسٹریلیا پہنچنے کے بعد آموں کو دو دن تک مختلف لیبارٹری ٹیسٹوں سے گزار کر معیاری اور صحت بخش قرار دیا گیا تھا۔ (دی نیوز، 7 ستمبر، صفحہ 17)

16 ستمبر: 29 اگست کو لائن آف کنٹرول کے مقام، چکوٹھی پر بھارتی حکام نے آموں سے لدے ہوئے دو ٹرک یہ کہہ کر واپس کردیے کہ یہ آزاد کشمیر کی نہیں بلکہ پاکستان کی پیداوار ہیں۔ آزاد کشمیر کی مقبوضہ کشمیر سے تجارت کو کنٹرول کرنے والے ادارے ٹریڈ اینڈ ٹریول اتھارٹی (TATA) نے اس معاملے پر بھارتی حکام سے ملاقات کی کئی کوششیں کیں لیکن دوسری طرف سے کسی ردعمل کا اظہار نہیں کیا گیا۔ TATA (ٹاٹا) کے ڈائریکٹر جنرل بریگیڈیئر (ر) محمد اسماعیل نے ''ڈان'' سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بھارت ان اشیاء کو بھی واپس کررہا ہے جو دونوں ممالک کی 21 اشیاء پر مشتمل تجارتی فہرست میں شامل ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ''ہر کوئی جانتا ہے کہ تجارتی فہرست میں شامل بیشتر اشیاء دونوں کشمیروں میں سے کسی میں بھی زیادہ مقدار میں پیدا نہیں کی جاتیں اور بھارت اور پاکستان سے آتی ہیں''۔ ان کا کہنا تھا کہ ''آزاد کشمیر حکام نے آج تک دوسری طرف سے آنے والے ایک ٹرک کو بھی واپس نہیں کیا۔ بھارت ایسا کرکے آزاد کشمیر کے تاجروں کو بھاری مالی نقصان پہنچا رہا ہے''۔ (ڈان، 16 ستمبر، صفحہ 14)

30 ستمبر: ایک خبر کے مطابق گذشتہ سال کے ایک لاکھ 18 ہزار ٹن کے مقابلے میں رواں سال آموں کی برآمدات ایک لاکھ 65 ہزار ٹن تک جا پہنچی ہے۔ (ڈان، 1 اکتوبر، صفحہ 9)

12 نومبر: مینگو گروورز ایسوسی ایشن کے صدر میجر (ر) طارق خان کے مطابق صرف ملتان کے علاقے سے پچھلے سیزن میں 10,000 ٹن آم برآمد ہوئے۔ انھوں کہا کہ حکومت اگر مناسب سہولتیں دے تو یہ مقدار 20,000 ٹن ہوسکتی ہے۔ زاہد گردیزی جو آم کے کاشتکار ہیں نے کہا کہ آم برآمد کرنے میں امریکہ سے

مفید رہنمائی ملی ہے لیکن حکومت خود ایسا کوئی کام نہیں کر رہی۔ لہذا بڑے زمیندار تو آم برآمد کرنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں لیکن چھوٹا کاشتکار انفرادی طور سے یہ کام نہیں کر پا رہا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 نومبر، صفحہ 10)

کینو:

21 نومبر: پی ایف وی اے نے MNFSR (ایم این ایف ایس آر) کو زرعی اشیا کی روس کو برآمد کرنے میں بڑی رکاوٹ قرار دیا ہے۔ ایم این ایف ایس آر وہ سرٹیفکیٹ نہیں دے رہی جو روس کو قابل قبول ہو۔ روس گرین لیب سے درآمدی اشیا کا سرٹیفکیٹ طلب کر رہا ہے جبکہ ایم این ایف ایس آر ایسا کرنا نہیں چاہتی۔ پچھلے سال پاکستان نے روس کو 40 فیصد کینو برآمد کیے تھے۔ اس سال ان کے برآمد نہ ہونے سے 50 بلین روپے کا نقصان ہوگا۔ (دی نیوز، 22 نومبر، صفحہ 17)

- حلال گوشت

9 ستمبر: ملائیشیاء کے وزیرِ مملکت برائے مذہبی امور اور پاکستان کے وزیرِ تجارت نے لاہور میں ایک کاروباری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نجی شعبے کے حوالے سے اپنی پالیسیوں میں تبدیلیاں لاکر اپنی حلال گوشت کی برآمدات کو تین گنا بڑھا سکتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 ستمبر، صفحہ 11)

26 اکتوبر: تھائی لینڈ کے ہلال سائنس فوڈ سینٹر کے چار رکنی وفد نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (KCCI) کا دورہ کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمنٹ کو تمام مکتب فکر کے حوالے سے ہلال اشیاء کی تشریح کر کے ان کی سرٹیفکشین اور اسٹنیڈ رائزیشن پر قانون سازی کرنی چاہیے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 اکتوبر، صفحہ 11)

28 اکتوبر: ہلال ریسرچ کونسل (HRC) پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد زبیر مغل نے ترکی میں انٹرنیشنل ہلال ایکریڈیشن فورم (IHAF) میں شمولیت سے واپسی پر کہا کہ عالمی ہلال گوشت کی منڈی 3.2 ٹرلین ڈالرز ہے اور صرف ہلال سرٹیفکیشن میں 300 سے زیادہ ادارے کام کر رہے ہیں۔ (دی نیوز، 29 اکتوبر، صفحہ 17)

18 نومبر: ایک مضمون کے مطابق ملیشیا سے ایک سرکاری وفد اس مہینے کے پہلے ہفتے میں لاہور کا دورہ کرنے آیا تھا یہ دیکھنے کے لیے کہ ان کو برآمد کیا جانے والا گوشت ہلال اور کھانے کے لیے صحیح ہے کہ نہیں۔ پنجاب سے ملیشیا ہلال گوشت کی برآمد میں پچھلے عرصے میں تیزی آئی ہے۔ ہلال گوشت منڈی کی پیداواری انڈکس میں پاکستان 18 ویں نمبر پر ہے اور اس کا حصہ عالمی گوشت کی تجارت میں 2.9 فیصد ہے۔ یہ منڈی مغربی ملٹی نیشنل کمپنیوں کے ہاتھ میں ہے اور کوئی بھی مسلمان ملک پہلے 10 حلال گوشت برآمد کرنے والے ممالک کی فہرست میں شامل نہیں۔ (ڈان، اشفاق بخاری، 18 نومبر، ای بی آر، صفحہ 18)

- مال مویشی

24 ستمبر: اسلام آباد ہائی کورٹ نے ملک میں جانوروں کی قلت اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر طلب میں اضافے کے باعث جانوروں کی برآمد پر پابندی عائد کردی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 ستمبر، صفحہ 4)

- سمندری غذا

13 دسمبر: سندھ کے ماہی پروری اور مال مویشی کے وزیر جام خان شورہ نے کہا کہ یورپی یونین کی طرف سے پاکستان کو جنرلائیزڈ سسٹم آف پریفرنسیز (GSP) پلس کا درجہ موجودہ حکومت کی بڑی کامیابی ہے۔ اس کا پاکستان سے سمندری غذا اور مال مویشی کی تجارت پر اچھا اثر ہوگا اور سندھ حکومت اس کے فروغ کے لیے ہر ممکن کوشش کرلے گی۔ اس شعبے میں ایک ملین ڈالرز کا زرمبادلہ کمانے کی صلاحیت ہے۔ (دی نیوز، 14 دسمبر، صفحہ 17)

## درآمدات

25 ستمبر: چیئرمین ایگری فورم آف پاکستان کا کہنا ہے کہ جون 2013 سے روپے کی قدر میں نو فیصد کی کمی سے رواں مالی سال ملک میں درآمدی اخراجات بہت بڑھ جائیں گے مثلاً پچھلے مالی سال میں پاکستان میں 450 بلین روپے کی غذائی اشیاء درآمد کی گئیں اگر اس سال اتنی ہی درآمد کی جائیں تو ان کی قیمت 495 بلین روپے ہوگی۔اسی طرح پچھلے سال 400 بلین روپے کا ڈیزل درآمد ہوا، ٹریکٹر اور دیگر زرعی استعمال کے لیے، اس سال اس کی درآمدی قیمت 440 بلین روپے ادا کرنی پڑے گی۔ زرعی کیمیکل ادویات کی درآمد پر پچھلے مالی سال میں 25 بلین روپے خرچ ہوئے۔ اب ان کی درآمد پر 27.50 بلین روپے خرچ ہوں گے۔ (دی نیوز، 26 ستمبر، صفحہ 15)

2 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق روپے کی قدر میں کمی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے باعث ملک میں درآمد کردہ غذائی اشیاء کی قیمتوں میں 15 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اس اضافے کے باعث ملک میں غذائی اشیاء کی درآمد میں کمی ہوئی ہے۔ (ڈان، 3 اکتوبر، صفحہ 9)

22 اکتوبر: پی بی ایس کے مطابق اس مالی سال کے پہلے تین مہینوں (جولائی تا ستمبر) میں خوراک کی درآمد میں 11.91 فیصد کمی آئی۔ اس دوران 1.042 بلین ڈالرز کی غذائی اشیاء درآمد کی گئیں جبکہ پچھلے سال اس عرصے میں 1.83 بلین ڈالرز کی غذائی اشیاء درآمد ہوئیں تھیں۔ پچھلے تین مہینوں میں پام آئل سویابین آئل اور مسالوں کی درآمد میں کمی آئی لیکن چینی اور چائے کی درآمد میں اضافہ ہوا۔ (ڈان، 23 اکتوبر، صفحہ 9)

20 نومبر: پی بی ایس کے مطابق اس مالیاتی سال کے پہلے چار مہینوں (جولائی - اکتوبر) میں تیل اور کھانے کی اشیاء کے درآمدی بل میں پچھلے سال کے مقابلے میں 3.75 فیصد کمی ہوئی۔ (ڈان، 21 نومبر، صفحہ 9)

- گندم

18 نومبر: ٹرانسپورٹرز کی گیارہ روزہ ہڑتال کے ختم ہونے کے باوجود درآمدی گندم کی قیمت 3450–3,500 روپے فی 100 کلوگرام کے بجائے 3,650 روپے فی 100 کلوگرام ہوگئی ہے۔ چیئرمین پی ایف ایم اے سندھ چیپٹر، محمد یوسف نے کہا کہ آٹے کی قیمتوں کو 50 روپے فی کلو تک جانے سے روکنے کے لیے حکومت کو گندم کی فراہمی ملوں کو فوری شروع کر دینی چاہیئے ۔محکمہ خوراک کے پاس 700,000 سے 800,000 ٹن مقامی گندم موجود ہے کیونکہ اس سیزن میں کسانوں سے ایک ملین ٹن سے زیادہ گندم حاصل کیا گیا تھا۔ (ڈان، 19 نومبر، صفحہ 9)

20 دسمبر: ایک خبر کے مطابق عالمی منڈی میں گندم کی بڑھتی ہوئی قیمت کی وجہ سے کراچی میں تاجروں نے گندم کی درآمد پچھلے ایک مہینے سے بند کی ہوئی ہے۔ ایک ٹن گندم کی قیمت 300 ڈالرز سے زیادہ ہوچکی ہے۔ پی بی ایس کے مطابق 366,027 ٹن گندم اس سال کے پانچ مہینوں میں یوکرین اور روس سے 276-289 ڈالرز فی ٹن کے حساب سے درآمد کی گئی ہے جبکہ پچھلے سال اس دوران گندم درآمد نہیں کی گئی تھی۔ اس سال کل 500,000 ٹن تک گندم درآمد ہوئی ہے۔ (ڈان، 21 دسمبر، صفحہ 10)

- دالیں

31 اکتوبر: PBS (پی بی ایس) کے مطابق پاکستان میں اچھی فصل کی وجہ سے دالوں کی درآمدات میں جولائی تا ستمبر میں 39 فیصد کمی آئی۔ اس دوران میں 116,685 ٹن دالیں درآمد کی گئیں جبکہ 2012 کے اسی دورانیہ میں 173,199 ٹن دالیں ہوئیں تھیں۔ (ڈان، 1 نومبر، صفحہ 9)

- پھل اور سبزیاں

ٹماٹر:

5 نومبر: بھارت سے ٹماٹروں اور دیگر سبزیوں کی درآمد واہگہ باڈر سے دیوالی کی چھٹیوں کے بعد دوبارہ

شروع ہو گئی۔ پاکستان سے پیاز کی برآمد اور بھارت سے ٹماٹر کی درآمد میں عارضی بندش سے دونوں ملکوں میں ان اشیاء کی قیمت میں بہت زیادہ اضافہ دیکھا گیا۔ (دی نیوز، 6 نومبر، صفحہ 15)

سیب:

27 نومبر: کوئٹہ میں زمیندار ایکشن کمیٹی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدل مالک بلوچ سے ملاقات کے دوران بجلی کی لمبی دورانیہ کی لوڈ شیڈنگ کی شکایت کی اور ایران سے سیب کی درآمد سے مقامی کاشتکاروں کو پہنچنے والے نقصان سے آگاہ کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کی حکومت زراعت کی ترقی کے ذریعہ صوبے کی گرتی ہوئی معیشت کو بہتر بنانے پر کام کر رہی ہے۔ (ڈان، 28 نومبر، صفحہ 9)

- کپاس

21 نومبر: ایک خبر کے مطابق بھارت کے صوبے گجرات سے درآمد کی جانے والی کپاس کی ہر 20,000 کلوگرام کی کھیپ میں 200 کلوگرام کی کمی ہوتی ہے جس کی وجہ سے کپاس درآمد کرنے والوں کو پچھلے سیزن میں 30 ملین روپے کا نقصان ہوا۔ بھارتی پنجاب سے درآمد کی گئی کپاس میں ایسی چوری نہیں دیکھی گئی۔ اپٹما کے چیئرمین ایس ایم تنویر نے کہا کہ بھارت کی ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن میں یہ معاملہ زیر غور ہے۔ (دی نیوز، 22 نومبر، صفحہ 15)

27 نومبر: کاشتکاروں اور جنرز (ginners) نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کپاس کی درآمد بند کرے اور ٹی سی پی کو کہے کہ وہ کپاس کی قیمت کو گرنے سے روکنے میں مدد دے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت کاشتکاروں کو پہنچنے والے نقصان کے حوالے سے کچھ بھی نہیں کرتی تو وہ اگلے سال سے کپاس کے بجائے کسی اور فصل کی کاشت کرینگے۔ سندھ کے ایک بڑے کاشتکار نے کہا کہ 40 کلو کپاس کی قیمت 2,000 سے 2,200 روپے ہے جبکہ مداخل کا خرچہ 40 کلو کپاس پر 3,200 سے 3,500 روپے ہے۔ (ڈان، 26 نومبر، صفحہ 9)

28 دسمبر: تاجروں کے مطابق پاکستان نے اس مالی سال میں اب تک 1.1 ملین بیلز کپاس بھارت سے درآمد کی ہے۔ پاکستان کل 2.5 ملین بیلز کپاس بھارت سے اس سال درآمد کرے گا۔ (دی نیوز، 29 دسمبر، صفحہ 15)

- بھیڑیں

24 ستمبر: اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس شوکت عزیز صدیقی نے گذشتہ سال آسٹریلیا سے بیمار بھیڑوں کی درآمد کے کیس کی تحقیقات ایف آئی اے کے سپرد کرتے ہوئے اسے دس اکتوبر تک رپورٹ جمع کروانے کا حکم دیا ہے۔ (ڈان، 25 ستمبر، صفحہ 4)

- یوریا

2 اکتوبر: ECC (ای سی سی) نے موسم ربی کے لیے عالمی منڈی سے پانچ لاکھ ٹن یوریا درآمد کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ (ڈان، 3 اکتوبر، صفحہ 1)

- اسکریپ

12 ستمبر: رواں سال اگست تک پاکستان میں تقریباً 18 ہزار 200 میٹرک ٹن پلاسٹک اسکریپ (کباڑ) درآمد کیا جاچکا ہے۔ بیسل کنونشن (Basel Convention) کی ترمیمی قرارداد کے تحت ترقی یافتہ ممالک مضررساں (hazardous) مصنوعات ترقی پذیر ملکوں کو برآمد نہیں کرسکتے تاہم اس قرارداد کے حمایتی ممالک بشمول برطانیہ، ہالینڈ اور جرمنی بھی اسکریپ پاکستان برآمد کررہے ہیں جو کہ ان کے اپنے موقف کی خلاف ورزی ہے۔ رواں سال صرف برطانیہ ہی پانچ ہزار ٹن اسکریپ پاکستان بھیج چکا ہے۔ (دی نیوز، 13 ستمبر، صفحہ 17)

## ایگری بزنس

18 ستمبر: ایگری بزنس سپورٹ فنڈ (ASF) نے یو ایس ایڈ پاکستان کے تعاون سے نیشنل ٹیکنکل ورکنگ گروپ (NTWG) آن فروٹ اینڈ ویجی ٹیبل کا چوتھا اجلاس لاہور میں منعقد کروایا۔ پریس ریلیز کے مطابق نیشنل ٹیکنکل ورکنگ گروپ آن فروٹ اینڈ ویجی ٹیبل نے گڈ ایگریکلچر پریکٹسیز کے اطلاق کا آغاز کردیا ہے جس کے بعد امید کی جارہی ہے کہ گلوبل گیپ جرمنی سے سند اور منظوری کے حصول کا عمل (certification and accreditation) آسان ہوجائے گا۔ اس طرح پاکستانی کاشت کار اور برآمد کنندگان یورپی منڈیوں تک رسائی حاصل کرکے اپنے پھلوں اور سبزیوں کی برآمدات میں اضافہ کرپائیں گے۔ (دی نیوز، 19 ستمبر، صفحہ 17)

24 ستمبر: یو ایس ایڈ کی غیر سرکاری تنظیم ASF (اے ایس ایف) کے اشتراک سے چلنے والے ایگری بزنس منصوبے کے حکام نے سرکاری ادارے TDAP (ٹی ڈی اے پی) سے باغبانی اور مال مویشی سے متعلق اعداد وشمار مانگے تھے جو اسے فراہم کردیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اے ایس ایف ان اعداد و شمار کو آن لائن پلیٹ فارم پر پیش کرنے کے منصوبے پر کام کررہا ہے۔ (دی نیوز، 25 ستمبر، صفحہ 17)

2 نومبر: امریکن آفس آف انسپکٹر جنرل نے کیری لوگر فنڈز کے 89.4 ملین ڈالرز ضائع یا غلط طریقے سے استعمال ہونے کا خطرہ ظاہر کیا ہے کیونکہ یو ایس ایڈ کی غیر سرکاری تنظیم اے ایس ایف کو سفارت خانے کے دباؤ پر کسانوں کو منڈی سے جوڑنے کے لیے پروگرام چلانے کا پورا اختیار دیا گیا تھا۔ اے ایس ایف سے 89.4 ملین ڈالرز کا پانچ سالہ معاہدہ نومبر 2011 میں کیا گیا تھا تاکہ تین بڑے مقاصد، معاشی ترقی، ملازمت کے مواقع پیدا کرنا اور غربت میں کمی لانا حاصل ہوسکیں۔ اس معاہدے کے تحت اے ایس ایف کو منصوبے کا چھ فیصد امریکہ میں قائم تیکنیکی امداد کے ایک ادارے سٹیزن نیٹ ورک فار فارن افیئرز (CNFA) کو بھی دینا تھے جس کا مقصد امریکیوں کے لیے امریکی امداد سے ملازمت کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 3 نومبر، صفحہ 12)

28 نومبر: وزیر اعظم نواز شریف نے معاشی ترقی کے لیے سرمایہ کاری بڑھانے، روزگار پیدا کرنے اور ٹیکس دینے والوں کی تعداد بڑھانے کے لیے کاروباری لوگوں کے لیے ایک پیکیج کا اعلان کیا۔ کاروبار کی فہرست میں مال مویشی کا کاروبار کرنے والے بھی شامل ہیں۔ اس کام کے لیے ''وزیر اعظم کی بزنس ایڈ وائزری کونسل'' قائم کردی گئی ہے جو ان فیصلوں کی عمل درآمد کروائے گی۔ وزیر اعظم کی زرعی ایڈوائزری کونسل بھی جلد قائم کی جائے گی کیونکہ ''صنعت اور زراعت مل کر ملک کی معیشت کو آگے لے جائیں گے''۔ (ڈان، 29 نومبر، صفحہ 1)

4 دسمبر: یونیڈو نے ایک سہ فریقی پارٹنر شپ فیصل آباد زرعی یونیورسٹی اور حکومت بلوچستان کے ساتھ بنائی ہے جس کے تحت کچلک میں پھلوں کے تحفظ اور پشین میں اون جمع کرنے کا مرکز بنا دیا جائے گا۔ اقوام متحدہ کے مالی تعاون سے یہ ادارے بلوچستان کے دیہی علاقوں میں زرعی معیشت کے فروغ کے لیے کام کریں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 5 دسمبر، صفحہ 11)

20 دسمبر: ایک خبر کے مطابق سندھ حکومت یو ایس ایڈ کی امداد سے تین سال میں زرعی مارکٹنگ کے نظام کو جدید بنانے کے لیے 100 ملین روپے خرچ کرے گی۔ اس منصوبے سے نیٹ ورکینگ کے ذریعے منڈی کی معلومات کاشتکاروں، صارفین اور تاجروں تک آسانی اور تیزی سے فراہم کی جائیگی۔ (ڈان، 21 دسمبر، صفحہ 10)

20 دسمبر: پنجاب کے صوبائی وزیر زراعت ڈاکٹر فرخ جاوید نے سپلائی چین منیجمنٹ منصوبے کی اسٹیرنگ کمیٹی کی 14 ویں میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ منصوبے سے زراعت اور مال مویشی سے حاصل اشیاء کی قیمت اور فصل کٹائی کے بعد کے نقصانات کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ منصوبے کے چیف کوارڈینیٹر کاشف جمشید نے بتایا کہ منصوبے کے ذریعے ہر مہینے آلو کے 12 کنٹینرز کی ملیشیاء برآمد شروع ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ چاول کی پیداوار کے نو، آلو کے 11، ٹماٹر اور خربوزے کے نو اور آم کے

32 اور گائے اور بکری کے گوشت کے تین کاروبار کرنے والوں کو گلوبل گیپ کی سرٹیفیکیشن کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 دسمبر، صفحہ 10)

## VI۔ کارپوریٹ شعبہ

### زرعی کمپنیاں

- اینگرو کارپوریشن

6 دسمبر: لاہور میں ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان نے اینگرو کارپوریشن کو کاربن کے اثرات کم کرنے پر سلور جوبلی ایوارڈ دے دیا۔ اس میٹنگ کا مقصد کمپنیوں کو ایک پلیٹ فارم پر لانا اور قابل تجدید توانائی کے متعلق سوچنا تھا۔ اینگرو کے ڈائریکٹر جنرل علی حسن نے کہا کہ انھوں نے 27 فیصد بجلی اور 5.7 ملین روپے بچا لیے ہیں۔ اس سال صنعتی فضلہ بھی 52 فیصد اور کاربن کا اخراج 32 فیصد کم ہوگیا ہے۔ (ڈان، 7 دسمبر، صفحہ 10)

### فرٹیلائزر کمپنیاں

- فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی

22 ستمبر: فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی نے 2013 کے پہلے چھ ماہ میں 3.3 ارب روپے کے بعد از ٹیکس منافع کا اعلان کیا ہے جو گذشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 30 فیصد زیادہ ہے۔ (ڈان، 23 ستمبر، صفحہ II)

- اینگرو فرٹیلائزر

25 اکتوبر: اینگرو فرٹیلائزر جو اینگرو کارپوریشن کی ذیلی کمپنی ہے نے اس سال کے نومہینوں میں 3.2 بلین روپے کا منافع کمایا۔ اس کی بنیادی وجہ اینگرو کے انون (Enven) پلانٹ میں گیس کی فراہمی میں اضافہ تھا۔ جبکہ پچھلے سال اس دوران کمپنی کا نقصان 2.97 بلین روپے کا تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 26 اکتوبر، صفحہ 11)

29 اکتوبر: اینگرو کارپوزیشن نے سال 2013 کی تیسری سہاہی میں 2,479 ملین روپے کے منافع کا

اعلان کیا جبکہ پچھلے سال اس دوران اسکو 103 ملین روپے کے نقصان کا سامنا تھا۔ اینگرو کے اس منافع میں اینگرو فرٹیلائزر کا سب سے بڑا ہاتھ ہے جبکہ اینگرو فوڈز کو نقصان کا سامنا ہے۔ (دی نیوز، 30 اکتوبر، صفحہ 15)

- فوجی فرٹیلائزز

25 اکتوبر: فوجی فرٹیلائزر بن قاسم (FFBL) نے اس سال کے پہلے نومہینوں میں 3.2 بلین روپے بعد از ٹیکس منافع کمایا جبکہ پچھلے سال اس دوران اس کا منافع 2.1 بلین روپے تھا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 26 اکتوبر، صفحہ 11)

30 اکتوبر: فوجی فرٹیلائزر کمپنی نے اس سال کے نومہینوں کے منافع کی تفصیل جاری کی ہے جس کے مطابق کمپنی کا بعداز ٹیکس منافع 14.18 بلین ہے جو پچھلے سال کے مقابلے میں آٹھ فیصد زیادہ ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 31 اکتوبر، صفحہ 11)

## غذائی کمپنیاں

22 نومبر: ٹی ڈی اے پی ابوظہبی میں پاکستان سفارت خانے کے تعاون سے 26-24 نومبر تک ہونے والے سیال مڈل ایسٹ فوڈ فیئر میں حصہ لے گی۔ اس میں پاکستان سے 10 غذائی کمپنیاں حصہ لینگی۔ (دی نیوز، 23 نومبر، صفحہ 17)

14 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق دودھ کو محفوظ کرنے والی کمپنیوں نے پنجاب فوڈ اتھارٹی (PFA) کی طرف سے عائد جرمانے اور پابندی کو جانب داری پر مبنی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کاروائی خلاف ضابطہ اور غیر سائنسی بنیادوں پر تھی۔ اس کا مقصد پنجاب کی حکمران طبقے کی بزنس کو فائدہ پہنچانا تھا۔ (منور حسن، دی نیوز، 14 دسمبر، صفحہ 15)

- نیسلے

24 ستمبر: سوئٹزرلینڈ کی کمپنی نیسلے کے پاکستان کے مینیجنگ ڈائریکٹر مگدی بتاتو (Magdi Batato) کا کہنا ہے کہ ترکی میں 70 فیصد دودھ مخصوص عمل سے گزار کر ڈبوں میں محفوظ کرکے فروخت کیا جاتا ہے جبکہ پاکستان میں یہ شرح صرف چار فیصد ہے۔ انھوں نے کہا کہ اگر فارم کی سطح پر مطلوبہ معیار حاصل کرلیا جائے تو پاکستان بھی اپنی ڈیری مصنوعات عالمی منڈی کو برآمد کرسکتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 ستمبر، صفحہ 11)

11 نومبر: ایک خبر کے مطابق آسٹریلیا پاکستان ایگری کلچر سیکٹر لنکیجز پروگرام (ASLP) کے تحت ملتان اور خانیوال کے چونسا آم لگانے والے تجرباتی منصوبے کے ذریعے نیسلے پاکستان کاشتکاری کے بہترین طریقوں (best farm practices) پر تربیت دیگا تاکہ زیادہ پیداوار کے ساتھ چونسا آم کا معیار بہتر ہو سکے۔ اس کے بعد ہوٹیکلچر میں مزید تربیت کاری کا بھی پروگرام ہے۔ (ڈان، 12 نومبر، صفحہ 10)

3 دسمبر: نیسلے فوڈز پاکستان کے شیئرز کی قیمت میں نومبر کے مہینے میں 32 فیصد اضافہ ہوا۔ کمپنی کے سرمائے کی قدر اس وقت 422 بلین روپے ہوگئی ہے اور کراچی اسٹاک ایکسچینج میں یہ اب دوسرے نمبر پر ہے۔ پہلے نمبر پر آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی ہے جس کے سرمائے کی قدر ایک ٹریلین روپے ہے۔ اسٹاک ایکسچینج کا 7.2 فیصد اسٹاک اب نیسلے پاکستان کے پاس ہے جو پاکستانی معیشت کا 1.8 فیصد (250 بلین ڈالرز) بنتا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 دسمبر، صفحہ 11)

- اینگروفوڈز

22 اکتوبر: اینگروفوڈز کے منافع میں اس سال کے پہلے نومہینوں میں 23 فیصد کمی آئی۔ اسکی بنیادی وجہ کمپنی کے تقسیم اور انتظامی اخراجات میں اضافہ، نیسلے سے قیمتوں کے حوالے سے مقابلہ اور یو ایچ ٹی (UHT) دودھ کی طلب میں عموی کمی بتائی جارہی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 23 اکتوبر، صفحہ 11)

27 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق اینگرو فوڈز کی ٹیکس کے بعد منافع میں 2013 کی تیسری دہائی میں 79 فیصد کمی ہوئی۔ اس عرصے میں کمپنی کا منافع 127.8 ملین روپے تھا جبکہ پچھلے سال اسی عرصے میں یہ منافع 601 ملین روپے تھا۔ (علی رضا مہدی، ڈان، اکتوبر 28، صفحہ 13، ای پی آر)

22 نومبر: ایک مقامی اخبار کی ایک رپورٹ میں یہ کہا گیا تھا کہ PFA (پی ایف اے) نے اینگرو فوڈز کے ڈیری ''امنگ'' کی تقسیم اور فروخت کو پنجاب میں بند کر دیا ہے کیونکہ وہ پی ایف اے کے مطابق وہ دودھ نہیں ہے۔ کمپنی نے اس خبر کی تردید میں کہا کہ صرف لاہور میں اس کا دفتر بند ہوا ہے۔ اینگرو فوڈز کے چیف ایگزیکٹو نے تسلیم کیا کہ ''امنگ'' کو کمپنی دودھ نہیں کہتی لیکن غذائی اعتبار سے اس کا معیار عالمی طور سے تسلیم شدہ ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت ڈیری اشیاء کا قومی سطح پر یکساں معیار رکھے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 23 نومبر، صفحہ 11)

23 دسمبر: اینگرو فوڈز نے تازہ دودھ کے برانڈ ''مبیر وک (Mabrook)'' کو کراچی کی تازہ دودھ کی منڈی میں متعارف کروانے کا تجربہ شروع کیا ہے۔ اینگرو فوڈز کے سی ای او سرفراز اے رحمان نے کہا کہ کراچی میں 20 بلین لیٹر دودھ بکتا ہے اور کھلے تازہ دودھ کی منڈی کا اس میں حصہ 74 فیصد ہے۔ (دی نیوز، 24 دسمبر، صفحہ 1)

## سگریٹ کمپنیاں

- پاکستان ٹوبیکو

24 اکتوبر: پاکستان ٹوبیکو کمپنی (PTC) کے اعلان کے مطابق 30 ستمبر، 2013 تک کمپنی کے منافع میں 134 فیصد اضافہ ہوا یعنی 1.1 بلین روپے سے 2.7 بلین روپے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 24 اکتوبر، صفحہ 11)

## زرعی مشینری

13 دسمبر: PAMA (پی اے ایم اے) کے مطابق فیٹ (Fiat) اور میسی فرگیوسن (Massey Ferguson) کمپنیوں کے ٹریکٹر کی پیداوار اور فروخت کے لحاظ سے اکتوبر کے مقابلے میں نومبر کا مہینہ بہتر رہا۔ ان کمپنیوں کے بلترتیب 3,720 اور 4,319 ٹریکٹرز نومبر میں بیچے گئے جبکہ اکتوبر میں یہ تعداد بالترتیب 3,210 اور 3,292 تھی۔ جنوری سے ٹریکٹر کی خریداری پر جی ایس ٹی 11 سے 17 فیصد ہوجائے گا۔ قیمتوں میں اضافے کے ڈر سے ٹریکٹر کی خریداری میں بہتری آئی۔ (ڈان، 14 دسمبر، صفحہ 9)

- ملت ٹریکٹر

3 نومبر: میسی فرگیوسن جو ایک امریکی کمپنی ہے نے ملت ٹریکٹرز سے اپنی افریقہ کی منڈی کے لیے ٹریکٹر خریدنے پر رضا مندی ظاہر کی ہے۔ خراب حالت کے پرانے ٹریکٹر بھی افریقہ اور چائنا کے ٹریکٹر پلانٹ کے لیے لیے جائیں گے۔ (ڈان، ای بی آر، 4 نومبر، صفحہ 6)

6 نومبر: ملت ٹریکٹرز اگلے چند ہفتوں میں ٹریکٹر کی برآمد شروع کر دے گا۔ ٹریکٹر کی برآمد افغانستان اور چند افریقی ممالک کو میسی فرگیوسن کے ساتھ ایک معائدے کے بعد ممکن ہوئی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 7 نومبر، صفحہ 10)

# VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور پولٹری

## مال مویشی

11 ستمبر: کشمیر کی روایتی پشمینہ (خاص نسل کے بکروں کے اون سے بنی گئی) شالوں کی صنعت تیزی سے روبہ زوال ہے۔ محققین کے مطابق پشمینہ کے مقابلے میں غیر ملکی سستی شالوں کی طلب میں اضافے کی وجہ سے آزاد اور مقبوضہ کشمیر میں اس پیشے سے صدیوں سے جڑے گھرانوں کی نئی نسلیں اب یہ ہنر سیکھنے کو تیار نہیں ہیں۔ (ڈان، 12 ستمبر، صفحہ 14)

25 ستمبر: جاپان کا عالمی امدادی ادارہ JICA (جیکا) سندھ کے دیہی علاقوں میں مال مویشیوں کی بڑھوتری میں اضافے کے لیے صوبائی حکومت کی مدد کرے گا اور اس سلسلے میں گذشتہ روز پانچ سالہ معاہدے پر دستخط کیے گئے ہیں۔ منصوبے کے تحت جانوروں کے دودھ اور گوشت کی پیداوار میں اضافے، فی گھرانہ جانوروں کی تعداد میں اضافے اور ان مصنوعات کی منڈی میں فروخت (مارکیٹنگ) کو بہتر بنایا جائے گا۔ (ڈان، 26 ستمبر، صفحہ 9)

14 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق جیکا اور یو ایس ایڈ سندھ اور پنجاب حکومت کے ساتھ مال مویشی کی ترقی کے لیے کام کر رہی ہیں۔ یو ایس ایڈ نے پنجاب کے مال مویشی اور ڈیری کے محکمے کو 1822 کے برطانوی جانوروں کے تحفظ کے ایکٹ (Animal Protection Act) کو تبدیل کر کے نیا جانوروں کی بہبود کا ایکٹ (Punjab Animal Welfare Act, 2013) بنانے میں مدد دی ہے۔ (اشفاق بخاری، ڈان، 14 اکتوبر، صفحہ 4، ای پی آر)

18 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق عیدالاضحیٰ میں چھ سے سات ملین جانوروں کی قربانی ہوئی۔ ان جانوروں کی کھال سے مقامی چمڑے کی صنعت کی 30 فیصد ضرورت پوری ہوگی۔ باقی 70 فیصد کھالیں قصابوں سے سال بھر حاصل کی جائیں گی۔ (دی نیوز، 19 اکتوبر، صفحہ 15)

28 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق وفاقی حکومت نے ''دودھ دریا'' منصوبہ جس کو 2007 میں 2.65 بلین روپے سے شروع کیا گیا تھا، ختم کر دیا ہے۔ اس کے تحت 415 کسانوں کو پاکستان ڈیری ڈیولپمنٹ کمپنی (PDDC) میں رجسٹر کروایا گیا اور انھیں 553 ملین روپے کے قرضے فراہم کیے گئے۔ اس وقت یہ کہا گیا تھا کہ تین سال تک کامیابی سے چلنے کے بعد 50 فیصد رقم پر سود ادائیگی معاف کروائی جا سکے گی۔ PDDC (پی ڈی ڈی سی) نے اس حوالے سے ادائیگی کا ذمہ لیا تھا۔ اب اس منصوبے کے ختم ہونے سے کسانوں کو بڑے پیمانے پر نقصان کا سامنا ہے۔ (دی نیوز، 29 اکتوبر، صفحہ 3)

1 نومبر: اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مال مویشی کی انشورنس اسکیم کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ اسکیم سکورٹیزاینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP)، بینکوں، بیمہ کمپنیوں اور صوبائی مال مویشی اور ڈیری کے محکمے کے تعاون سے شروع کی گئی ہے۔ (ڈان، 2 نومبر، صفحہ 9)

## ماہی گیری

21 نومبر: مچھیروں کے عالمی دن کے موقع پر ابراہیم حیدری میں پی ایف ایف کے عہدہ داروں نے اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دوملین کے قریب مچھیروں کو کاغذات کے نام پر کوسٹ گارڈز کا محکمہ روزانہ تنگ کرتا ہے۔ ہر روز لاکھوں ٹن فیکٹریوں کا فضلہ اور شہروں کا کچرا سمندر میں بغیر صاف کئے پھینکا جارہا ہے۔ جس سے سمندری حیات ختم ہو رہی ہے۔ پھرضرورت سے کہیں زیادہ مچھلی پکڑی جا رہی ہے جس کی وجہ سے چھوٹے ماہی گیروں کو مچھلی کے شکار کے لیے سمندر میں دور تک جانا پڑتا ہے جہاں کبھی وہ بھٹک کر بھارت کے جیلوں میں پہنچ جاتے ہیں۔ اسی طرح بھارت کے ماہی گیر پاکستان کے جیلوں میں پڑے ہیں۔ حالانکہ اقوام متحدہ کے سمندر کے کنونشن کے آرٹیکل 73 کے مطابق اگر ماہی گیر غلطی سے دوسرے ملک کی سمندری حدود میں چلا جائے تو اس پر جرمانہ عائد ہوسکتا ہے لیکن وہ گرفتار نہیں کیا جا سکتا۔ (ڈان، 22 نومبر، صفحہ 15)

- کوسٹ گارڈز

2 نومبر: پی ایف ایف کے مطابق کراچی میں پچھلے دو ہفتوں سے سمندر میں کشتیاں روک کر کوسٹ گارڈز کا عملہ ماہی گیروں سے کارڈ طلب کر رہا ہے۔ کارڈ کی طلبی ان دستاویز اور شکار میں گارڈز کے اپنے حصے کے علاوہ ہے جو عام طور سے وہ کھلے سمندر میں ماہی گیروں کی کشتیوں سے لیتے ہیں۔ ایک کشتی سے 70 ماہی گیروں کا روزگار وابستہ ہوتا ہے۔ ماہی گیروں کا کہنا ہے کہ اگر انھیں ایسے ہراساں کیا گیا تو 70 ماہی گیروں کے خاندان بھوک سے تباہ ہو جائیں گے۔ (ڈان، 3 نومبر، صفحہ 17)

6 نومبر: ایک مضمون کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز کے بعد اب کراچی فشریز هاربر اتھارٹی (KFHA) نے بھی ماہی گیروں پر رجسٹریشن کی شرط عائد کر دی ہے۔ یہ شرط کراچی میں امن و عامہ پر سپریم کورٹ کے سوموٹو کیس نمبر 16/2011 کے حوالے سے عائد کی گئی ہے۔ (ڈان، 7 نومبر، صفحہ 17)

27 نومبر: پی ایف ایف کی ایک پریس کانفرنس میں بتایا گیا کہ پھٹی کریک، ابراہیم حیدری میں ماہی گیروں کی کشتیوں کو روک کر اسپیڈ بوٹ میں سوار افراد نے ان سے جھینگے کا تمام شکار ہتھیا لیا۔ ماہی گیروں نے ان میں سے ایک شخص کو پہچانتے ہوئے بتایا کہ وہ کوسٹ گارڈز کی چیک پوسٹ پر ان افراد میں شامل تھا جو مچھیروں سے ان کے کاغذات کی چھان بین کرنے پر مامور ہیں۔ (دی نیوز، 28 نومبر، صفحہ 20)

- قیدی ماہی گیر

21 دسمبر: پاکستان انڈیا پیپلز فورم فار پیس اینڈ ڈیموکریسی (PIPFPD) اور نیشنل فش ورکرز فورم (NFF) بھارت نے وزیر اعظم بھارت من موہن سنگھ سے ملاقات کے دوران بھارت کے جیلوں میں پڑے پاکستانی ماہی گیروں کی رہائی کا مطالبہ کیا، پاکستان فشر فوک فورم نے بھی اس مطالبے کی حمایت کی۔ پی ایف ایف کے صدر محمد علی شاہ جو ورلڈ فورم آف فشر پیپل (WFFP) کے سیکریٹری جنرل بھی ہیں نے وزیر اعظم بھارت سے اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے گزارش کی ہے۔ (ڈان، 21 دسمبر، صفحہ 18)

- فش فارمز

8 ستمبر: محکمہ ماہی پروری پنجاب کے ایک عہدیدار کے مطابق حالیہ سیلاب نے پنجاب میں دریاؤں کے قریبی علاقوں میں بنائے گئے 150 سے زائد مچھلی فارموں کو مکمل یا جزوی طور پر تباہ کردیا اور ان کی مچھلیاں بہہ کر دریاؤں میں چلی گئیں۔ عہدیدار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ فارمرز کا نقصان محکمے کا فائدہ بن گیا ہے کیوں کہ محکمہ ماہی پروری ان تالابوں سے بہہ کر نہروں اور دریاؤں میں آنے والی مچھلیوں کے شکار سے رواں سال خطیر منافع کمائے گا لیکن محکمے نے فش فارمرز کی تلافی کے لیے کوئی

منصوبہ بندی نہیں کی ہے۔ (ڈان، 9 ستمبر، صفحہ 2)

- گذری کے ماہی گیر

17 ستمبر: گذری کے ماہی گیر کی روزی خطرے میں ہے کیوں کہ DHA (ڈی ایچ اے) کی انتظامیہ نے سمندری گھاٹوں (jetties) تک جانے کے ان کے قدیمی راستے بند کردیے ہیں۔ یہ بات گذری کے ماہی گیروں کے حقوق کے لیے بنائی گئی کمیٹی گذری فشر فوک سولی ڈیریٹی کمیٹی (Gizri Fisherfolk Solidarity Committee) کے قیام کے موقع پر پی ایف ایف کی جانب سے ایک اجلاس کے دوران کی گئی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ ڈی ایچ اے نے اس سے قبل ان ماہی گیروں کے لیے الگ جیٹی اور راستہ بنانے کا اعلان کیا تھا تاکہ وہ اپنا شکار باآسانی منڈی تک پہنچا سکیں۔ تاہم بعد میں حکام نے ماہی گیروں کا داخلہ بند کردیا جس کی وجہ سے ہزاروں محنت کش گذشتہ کئی مہینوں سے بے کار بیٹھے ہیں۔ اجلاس میں یہ بھی کہا گیا کہ ڈی ایچ اے حکام نے ماہی گیروں کی کشتیاں جلادیں اور انھیں مارا پیٹا۔ پاکستان فشر فوک فورم کا کہنا ہے کہ معاملہ روزگار کا ہی نہیں سمندری ماحولیات کا بھی ہے کیوں کہ ڈی ایچ اے ترقیاتی کاموں کے نام پر تیمر کے جنگلات کاٹ کر مزید ساحلی زمین پر قبضہ کررہی ہے۔ (ڈان، 18 ستمبر، صفحہ 17)

- سندھ کی جھیلیں

23 ستمبر: پی ایف ایف کے زیراہتمام ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ وڈیروں اور بااثر سیاسی افراد نے سندھ کی جھیلوں پر قبضہ کرکے چھوٹے ماہی گیروں کو ان کے مچھلیاں شکار کرنے کے حق سے محروم کردیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ صوبے کی 1209 میٹھے پانی کی جھیلوں سے دس لاکھ سے زائد افراد کا براہ راست روزگار وابستہ ہے اور ان میں سے تقریباً تمام چھوٹے ماہی گیر ہیں۔ پاکستان فشر فوک فورم کے چیئرمین محمد علی شاہ نے اس موقع پر کہا کہ ان کی تنظیم کی کوششوں سے ماہی گیری میں ٹھیکے داری نظام کا خاتمہ ہوگیا اور لائسنس کا نظام بحال ہوگیا ہے تاہم ماہی گیروں کا استحصال جاری ہے۔ انھوں نے صوبے کی جھیلوں پر ماہی گیروں کی مکمل خود مختاری کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ وہاں صدیوں سے رہ

رہے ہیں اور روزی کما رہے ہیں۔ (ڈان، 24 ستمبر، صفحہ 17)

## پولٹری

3 ستمبر: حالیہ بجٹ میں نیم تیار اور تیار کھانوں (processed foods) پر سیلز ٹیکس عائد کیے جانے سے ملکی پولٹری صنعت تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی ہے۔ پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے سابق چیئرمین خلیل ستار کا کہنا ہے کہ حکومت نے بیرون ملک سے تیار اور نیم تیار گوشت کی درآمد پر ٹیکس چھوٹ دے دی ہے جبکہ مقامی طور پر اس گوشت کی تیاری پر سیلز ٹیکس عائد کردیا ہے۔ حکومت کے اس فیصلے نے پاکستان کی صنعت کو بندش سے دو چار کردیا ہے۔ (دی نیوز، 4 ستمبر، صفحہ 15)

## VIII۔ ماحول

10 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق ادارہ برائے ماحولیاتی تحفظ (PEPA) پائیدار ترقی کو حکومت کی مختلف پالیسیوں میں شامل کرنے کے لیے ایک نئے طریقہ کار کو متعارف کرنے کی تیاریوں میں مصروف ہے۔
(دی ایکسپریس ٹریبیون، 11 اکتوبر، صفحہ 4)

11 اکتوبر: سندھ کے لیے ماحولیات کے بل کے مسودے پر ایک مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ماحولیات کے وزیر ڈاکٹر سکندر علی نے کہا کہ ہم اس بل کے مسودے پر تمام شعبہ جات بشمول ماحولیاتی ماہرین، ماہر تعلیم، قانونی ماہرین، سول سوسائٹی اور حکومتی محکموں کے آراء اور تجاویز کا ہمیشہ خیر مقدم کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم اسے جمہوری طریقہ سے منظور کروانا چاہتے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 12 اکتوبر، صفحہ 15)

18 نومبر: سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ لاہور نے داروغنہ اور بند روڑ کے شہری علاقوں میں واقع سات فیکٹریوں کو ماحولیاتی آلودگی پیدا کرنے کے الزام میں بند کر دیا۔ (ڈان، 19 نومبر، صفحہ 2)

22 نومبر: پشاور میں ''غربت اور قدرت'' کے موضوع پر انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز میں ایک سیمینار میں بتایا گیا کہ ماحولیاتی خرابی سے سالانہ 74.2 بلین روپے کا پاکستان کی معیشت کو نقصان ہو رہا ہے۔ (دی نیوز، 23 نومبر، صفحہ 5)

14 دسمبر: کراچی میں سٹرنتھیننگ پارٹسپٹری آرگنائزیشن (SPO) کے زیر اہتمام سول سوسائٹی کی گول میز کانفرنس میں نئے ماحولیاتی قانون پر بات چیت ہوئی۔ شرکاء نے حکومت سندھ سے کہا کہ وہ ماحولیاتی بل پر مختلف آرا کو شامل کرتے ہوئے اس پر نظرثانی کرتی رہے تاکہ اس کو بہتر بنا کر تمام لوگوں کے لیے قابل قبول بنایا جاسکے۔ (دی نیوز، 15 دسمبر، صفحہ 20)

24 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق بیرونی امداد سے چلنے والے تحفظ ماحول کے کئی منصوبے کلائمٹ چینج ڈویژن (CCD) کی عدم دلچسپی کی وجہ سے اپنے اہداف کو صحیح طور سے حاصل نہیں کر پا رہے ہیں یا پھر قبل از وقت بند کر دیے گئے ہیں۔ (ڈان، 25 دسمبر، صفحہ 2)

## زمین

- جنگلات

5 ستمبر: سندھ ہائی کورٹ نے بورڈ آف ریونیو کے سیکریٹری نے آئی جی پولیس کو حکم دیا ہے کہ کراچی میں سینڈز پٹ کے قریب ساحلی زمین پر غیر قانونی تعمیرات کرنے اور تیمر کے درختوں کی کٹائی کرنے والوں اور اس کی اجازت دینے والے سرکاری اداروں کے اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 5 ستمبر، صفحہ 14)

22 ستمبر: ایک مضمون کے مطابق پاکستان میں 2.76 فیصد سالانہ کی شرح سے درخت کاٹے جا رہے ہیں۔ اگر یہ شرح برقرار رہی تو اگلے پچیس سالوں میں پاکستان اپنے آدھے کے قریب جنگلات سے محروم

ہوجائے گا جو کہ پہلے ہی ملک کے کل رقبے کے صرف دو فیصد پر مشتمل ہیں۔ معاشی ترقی کے حصول کے لیے ماحول کو پہنچنے والا یہ نقصان کسی بھی قسم کے مالیاتی فائدے سے بڑھ کر ہوگا۔ (عبداللہ ہمایوں، دی ایکسپریس ٹریبیون، 23 ستمبر، صفحہ 11)

12 نومبر: پشاور ہائی کورٹ نے این اے بی (نیب) خیبر پختون خواہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ جنگلات کے محکمے کی طرف سے غیر قانونی طور سے جنگل کی لکڑی کاٹنے کے اقدام اور پلانٹیشن کے لیے حاصل کی گئی امداد پر معلومات حاصل کرے۔ (ڈان، 13 نومبر، صفحہ 5)

14 نومبر: اقوام متحدہ کے ریڈیوسنگ ایمیشنز فرام ڈیفازسٹیشن اینڈ فارسٹ ڈیگریڈیشن (+REDD) پروگرام یا میکنزم پر قومی مشاورت اسلام آباد میں ہوئی جس میں وفاقی حکومتی اہلکاروں کے علاوہ صوبائی سیکریٹریوں اور ماحول سے متعلق غیر سرکاری تنظیموں نے شرکت کی۔ اراکین نے کہا کہ بلوچستان میں زیارت اور ہربوئی کے جنیپر اور چلغوزہ کے جنگلات، مری اور کاہوٹہ کے گزارہ جنگلات اور گلگت بلتستان کے مقامی آبادیوں کی ملکیت میں داریل تانگیر کے جنگلات کو +REDD (ریڈ پلس) کے ممکنہ تجرباتی منصوبوں کے لیے چنا گیا ہے۔ جنگلات اور موسمی تبدیلی کے معاملات کا ریڈ پلس پر دسمبر میں عالمی بینک کے اجلاس میں پاکستانی تجاویز پر غور کیا جائے گا۔ منصوبوں کی منظوری پر 12 ترقی پزیر ممالک میں سے صرف تین کو چار ملین ڈالرز ملیں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 نومبر، صفحہ 4)

28 نومبر: ایک مضمون کے مطابق دریائے سندھ کے دونوں اطراف کی زرخیز زمین کو کئی سالوں سے حکومت مستقل جاگیرداروں کو کاشتکاری کے لیے لیز پر دے رہی ہے جس کی وجہ سے اس علاقے کے جنگلات تیزی سے ختم ہورہے ہیں اور ساتھ ہی ان افراد کا گزر بسر بھی متاثر ہوا ہے جو شہد، جڑی بوٹی، جلانے کی لکڑی اکھٹا کرکے اور چارا بیچ کر اپنا گزارہ کرتے تھے۔ (دی نیوز، 29 نومبر، صفحہ 15)

5 دسمبر: کراچی میں ایک نجی ادارے نے ڈبلیو ڈبلیو ایف کے تعاون سے شہر میں نیم کے پودے لگانا

شروع کر دیے ہیں۔ اس سرگرمی کا مقصد لوگوں میں تیمر اور ماحول کے بارے میں شعور اجاگر کرنا اور سماجی بیداری پیدا کرنا ہے۔ (دی نیوز، 6 دسمبر، صفحہ 19)

18 دسمبر: پشاور پریس کلب میں کانفرنس کے دوران احمد زئی قبیلے کے سربراہ ملک محمد جمیل نے کہا کہ جنوبی وزیرستان ایجنسی میں بڑے پیمانے پر جنگلات کی کٹائی میں مقامی انتظامیہ لکڑی مافیہ کے ساتھ شریک ہے۔ (ڈان، 19 دسمبر، صفحہ 7)

جنگلی حیات:

19 نومبر: ایک خبر کے مطابق وفاقی حکومت نے عرب ممالک کی 33 اعلیٰ شخصیات کو شکار کے موسم میں لمبی ٹانگوں والی بڑی چڑیوں (houbara bustard) کے شکار کی اجازت دے دی ہے۔ یہ چڑیاں اب ناپید ہو رہی ہیں اس لیے ان کے شکار پر پابندی ہے۔ (ڈان، 20 نومبر، صفحہ 15)

- پہاڑی علاقے

10 ستمبر: قراقرم کے پہاڑی سلسلے کے موسم، گلیشیئر ز، پانی اور ماحولیاتی نظام میں تبدیلیوں پر اسلام آباد میں ایک سیمینار منعقد کیا گیا جس میں 35 پاکستانی اور یورپی ماہرین اور سائنس دانوں نے شرکت کی۔ مقررین نے حکومت پر زور دیا کہ قراقرم کے وسائل کو بچانے اور محفوظ رکھنے کے لیے ہر سطح پر ہنگامی اقدامات اٹھائے جائیں۔ (ڈان، 11 ستمبر، صفحہ 4)

مارگلہ ہلز نیشنل پارک:

4 ستمبر: بیش قیمت جنگلی حیات کے باعث اسلام آباد کے مارگلا ہلز نیشنل پارک کو وفاقی حکومت نے مختلف قوانین کے تحت محفوظ علاقہ قرار دے رکھا ہے تاہم ایک سیاسی پارٹی کی سندھ سے تعلق رکھنے والی اعلیٰ ترین شخصیت نے گذشتہ دور حکومت میں اس کی 160 کنال زمین پر قبضہ کرلیا۔ گذشتہ دور حکومت میں

حکومت پنجاب کی توجہ دلانے کے باوجود وفاقی حکومت تاخیری حربوں سے کام لیتے ہوئے اس غیر قانونی قبضے پر خاموش رہی تاہم اب اس سلسلے میں قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ (دی نیوز، 5 ستمبر، صفحہ 3)

22 ستمبر: مارگلا ہلز سوسائٹی (MHS) کے صدر اور سابق بیورو کریٹ روئیدار خان نے کہا ہے کہ مارگلا کی پہاڑیوں میں سرنگ بنا کر ہری پور کو اسلام آباد سے جوڑنے کا منصوبہ مارگلا ہلز نیشنل پارک (MHNP) کے قدرتی ماحول پر حملہ ہے اور اس منصوبے سے ریاض ملک سمیت دیگر لینڈ مافیاز کو مدد ملے گی۔ انھوں نے اس منصوبے کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ منصوبہ بندی کمیشن سے رجوع کیے بغیر یا قومی اقتصادی کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی، ماحولیاتی ڈویژن اور ادارہ برائے تحفظ ماحولیات کی منظوری کے بغیر ہی وزیر اعظم نواز شریف کی زیر صدارت 23 اگست 2013 کو ہونے والے اجلاس میں اس منصوبے کے آغاز کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ (ڈان، 23 ستمبر، صفحہ 4)

9 اکتوبر: حکومت نے بالآخر اعتراف کرلیا ہے کہ مارگلا کی پہاڑیوں میں سرنگ بنانے کا متنازعہ منصوبہ ''زیر غور'' ہے۔ وفاقی اٹارنی جنرل شاہ خاور نے اس سلسلے میں سپریم کورٹ کو بتایا کہ اس منصوبے پر ماحولیاتی، سماجی، تکنیکی اور مالیاتی پہلوؤں کا ملکی قوانین کے تحت جائزہ لینے کے بعد عملی جامہ پہنایا جائے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 اکتوبر، صفحہ 4)

## فضاء

15 ستمبر: وفاقی وزارت موسمی تبدیلی کے شعبہ اوزون کے نیشنل پروگرام منیجر آصف خان نے کہا ہے کہ رواں سال ہم نے اوزون کی تہہ کو پتلا کرنے والے مادے ہائیڈروکلوروفلورو کاربنز (HCFCs) کے بتدریج خاتمے کا عمل شروع کر دیا ہے جس کا استعمال فرج اور ایئر کنڈیشنرز میں عام ہے۔ 1987 میں طے پانے والے مونٹریال پروٹوکول پر پاکستان سمیت 190 ممالک نے دستخط کیے تھے جس کے تحت رکن ممالک نے وعدہ کیا تھا کہ وہ 2030 تک ہائیڈروکلوروفلورو کاربنز کی پیداوار اور استعمال مکمل طور پر ختم

کردیں گے جبکہ پاکستان سمیت دیگر ترقی پذیر ممالک ہائیڈرو کلورو فلورو کاربنز کی پیداوار اور استعمال کو 2015 تک دس فیصد کم کرنے کے پابند ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 16 ستمبر، صفحہ 3)

27 ستمبر: وزیر اعظم نواز شریف نے گذشتہ ماہ کراچی سے بیس کلومیٹر دور گڈانی میں پاکستان پاور پارک کمپنی (PPPC) کے قیام کے منصوبے کا اعلان کیا تھا جس کے تحت 6600 میگاواٹ بجلی کے حصول کے لیے کوئلے سے بجلی پیدا کرنے والے دس پلانٹ لگائے جائیں گے۔ ماہرین کے مطابق ان پلانٹس سے خارج ہونے والی کاربن اور دیگر زہریلے ذرات پر مشتمل دھواں گڈانی میں شدید فضائی اور آبی آلودگی کا باعث بنے گا۔ چونکہ تقریباً سارا سال ہوا کا رخ گڈانی سے کراچی کی طرف رہتا ہے اس لیے یہ کراچی میں بھی فضائی آلودگی کا باعث بنے گا جو پہلے ہی اس مسئلے کا شکار ہے۔ (ڈان، 28 ستمبر، صفحہ 14)

## پانی

- آبی آلودگی

29 اکتوبر: بدین میں ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے شرکا نے کہا کہ صنعتی فضلے اور گھریلو گندگی سے پھولیلی کنال اور پانی کی دیگر ندی نالوں میں بڑھتی ہوئی آلودگی انسانی ماحول، صحت اور لوگوں کی روزگار کے لیے خطرہ ہے۔ (ڈان، 30 اکتوبر، صفحہ 18)

29 نومبر: چار ملکوں میں جن میں پاکستان بھی شامل ہے میں پانی، نکاسی اور صفائی کو بہتر بنانے کے لیے لاہور میں ایک منصوبے پاکستان اپروچ ٹو ٹوٹل سینیٹیشن (PATS) کا افتتاح ہوا۔ یہ چار سالہ منصوبہ، پلان انٹرنیشنل پاکستان، پنجاب حکومت اور آسٹریلیا کی امدادی ایجنسی (AUSAID) کے تعاون سے چکوال، وہاڑی، رحیم یار خان اور لیہ کے اضلاع میں چلایا جائے گا۔ (ڈان، 30 نومبر، صفحہ 4)

30 نومبر: سندھ کی صوبائی حکومت نے تیل اور گیس کی کمپنیوں کو بن قاسم میں تیل اور لیکوڈیفائڈ گیس کو

سمندری جہازوں سے قریبی ٹینکوں تک پہنچانے کے لیے جیٹی بنانے کی اجازت دے رکھی ہے۔ بن قاسم کی ساحلی بستیوں کے لوگ اس سے پریشان ہیں کیونکہ یہ منصوبہ تیمر جنگلات، آبی حیات اور حیاتیاتی تنوع کے لیے شدید خطرہ ہونے کے ساتھ ساتھ مقامی ماہی گیروں کی کشتیوں کو کھلے سمندر میں جانے میں رکاوٹ بن گیا ہے۔ (دی نیوز، 30 نومبر، صفحہ 14)

کینجھر جھیل:

19 ستمبر: ادارہ برائے تحفظ ماحولیات سندھ (SEPA) کے ڈائریکٹر جنرل نعیم مغل نے سندھ انڈسٹریل ٹریڈنگ اسٹیٹ کوٹری (SITE) کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر اس نے کوٹری کی صنعتوں سے خارج ہونے والے زہریلے صنعتی مادوں کی صفائی کے لیے پلانٹ (Combined Effluent Treatment Plant) نہ لگایا تو ماحولیاتی قوانین کے تحت اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ (دی نیوز، 20 ستمبر، صفحہ 18)

20 ستمبر: سندھ اسمبلی کے گذشتہ روز کے اجلاس میں متحدہ قومی موومنٹ کے رکن اسمبلی محمد حسین خان نے کراچی کو پینے کا پانی فراہم کرنے والی کینجھر جھیل کی آلودگی کے خلاف تحریک التوا جمع کروائی۔ ان کا کہنا تھا کہ جھیل میں بڑی مقدار میں صنعتی فضلہ گرنے سے جھیل کا پانی آلودہ ہوگیا ہے جس سے کراچی کے دو کروڑ سے زائد شہریوں کی صحت کو سنگین خطرات لاحق ہیں۔ (ڈان، 21 ستمبر، صفحہ 15)

5 نومبر: سندھ میں پاکستان مسلم لیگ کے صدر حلیم عادل شیخ نے سندھ ہائی کورٹ سے درخواست کی ہے کہ وہ کینجھر جھیل میں خارج ہونے والے صنعتی فضلے کے اثرات کا اندازہ لگانے کے لیے ایک کمیشن تشکیل دے۔ (دی نیوز، 6 نومبر، صفحہ 14)

منچھر جھیل:

29 اکتوبر: سندھ کے صوبائی سیکریٹری آبپاشی بابر آفندی نے یقین دلایا کہ 2014 کے آخر تک رائٹ بینک آؤٹ فال ڈرین (RBOD) کو مکمل کر لیا جائیگا جس کے ذریعے آلودہ پانی کی نکاسی ممکن بنا کر منچھر جھیل کی آلودگی پر مکمل طور پر قابو پالیا جائیگا۔ درمیان میں یہ کوشش بھی ہو رہی ہے کہ زہریلے مادوں کے بہاؤ کو کم کر کے جھیل کو زیادہ تازہ پانی فراہم کیا جائے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 اکتوبر، صفحہ 14)

24 دسمبر: منچھر جھیل کی آلودگی ختم کرنے اور اس سے متاثر افراد کی بحالی پر سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل درآمد کرنے کے لیے حکومت سندھ کے ذکات اور عشر کے محکمے اور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام نے مالی امداد کا وعدہ کیا ہے۔ اس سے ماہی گیروں کی مالی امداد کے علاوہ ان کی صحت اور تعلیم کے لیے گشتی دستوں (mobile units) کا اہتمام کیا جائے گا اور جھیل کی آلودگی کا اندازہ لگانے کے لیے علاقے کا ماحولیاتی سروے بھی کیا جائے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 25 دسمبر، صفحہ 16)

- آبی حیات

10 اکتوبر: ڈبلیو ڈبلیو ایف کے مطابق بیراجوں کی وجہ سے دریائے سندھ میں پائی جانے والی ڈولفن مچھلی کے لیے قدرتی ماحول میں بگاڑ پیدا ہو رہا ہے۔ ڈولفن کے شکار کے لیے استعمال ہونے والے جال کے علاوہ دریائے سندھ کے دونوں اطراف زرعی زمینوں پر بے تحاشا کیڑے مار ادویات اور کھاد کے استعمال سے بھی پانی میں آلودگی کی وجہ سے انڈس ڈولفن کو خطرات لاحق ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 11 اکتوبر، صفحہ 5)

28 نومبر: پاکستان فشر فوک نے ایک بیان میں کہا ہے کہ کراچی میں دو نئے نیوکلیئر منصوبوں، کے ون اور کے ٹو، کا حال ہی میں افتتاح ہوا تھا جن کے حوالے سے علاقہ کے مکینوں سے کوئی مشاورت نہیں کی گئی تھی۔ یہ منصوبے زلزلے کی فرنٹ لائن کے قریب ہیں اور یہاں لوگ پہلے ہی طوفانوں اور سونامی کے

خطرے کی زد میں رہتے ہیں۔ ایسی صورت حال میں ایسے پلانٹس کیسی تباہی لاسکتے ہیں اس کا اندازہ بھی نہیں کیا جاسکتا ہے۔ عام حالات میں صرف ایسے پلانٹ کے چلنے سے اتنی گرمی پیدا ہوتی ہے کہ وہ علاقے کی سمندری حیات کو بری طرح متاثر کرتی ہے، ان حالات میں بعض اقسام تو شاید ناپید ہوجائیں۔ مقامی ماہی گیر آبادی کا روزگار اس سے شدید متاثر ہوگا اور ان کی غربت میں اضافے کا سبب بنے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 29 نومبر، صفحہ 14)

## IX۔ موسمی تبدیلی

28 ستمبر: اقوام متحدہ نے موسمی تبدیلی کے حوالے سے اپنی نئی رپورٹ میں کہا ہے کہ عالمی حدت اب بالکل واضح ہوگئی ہے اور غالب امکان ہے کہ اس کے ذمہ دار بنی نوع انسان ہیں۔ پاکستانی ماہر موسمیات نے مذکورہ رپورٹ کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ مستقبل میں موسمی تبدیلی پاکستان میں غذائی تحفظ، پانی اور توانائی کے شعبوں کو متاثر کرے گی۔ انھوں نے کہا کہ نوتشکیل شدہ قومی موسمی تبدیلی پالیسی پر جلد از جلد عمل درآمد کی اشد ضرورت ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 29 ستمبر، صفحہ 2)

29 ستمبر: ایک خبر کے مطابق موسمی تبدیلی کے باعث سمندروں کی سطح میں بلندی نہ صرف پاکستان میں ماہی گیری کو نقصان پہنچائے گی بلکہ ساحلی علاقوں میں قائم صنعتوں اور ساحلی بستیوں کو بھی اس سے خطرہ ہے۔ (دی نیوز، 30 ستمبر، صفحہ 16)

7 اکتوبر: اسلام آباد میں موسمی تبدیلی پر ہونے والے ایک سیمینار میں شرکاء نے کہا کہ پاکستان کو موسمی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے کے لیے نئے اور موثر قوانین بنانے چاہئیں۔ جس کے لیے موجودہ موسمی تبدیلی ڈویژن کی تشکیل نو کی اشد ضرورت ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 اکتوبر، صفحہ 4)

10 نومبر: پاکستان کے محکمے موسمیات کے اعلیٰ عہدیدار ڈاکٹر غلام رسول کی نئی تحقیق کے مطابق مون سون

کی بارشوں میں تیزی، برف پر مقامی اور علاقائی ممالک سے خارج ہونے والے کاربن کے اثرات اور برف باری کا سردیوں کے آخر میں ہونا، گلشیز کے پگلنے کے عمل کو تیز کررہے ہیں۔ اس تحقیق میں پانچ گلیشیئر سے لیے گے نمونے سے پتہ چلا ہے کہ برف کی نچلی سطح پر کاربن کی کالک جمع ہوجاتی ہے۔ جس کی وجہ سے سورج کی گرمی برف پر سے واپس پلٹنے کے بجائے زیادہ تر جذب ہو جاتی ہے جس سے برف کے بگلنے کا عمل تیز ہوتا جارہا ہے۔ (ڈان، 11 نومبر، صفحہ 4)

13 نومبر: ماحولیاتی ادارہ جرمن واچ (German Watch) کی گلوبل کلائمٹ ریسگ انڈیکس میں سال 2012 میں تین ان ممالک میں پاکستان شامل تھا جو موسمی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں، دوسرے دو ممالک فلپائن اور ہیٹی ہیں۔ پاکستان اس سے پہلے کے لگاتار تین سالوں میں بھی سب سے زیادہ متاثر تین ممالک کی فہرست میں شامل رہا اور پچھلے دو دھائیوں میں بھی پاکستان کو کلائمٹ رسک انڈیکس کی فہرست میں بارہویں نمبر پر رکھا گیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 14 نومبر، صفحہ 12)

29 نومبر: کراچی میں ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان میں خطاب کرتے ہوئے ماہر ماحولیات طاہر حسنین نے کہا کہ موسمی تبدیلی کی وجہ سے گرمیوں کا موسم لمبا اور سردیوں کا چھوٹا ہوگیا ہے، گرمی بڑھ رہی ہے اور بارش کم ہورہی ہے۔ اس کی وجہ سے خوراک کی پیداوار کم اور معیار خراب ہوگا۔ اس کے ساتھ شہری آبادی میں اضافے کے ساتھ زرعی زمین کم ہو رہی ہے۔ کارپوریٹ فارمنگ کی وجہ سے زرعی ادویات اور کیمیائی اشیاء کا استعمال بڑھ رہا۔ سبزی اور پھلوں کو تازہ رکھنے کے لیے بھی ان کا استعمال ہورہا ہے۔ اس کے علاوہ اچھی فصلوں کی برآمد اور خراب فصلوں کی درآمد کا سلسلہ بھی صورتحال کو مزید بگاڑ رہا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 30 نومبر، صفحہ 13)

4 دسمبر: پچھلے 40 سالوں میں جنوبی ایشیاء میں 1,300 آفات موسمی تبدیلی کے باعث پیش آئیں جس میں تقریباً ایک ملین لوگ ہلاک اور 2.4 بلین متاثر ہوئے۔ صرف 2011 میں ان آفات کی وجہ سے عالمی

معیشت کو 270 بلین ڈالرز کا نقصان ہوا۔ یہ باتیں سیکریٹری برائے موسمی تبدیلی راجہ حسن عباس نے اسلام آباد میں حکومت پاکستان اور انٹرنیشنل یونین فار کانزرویشن آف نیچر (IUCN) کے منعقد کردہ پروگرام میں کہیں۔ ماہرین نے بتایا کہ 2007 کی ایک ماحولیاتی رپورٹ کے مطابق موسمی تبدیلی کی وجہ سے پاکستانی معیشت چھ فیصد تنزلی کا شکار ہوگئی یعنی اسے 35 بلین روپے کا سالانہ نقصان ہو رہا ہے۔ (ڈان، 5 دسمبر، صفحہ 4)

10 دسمبر: ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان اور یورپی کمیشن کی مدد سے چلنے والے موسمی تبدیلی سے مطابقت پیدا کرنے کے منصوبے کے تعاون سے تین روزہ علاقائی کانفرنس کراچی میں منعقد کی گئی۔ اس موقع پر ایرانی ماہی پروری کے تحقیقی ادارے کے ڈاکٹر حسین نگارستان نے کہا کہ موسمی تبدیلی سے مطابقت رکھنے سے اب آگے کی بات ہونی چاہیے۔ وہ ممالک جو گرین ہاؤس گیسیز کے اخراج کے زیادہ ذمہ دار ہیں انھیں اس کی سزا بھی ملنی چاہیے تاکہ وہ اخراج میں کمی لانے میں تیزی لائیں۔ (ڈان، 11 دسمبر، صفحہ 17)

26 دسمبر: ساحلی اور سمندری وسائل پر موسمی تبدیلی کے اثرات پر تین روزہ ورکشاپ کراچی میں وفاقی حکومت کے کلائمٹ چینج ڈویژن اور سارک کونسل زون مینجمنٹ سینٹر مالدیو (Maldives) کے تعاون سے منعقد ہوئی۔ اس ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے شرکاء نے کہا کہ گرین ہاؤس گیسیز کا اخراج جس کی وجہ سے عالمی حدت بڑھ رہی ہے اور موسمی تبدیلی واقع ہو رہی ہے کی ذمہ داری سارک ممالک پر بہت ہی کم ہے لیکن سارک ممالک ان چند ممالک میں سے ہیں جن پہ اس کے اثرات سب سے زیادہ ہیں۔ (ڈان، 27 دسمبر، صفحہ 11)

28 دسمبر: کلائمٹ چینج پروگرام کے مشیر اور ایشیا لیڈ (LEAD) کے علاقائی ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر قمرالزمان چوہدری نے کراچی میں ایک انٹرویو میں کہا کہ وہ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ موسمی تبدیلی کی وجہ سے اگلی صدی میں جنگیں تیل کے بجائے پانی کے لیے ہوں گیں۔ انھوں نے کہا کہ 80 فیصد پانی

زراعت میں استعمال ہوتا ہے اور اس میں سے 30 فیصد ضائع ہو جاتا ہے۔ اس پانی کو سب سے پہلے بچانے کی ضرورت ہے۔ (دی نیوز، 29 دسمبر، صفحہ 19)

## سبز معیشت

1 اکتوبر: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد، یو ایس ڈی اے، یونیورسٹی آف کیسل جرمنی اور انٹرنیشنل سینٹر فار ڈیویلپمنٹ اینڈ ڈیسنٹ ورک (ICDD) کے زیر اہتمام فیصل آباد میں قابل تجدید توانائی کی ٹیکنالوجیوں پر کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ شرکاء نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان شمسی توانائی، آبی توانائی، بائیو ماس اور ہوا کی توانائی کے منصوبوں کے ذریعے اپنی توانائی کی ضروریات میں خودکفیل ہوسکتا ہے۔ وزیر توانائی پنجاب نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چولستان میں 50 میگاواٹ کا قائداعظم سولر (شمسی) پارک چھ ماہ کے اندر بجلی کی پیداوار شروع کردے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 اکتوبر، صفحہ 10)

30 اکتوبر: پاکستان پاورٹی ایلیوی ایشن فنڈ(PPAF) نے جرمنی کی امداد سے صوبہ خیبر پختون خواہ کے 10 اضلاع میں متبادل توانائی کا منصوبہ شروع کیا ہے۔ PPAF (پی پی اے ایف) نے ابھی تک 700 متبادل توانائی کے منصوبوں کو فروغ دینے میں مدد دی ہے۔ (دی نیوز، 31 اکتوبر، صفحہ 15)

16 نومبر: وزیراعظم نواز شریف نے کولمبو میں کامن ویلتھ (Common Wealth) کے سربراہوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے گرین کلائمٹ فنڈ پر جلد عمل درآمد پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ موسمی تبدیلی ہمارے دور کی اصل حقیقت بن کر ہمارے سامنے ہے۔ اس حوالے سے مختلف طریقوں سے کام کرنے کے لیے عالمی تعاون کی ضرورت ہے تاکہ وہ رقم اکھٹی ہو جس سے اس کے اثرات کا مقابلہ کیا جا سکے۔ (دی نیوز، 17 نومبر، صفحہ 1)

14 نومبر: ایک مضمون کے مطابق پنجاب کی حکومت نے دستور میں اٹھارویں ترمیم کے بعد جون 2011 میں توانائی کا محکمہ قائم کیا جس نے صوبے میں متبادل توانائی سے 430 میگاواٹ بجلی حاصل کرنے کا منصوبہ بنایا تھا لیکن توانائی کے سیکریٹریوں کی مستقل تبدیلی کی وجہ سے اس کام کی رفتار سست پڑ گئی ہے۔ (انور سمرا، 15 نومبر، صفحہ 10)

- شمسی توانائی

5 اکتوبر: اطالوی ماہرین نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (SCCI) کے شمسی توانائی کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کی پیش کش کی ہے۔ ابتدائی طور پر سیالکوٹ میں 10 میگاواٹ شمسی توانائی کا پلانٹ لگایا جائے گا جس کے لیے سرمایہ مقامی صنعت کار اور برآمد کنندگان اپنی مدد آپ کے تحت فراہم کریں گے۔ (ڈان، 6 اکتوبر، صفحہ 7)

20 نومبر: ایک خبر کے مطابق سعودی عرب کی کمپنی ایڈوانس الیکٹرونکس (AEC) سندھ کے مختلف دیہاتوں میں 300 سے 500 میگاواٹ کے شمسی توانائی کے منصوبے کے لیے مالی امداد فراہم کرے گی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 22 نومبر، صفحہ 10)

22 نومبر: لاہور میں پنجاب حکومت اور جرمنی کی ایک کمپنی کے درمیان ساہیوال میں 100 میگاواٹ کا شمسی پاور پلانٹ اور بایوگیس اور بایو ماس پلانٹز قائم کرنے کے سمجھوتے پر دستخط ہوئے۔ (دی نیوز، 23 نومبر، صفحہ 5)

22 نومبر: لاہور میں فرانسی سفارتکار ارک نوئی ٹوکس (Eric Noitokis) نے پاکستان کے کاروباری شعبے کے افراد سے بات چیت کے دوران کہا کہ فرانسی ڈونر ایجنسی (AFD) کے زیر انتظام ایک کمپنی پارکو (PARCO) 15 ملین ڈالرز تک امداد نجی شعبے کے منصوبوں کے لیے دیتی ہے۔ یہ امداد فرانس کی ایک

بڑی شمسی توانائی کی کمپنی جو پاکستان میں بڑا شمسی پلانٹ لگانے میں دلچسپی رکھتی ہے کے کام کے فروغ میں استعمال ہوسکتی ہے۔ (دی نیوز، 23 نومبر، صفحہ 17)

27 نومبر: متحدہ عرب امارات اپنی 15 بلین ڈالرز کی سرمایہ کاری ''مصدر انیشی ایٹیو'' سے شمسی اور ہوا سے توانائی حاصل کرنے کے کام کو دنیا بھر میں فروغ دے رہا ہے۔ یہ بات یو اے ای کے کلین انرجی کے ڈائریکٹر بدر نے بتائی کہ بین الاقوامی شرکاء کے ساتھ مل کر ابوظہبی میں 100 میگاواٹ، برطانیہ میں 630 میگاواٹ اور اسپین میں 120 میگاواٹ کے منصوبوں پر کام مکمل ہو چکا ہے۔ اب یہ سرمایہ کارگروپ منافع بخش سرمایہ کاری کے لیے دیگر ممالک کی طرف دیکھ رہا ہے۔ ان ممالک میں پاکستان بھی شامل ہے۔ (دی نیوز، 28 نومبر، صفحہ 15)

قائداعظم سولر پارک:

31 اگست: وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف کے زیرصدارت پنجاب انرجی کونسل کے اجلاس میں دس ہزار ایکڑ رقبے پر قائداعظم سولر (شمسی) پارک کی تعمیر کے ماسٹر پلان کی رسمی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس میں قائداعظم سولر پاور کمپنی کے قیام کی بھی منظوری دی گئی جس کے چیئرمین وزیر اعلیٰ اور نائب چیئرمین صوبائی وزیر توانائی ہوں گے۔ سرکاری اور نجی دونوں شعبوں سے چھ ارکان کمپنی میں شامل کیے جائیں گے۔ (دی نیوز، 1 ستمبر، صفحہ 12)

12 ستمبر: وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے کہا ہے کہ لال سوہانرا اور دین گڑھ میں دو شمسی پارک تعمیر کیے جارہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ قائداعظم سولر پارک لال سوہانرا کا سنگ بنیاد جلد رکھا جائے گا اور اگلے سال کی پہلی سہ ماہی تک اس پارک میں پچاس پچاس میگاواٹ کے دو منصوبے بجلی کی پیداوار شروع کردیں گے۔ (دی نیوز، 13 ستمبر، صفحہ 9)

12 اکتوبر: چولستان میں بہاولپور کے قریب گاؤں میں قائداعظم سولر انیرجی پارک کا افتتاح کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے کہا کہ حکومت جنوبی پنجاب کی تاریخ میں سب سے بڑی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ اس پارک سے 1,000 میگاواٹ بجلی پیدا کی جاسکے گی اور پہلے مرحلے میں جو 2014 میں شروع ہوچکا ہے 100 میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی۔ اس منصوبے پر 200 بلین روپے خرچ ہونگے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 اکتوبر، صفحہ 5)

7 نومبر: لاہور میں پنجاب کی حکومت اور کینڈین سولر کمپنی کے درمیان قائداعظم پارک میں 500 میگاواٹ کے سولر منصوبے کے لیے دستخط ہوئے۔ (دی نیوز، 8 نومبر، صفحہ 5)

19 دسمبر: ایک خبر کے مطابق بھاولپور میں قائداعظم سولر پارک میں سولر پینلز کو دھونے کے لیے ایک قریبی نہر سے 16 کلومیٹر پانی کی شاخ نکالنے کا منصوبہ بنایا گیا تھا۔ جس کو اب ختم کردیا گیا ہے لیکن اس کی تیاری میں 2,600 درخت کاٹے جاچکے ہیں۔ (ڈان، 19 دسمبر، صفحہ 2)

- ہوا کی توانائی

1 ستمبر: سندھ بورڈ آف انویسٹ منٹ (SBI) کا کہنا ہے کہ صوبے کے ہوا کی توانائی کے منصوبوں میں وفاقی ادارہ برائے متبادل توانائی ترقیاتی بورڈ (AEDB) کا کردار کم سے کم ہونا چاہیے کیوں کہ اٹھارویں ترمیم کی منظوری کے بعد قابل تجدید (renewable) توانائی کا شعبہ صوبائی حکومتوں کی عملداری میں چلا گیا ہے۔ SBI (ایس بی آئی) کا کہنا ہے کہ اس کو اختیار ملنے کے بعد ہوا کی توانائی کے منصوبوں میں سرمایہ کاری میں تیزی آئے گی۔ ایس بی آئی کے مطابق امریکہ کی نیشنل رینیوایبل لیب میں یو ایس ایڈ کے اشتراک سے تیار ہونے والے ہوائی نقشے (wind map) سے پتہ چلا ہے کہ پاکستان میں ہوا کی توانائی سے 3 لاکھ 46 ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کی جاسکتی ہے۔ (ڈان، 2 ستمبر، صفحہ 13)

4 ستمبر: امریکہ کی اوورسیز پرائیویٹ انویسٹ منٹ کارپوریشن (OPIC) اور سیفائر ونڈ پاور کمپنی نے جھمپیر میں 50 میگاواٹ کے ہوا سے بجلی بنانے کے منصوبے (Greenfield Wind Power Project) کے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ اس منصوبے کے لیے پون چکیاں امریکی کمپنی جنرل الیکٹرک، چینی کمپنی ہائیڈرو چائنا کارپوریشن سے معاہدے کے تحت فراہم کرے گی۔ اس منصوبے کو سیفائر ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ اور بینک الفلاح کا مالی تعاون حاصل ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 5 ستمبر، صفحہ 10)

15 ستمبر: ایک خبر کے مطابق پاکستان میں ہوا کی توانائی کے منصوبوں کو پروان چڑھانے کی راہ میں تیل مافیا رکاوٹیں پیدا کررہا ہے۔ دوسری طرف فوجی فرٹیلائزر کمپنی (FFC) کی ذیلی کمپنی فوجی فرٹیلائزر کمپنی انرجی لمیٹڈ (FFCEL) نے ملک میں پہلی مرتبہ ہوائی کی توانائی سے 50 میگاواٹ بجلی کی پیداوار شروع کردی ہے۔ (دی نیوز، 16 ستمبر، صفحہ 2)

- بایوگیس

1 ستمبر: پنجاب کے 36 اضلاع میں بائیوگیس کے 1476 پلانٹس کی کامیاب تنصیب کے بعد صوبائی محکمہ زراعت نے صوبائی حکومت کو مزید دس ہزار بائیوگیس پلانٹس کی تنصیب کی سمری بھیجی ہے۔ محکمہ زراعت کے مطابق گوبر اور پانی سے چلنے والے یہ پلانٹ کھانا پکانے، گھروں کے لیے بجلی کی محدود پیداوار اور ٹیوب ویل چلانے کے لیے استعمال ہوں گے۔ محکمے کا کہنا ہے کہ بائیوگیس پلانٹس کے استعمال سے سالانہ لاکھوں لیٹر ڈیزل اور مٹی کے تیل کی بچت ہوگی۔ (ڈان، 2 ستمبر، صفحہ 2)

7 ستمبر: پاکستان میں بائیوگیس پلانٹس کو متعارف کرانے والی تنظیم نیدر لینڈز ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن کا کہنا ہے کہ پاکستان میں سالانہ صرف تین ہزار بائیوگیس پلانٹس نصب کیے جارہے ہیں۔ تنظیم کے مطابق نیپال میں سالانہ 20 ہزار، ویت نام میں 18 ہزار اور بنگلہ دیش میں چھ ہزار بائیوگیس پلانٹس نصب ہو رہے ہیں۔ تنظیم نے حکومت پاکستان سے درخواست کی وہ دیگر ممالک کی طرح پاکستان میں بھی ان

پلانٹس کی تنصیب کے لیے عوام بالخصوص دیہی آبادیوں کو چھوٹے قرضوں کی سہولت فراہم کرے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 8 ستمبر، صفحہ 11)

9 اکتوبر: پنجاب حکومت صوبے میں ڈیزل سے چلنے والے نو لاکھ میں سے ایک لاکھ ٹیوب ویلوں کو اگلے پانچ سالوں میں بایوگیس پر منتقل کرے گی جس سے کسانوں کے آب پاشی پر اخراجات کم ہوں گے اور تیس ارب روپے کی بچت ہوگی۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 اکتوبر، صفحہ 5)

9 نومبر: پاکستان ڈومیسٹک بائیوگیس پروگرام (PDBP) کے زیرنگرانی 50 سے 100 کیوبک میٹر بائیوگیس رکھنے کی صلاحیت کے پلانٹس پر کام شروع ہو چکا ہے جن سے 5 سے 10 کلو واٹ کے جنریٹرز چلائے جا سکتے ہیں۔ وسطی پنجاب کے 12 اضلاع کے دیہاتوں میں ایسے 300 پلانٹز کام کر رہے ہیں جبکہ 150 ٹیوب ویل جو پہلے ڈیزل پر چلتے تھے پچھلے سال سے سستی بایوگیس استعمال کر رہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 نومبر، صفحہ 11)

- بایو ماس

18 ستمبر: جرمن غیر سرکاری تنظیم (GIZ) اور اپٹما کی جانب سے کیے گئے سروے کے مطابق پنجاب کے آٹھ اضلاع میں دستیاب زرعی فضلے (biomass) سے 980 میگاواٹ سستی بجلی پیدا کی جاسکتی ہے۔ اپٹما کے مطابق ان اضلاع سے سالانہ ایک کروڑ 3 لاکھ 40 ہزار غیر استعمال شدہ زرعی فضلہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ (دی نیوز، 19 ستمبر، صفحہ 15)

27 ستمبر: وفاقی وزیر اطلاعات پرویز رشید نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اقوام متحدہ کے صنعتی ترقی کے ادارے (UNIDO) کی بایو ماس منصوبوں کو فروغ دینے کی کوششوں کی پاکستان میں بہت اہمیت ہے۔ تقریب میں بتایا گیا کہ پاکستان میں 1.82 ملین ڈالرز اور 5.3 ملین ڈالرز کے بایو ماس کے

دو منصوبے شروع کیے جائیں گے جن کے لیے سرمایہ عالمی اور ملکی سرکاری و نجی ادارے فراہم کریں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 ستمبر، صفحہ 10)

27 دسمبر: 15 میگاواٹ بایو ماس پاور پلانٹ کے لیے بھارت ٹیکنیکل امداد دے گا۔ اس حوالے سے لاہور میں یادداشت کی دستاویز (MOU) پر دستخط کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر زراعت، پنجاب، ڈاکٹر فرخ جاوید نے کہا کہ 1,277 میگاواٹ بجلی 10.94 ملین ٹن بایو ماس سے پیدا ہوسکتی ہے جو ہمیں فصلوں کے کچرے سے حاصل ہوتی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 28 دسمبر، صفحہ 11)

## x۔ قدرتی بحران

### سیلاب

3 ستمبر: وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت تمام سیلاب متاثرین کو ستمبر کے آخر تک معاوضہ ادا کردے گی۔ وزیر اعلیٰ نے سیلاب متاثرہ علاقوں کے طلباء کی اسکولوں اور کالجوں کی ایک سال کی فیس بھی معاف کرنے کا اعلان کیا۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ اس سال جنوبی پنجاب کے مقابلے میں وسطی پنجاب سیلاب اور بارشوں سے زیادہ متاثر ہوا ہے۔ (دی نیوز، 4 ستمبر، صفحہ 5)

6 ستمبر: چینی سفیر نے سیلاب متاثرین کی امداد کے لیے دو کروڑ 10 لاکھ روپے کی مالیت کے کمبل اور ترپال پاکستان ہلال احمر سوسائٹی کے حوالے کیے ہیں۔ (دی نیوز، 7 ستمبر، صفحہ 5)

6 ستمبر: غیر سرکاری تنظیم پاکستان ریلیف فاؤنڈیشن (PRF) کے چیئرمین حلیم عادل شیخ کا کہنا ہے کہ سندھ کے تقریباً 5 لاکھ 6 ہزار سیلاب متاثرین میں سے 92 فیصد کو اب تک خوراک اور امدادی سامان تک رسائی نہیں ملی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ سیلاب زدہ علاقوں میں کھڑے پانی نے دیہی آبادیوں کے لیے صحت

کے بڑے مسائل کھڑے کردیے ہیں۔ (دی نیوز، 7 ستمبر، صفحہ 14)

12 اکتوبر: سندھ طاس سیلاب طریقہ کار، اثرات اور انتظام کے عنوان سے ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ کے مطابق تکنیکی ادارتی اور پالیسی کے جائزے کی فوری ضرورت ہے تاکہ پانی کے وسائل کے انتظام کا فریم ورک اور سیلاب پلان کا ایک مربوط طریقہ کار واضح کیا جاسکے۔ (ڈان، 13 اکتوبر، صفحہ 3)

5 نومبر: وزیر اعلیٰ پنجاب نے ایک تقریب میں راجن پور کے سیلاب متاثرین میں چیک تقسیم کیئے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 نومبر، صفحہ 5)

11 نومبر: فرنڈز آف انڈس فورم (FIF) کی ایک تقریب سے حیدرآباد میں خطاب کرتے ہوئے آبپاشی کے سابق سیکرٹری محمد عاسم لغاری نے کہا کہ 2010 اور 2011 کے سیلاب اور بارشوں کے بعد سے دیہی علاقوں کی غربت میں بہت اضافہ ہوا ہے اور ان علاقوں کو اب بہت توجہ کی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے انھوں نے کہا سندھ اریگیشن اور ڈرینیج اتھارٹی (SIDA) کے کردار کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔ FIF (ایف آئی ایف) جنرل سیکریٹری ناصر علی پنہور بتایا کہ دریائے سندھ کے دنوں طرف پانی کے پرانے راستے دھورا کہلاتے تھے ۔ یہ سیلابی پانی بہانے جانے کے قدرتی ذریعہ تھےلیکن زمینی قبضوں کی وجہ سے یہ بہت پہلے سے بند ہوگئے۔ انھوں نے زور دیا کے بحالی کے کاموں سے زیادہ بڑے پیمانے پر سیلاب سے تباہی کی اس جڑ کو سب سے پہلے ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ (ڈان، 12 نومبر، صفحہ 18)

## زلزلہ

24 ستمبر: بلوچستان کے علاقے آواران میں گذشتہ روز 7.7 درجے کا شدید زلزلہ آیا جس کے نتیجے میں کم از کم 60 افراد ہلاک ہوگئے اور مکانات اور عمارتیں زمین بوس ہوگئیں۔ زلزلے کے جھٹکے بلوچستان کے دیگر اضلاع کے علاوہ باقی صوبوں میں بھی محسوس کیے گئے۔ سرکاری عہدیداران کا کہنا ہے کہ ہلاکتوں کی

تعداد میں اضافہ ہوسکتا ہے کیوں کہ بہت سے علاقوں تک ابھی تک امدادی ٹیمیں نہیں پہنچ سکی ہیں۔ (ڈان، 25 ستمبر، صفحہ 1)

26 ستمبر: دو روز قبل آنے والے زلزلے سے ضلع آواران کا علاقہ مشکئی ملبے کا ڈھیر بن گیا ہے۔ 25 ہزار افراد پر مشتمل آبادی کی بڑی تعداد ہلاک اور زخمی ہوئی ہے۔ علاج کے لیے کراچی پہنچائے جانے والے زخمیوں نے بتایا کہ زلزلے کے ایک روز بعد صرف تین ایدھی ایمبولینسیں مشکئی تک پہنچنے میں کامیاب ہوئیں جو اپنی گنجائش کے مطابق تھوڑے سے زخمیوں کو کراچی لاسکیں۔ زخمیوں نے بتایا کہ اگر امدادی ٹیمیں فوری طور پر خوراک اور ادویات لے کر نہ پہنچیں تو مرنے والوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہوجائے گا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 27 ستمبر، صفحہ 13)

26 ستمبر: وفاقی وزیر اطلاعات پرویز رشید نے ایک نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں کہا کہ بلوچستان کے زلزلہ زدہ علاقوں میں ہلاکتوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کر گئی ہے تاہم نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (NDMA) امدادی سرگرمیوں کے لیے افرادی قوت کی کمی کا شکار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فوج، ایف سی اور دیگر وفاقی ادارے ان علاقوں میں امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ (دی نیوز، 27 ستمبر، صفحہ 9)

27 ستمبر: ضلع آواران کے علاقے گجر کے زلزلہ متاثرین کے پاس بھوک اور پیاس مٹانے کے لیے کھجوروں اور دریا کے پانی کے سوا کچھ نہیں ہے۔ لوگ ٹہنیوں اور چیتھڑوں سے بنی جھونپڑیاں بنا کر تپتی دھوپ سے بچنے کی کوشش کررہے ہیں کیوں کہ حکومت کی طرف سے ہزاروں متاثرین میں اب تک صرف 300 خیمے تقسیم کیے گئے ہیں۔ (ڈان، 28 ستمبر، صفحہ 8)

27 ستمبر: وزیر اعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں بلوچستان کے زلزلہ متاثرین کے لیے 10 کروڑ روپے کی امداد کا فیصلہ کیا گیا۔ (دی نیوز، 28 ستمبر، صفحہ 1)

27 ستمبر: بلوچستان کے زلزلہ زدہ علاقوں میں کام کرنے والے امدادی ٹیموں اور عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ زلزلے سے ہلاکتوں کی تعداد دوگنی ہوسکتی ہے کیوں کہ امن و امان کی صورت حال اور مشکل پہاڑی راستوں کی وجہ سے بہت سے زلزلہ زدہ علاقوں تک رسائی نہیں ہوسکی ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق زلزلے کے نتیجے میں 356 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ (دی نیوز، 28 ستمبر،صفحہ 3)

27 ستمبر: وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ نے بلوچستان کے زلزلہ متاثرین کی امداد کے لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو پانچ کروڑ روپے کا چیک دیا اور پانچ ہزار خیمے اور مزید طبی امداد کی فراہمی کا بھی اعلان کیا۔ (دی نیوز، 28 ستمبر،صفحہ 20)

28 ستمبر: بلوچستان کے ضلع آوران میں ایک اور شدید زلزلے کے نتیجے میں 15 افراد ہلاک اور 50 زخمی ہوگئے ہیں۔ زلزلے پر معلومات فراہم کرنے والے قومی ادارے نیشنل سیسمک سینٹر آف پاکستان کے مطابق 24 ستمبر کو آنے والے 7.7 کی شدت کے زلزلے کے بعد اب تک زلزلے کے 16 جھٹکے ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ (ڈان، 29 ستمبر،صفحہ 1)

28 ستمبر: وفاقی حکومت نے بلوچستان کے زلزلہ متاثرین کے لیے وزیراعظم کا امدادی فنڈ قائم کردیا ہے جس کے تحت قومی اور عالمی عطیہ کنندگان سے عطیات وصول کیے جائیں گے۔ (ڈان، 29 ستمبر،صفحہ 3)

29 ستمبر: بلوچستان کے زلزلہ متاثرین کے لیے چین سے خیموں، ادویات، کمبلوں، جنریٹرز اور پانی صاف کرنے کے پلانٹس پر مشتمل امدادی سامان دو طیاروں کے ذریعے کراچی پہنچایا گیا جہاں انھیں پاکستانی حکام کے حوالے کیا گیا۔ (ڈان، 30 ستمبر،صفحہ 14)

29 ستمبر: غیر سرکاری تنظیم شہری کے جنرل سیکرٹری امبر علی بھائی کا کہنا ہے کہ کراچی میں اگر 5.5 سے لے

6 شدت کا درمیانی درجے کا زلزلہ بھی آتا ہے تو شہر کے پرانے علاقے ملبے کا ڈھیر بن جائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ ایسی صورت میں امدادی سرگرمیاں تقریباً ناممکن ہوں گی کیوں کہ ملبے صاف کرنے والے بھاری مشینیں تنگ گلیوں میں داخل نہیں ہوسکیں گی اور تباہی اور جانی نقصان ناقابل تصور ہوگا۔ سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (SBCA) کے ترجمان نسیم فرحت نے اس سلسلے میں کہا کہ ہم نے عمارتوں کی تعمیرات میں حفاظتی قوانین پرعمل درآمد یقینی بنایا ہے۔ تاہم انھوں نے شہر میں ایسی 45 عمارتوں کی موجودگی کا اعتراف کیا جو اپنی عمر پوری کرچکی ہیں۔ (دی نیوز، 30 ستمبر، صفحہ 13)

1 اکتوبر: وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالمالک بلوچ نے ضلع آوران اور کیچ کے زلزلہ متاثرین کی بحالی اور تعمیر نو کے کام کے لیے اقوام متحدہ، عالمی برادری اور ڈونر اداروں سے مالی تعاون کی اپیل کی ہے۔ (ڈان، 2 اکتوبر، صفحہ 1)

4 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق بلوچستان کے زلزلہ زدہ اضلاع آواران اور کیچ میں پاک فوج اور ایف سی نے اب تک 1100 ٹن غذائی اشیاء اور 30 ہزار ٹن خیمے تقسیم کیے ہیں۔ (ڈان، 5 اکتوبر، صفحہ 1)

6 اکتوبر: این ڈی ایم اے نے اس بات کی تردید کی کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے حملوں کی وجہ سے زلزلہ کے بحالی کے کام میں رکاوٹ پیدا ہورہی ہے۔ ادارے کا کہنا ہے کہ بحالی کا کام معمول کے مطابق جاری ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 7 اکتوبر، صفحہ 3)

8 اکتوبر: بلوچستان کے زلزلہ زدہ ضلع آواران کے بعض متاثرین نے الزام لگایا ہے کہ مصیبت کی اس گھڑی میں بھی امدادی سامان کو سیاسی بنیادوں پر تقسیم کیا جارہا ہے۔ بعض متاثرین کا کہنا تھا کہ دھمکیوں اور تشدد کی وجہ سے وہ امداد وصول کرنے سے انکار پر مجبور ہیں۔ (ڈان، 9 اکتوبر، صفحہ 3)

9 اکتوبر: جماعۃ الدعوۃ نے بلوچستان کے زلزلہ متاثرین کے لیے ہر قصبے اور گاؤں میں مکانات تعمیر کرنے اور انھیں ایک سال تک راشن فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ جماعۃ الدعوۃ کے امیر حافظ محمد سعید نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا عید الاضحیٰ کے موقع پر زلزلہ زدہ علاقوں میں قربانی کے ہزاروں جانوروں کا گوشت تقسیم کیا جائے گا۔ (دی نیوز، 10 اکتوبر، صفحہ 3)

9 اکتوبر: بلوچستان کے زلزلہ زدہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں میں مصروف فوج، لیویز، حکومتی اہلکاروں اور امدادی سامان پہنچانے والی گاڑیوں پر علیحدگی پسند بلوچ جنگجوؤں کے حملے جاری ہیں۔ بلوچستان اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر میر عبد القدوس بزنجو نے جنگجوؤں سے جنگ بندی کی اپیل کی ہے تاکہ متاثرین کی بحالی کا عمل جلد از جلد مکمل ہو۔ (ڈان، 10 اکتوبر، صفحہ 1)

13 نومبر: این ڈی ایم اے کے اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان میں حالیہ زلزلے سے 46,756 گھروں کو نقصان پہنچا جن میں سے 32,628 مکمل طور پر اور 14,118 جزوی طور پر تباہ ہوئے جبکہ زلزلے سے مرنے والوں کی کل تعداد 386 ہے۔ (دی نیوز، 14 نومبر، صفحہ 3)

21 نومبر: مونسانٹو کمپنی کی پرائیوٹ فاونڈیشن اور فلاحی کاموں کے لیے امداد دینے والے ادارے نے بلوچستان کے زلزلے سے متاثر افراد کی بحالی کے کاموں کے لیے 10 ملین روپے کا عطیہ دیا ہے۔ (دی نیوز، 22 نومبر، صفحہ 17)

23 نومبر: صدر پاکستان ممنون حسین نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو آواران ضلع کی زلزلے سے متاثر افراد کی بحالی کے لیے کا چیک دیتے ہوئے وفاقی حکومت کی طرف سے ہر طرح سے مدد کا یقین دلایا۔ (ڈان، 24 نومبر، صفحہ 3)

### سونامی

1 دسمبر: جامعہ بلوچستان کے شعبہ ارضیات کے ماہر پروفیسر کرار نے انتباہ کیا ہے کہ کراچی، گوادر مکران اور اومارا سونامی کے زد میں آسکتے ہیں۔ انہوں نے چند یورپی سائنسدانوں اور آثار قدیمہ کے ماہرین کے ساتھ مل کر زلزلے اور سونامی پر تحقیق کی ہے۔ ان کے مطابق سونامی کی تباہی کاری 2004 کے سونامی جتنی ہوسکتی ہے مکران اور ساحلی علاقوں میں 30-20 میٹر اونچے سیلاب کا خدشہ ہے۔ (ڈان، 2 دسمبر، صفحہ 8)

## XI۔ مزاحمت

### پانی

2 ستمبر: خیر پور کے تعلقہ فیض گنج اور دیگر قریبی علاقوں کے آخری سرے کے کاشت کاروں نے آب پاشی کے پانی کی کمی کے خلاف علامتی بھوک ہڑتال اور احتجاجی مظاہرے کیے۔ کسانوں کا کہنا تھا کہ دریائے سندھ میں پانی کی فراوانی کے باوجود ان کی زمینیں پانی سے محروم ہیں۔ (ڈان، 3 ستمبر، صفحہ 18)

9 ستمبر: ضلع بدین کی سب ڈویژن خیر پور گمبو ہ کے 80 کسان 3 ستمبر سے اسلام آباد کے نیشنل پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ لگا کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ ان کا مطالبہ ہے کہ سپریم کورٹ آب پاشی کے پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کے خلاف از خود نوٹس لے کیوں کہ اس تقسیم کا فائدہ وڈیرے اٹھاتے ہیں جبکہ چھوٹے کسانوں کو بہت کم پانی ملتا ہے۔ کسانوں کا کہنا ہے کہ پانی نہ ملنے کی وجہ سے ان کی 66 ہزار ایکڑ پر کاشت کی گئی فصلیں تباہ ہوچکی ہیں جبکہ تقریباً 80 ہزار علاقہ مکین پینے کی پانی کی شدید قلت کا شکار ہیں۔ کسانوں نے الزام لگایا کہ وزیر اعلیٰ قائم علی شاہ کی کئی مرتبہ یقین دہانیوں کے باوجود ان کے مسائل حل نہیں ہوئے۔ اس لیے اب وہ سپریم کورٹ سے رجوع کررہے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 10 ستمبر، صفحہ 4)

23 ستمبر: ضلع دادو کے علاقوں بشمول مہر، خیر پور ناتھن شاہ، جوہی، بھان سعید کے کسانوں نے رائس، دادو، وارہ اور جوہی نہروں کے آخری سروں میں آب پاشی کے پانی کی دیرینہ قلت کے خلاف شدید

احتجاج کیا اور محکمہ آبپاشی کے ان اہلکاروں کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کیا جو بھاری رشوتوں کے عوض بااثر زمینداروں کو پانی چوری کی اجازت دیتے ہیں۔ اس موقع پر کاشت کاروں کا کہنا تھا کہ آخری سرے کے علاقوں میں پانی کی قلت کے سبب رواں سال موسم خریف میں ضلع دادو میں ایک لاکھ 55 ہزار ایکڑ زرعی اراضی پر کاشت کاری نہیں ہوسکی۔ (ڈان، 23 ستمبر، صفحہ 16)

23 ستمبر: ضلع نوشہرو فیروز کے علاقے لیٹ مینور کے آخری سرے کے کسانوں نے تعلقہ مورو میں احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے کہا انھیں گذشتہ بیس سال سے آب پاشی کے پانی سے محروم رکھا جارہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ محکمہ آبپاشی کا سب ڈویژن آفسر اور انجینئر علاقے کے بااثر وڈیروں کو ان کے حصے کا پانی فروخت کررہے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ لوڈشیڈنگ اور مہنگی بجلی کی وجہ سے علاقے کے دس دیہات کی سینکڑوں ایکڑ زرعی اراضی کو ٹیوب ویلوں کے ذریعے بھی سیراب نہیں کیا جاسکا۔ (ڈان، 24 ستمبر، صفحہ 18)

4 دسمبر: سکھر اور گھوٹکی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں کاشتکاروں نے محکمہ آبپاشی سندھ اور نکاسی کے دفتر کے خلاف احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا دیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ محکمے نے پانی کی مصنوعی قلت پیدا کردی ہے اور چند با اثر زمینداروں کو پانی بیچا جاتا ہے۔ جبکہ لوگوں کو پینے کا پانی میسر نہیں۔ لوگ پانی کی قلت کی وجہ سے مجبوراً نقل مکانی کررہے ہیں۔ مظاہرین نے مطالبات پورے نہ ہونے پر نیشنل ہائی وے بند کرنے کی دھمکی دے دی۔ (ڈان، 5 دسمبر، صفحہ 18)

28 دسمبر: حکومت سندھ کے سابق مشیر حلیم عادل شیخ نے ایک درجن کے قریب پی ایم ایل کیو کے حامیوں اور ماحولیات میں دلچسپی رکھنے والوں کے ساتھ کوٹھری میں کے بی فیڈر، جو کراچی، ٹھٹھہ اور جامشورو کے 20 ملین لوگوں کو پانی فراہم کرتی ہے کی آلودگی کے خلاف دھرنا دیا۔ یہ دھرنا کے بی فیڈر کی آلودگی کے خلاف حلیم عادل شیخ کی سندھ ہائی کورٹ میں درخواست دائیر کرنے کے بعد دیا گیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 29 دسمبر، صفحہ 15)

# زمین

- زمینی قبضہ

19 ستمبر: رواپلنڈی کے مضافاتی دیہات کے سینکڑوں کسانوں نے اپنی زمینوں پر قبضے کے خلاف اسلام آباد ہائی وے اور جی ٹی روڈ پر کئی گھنٹوں تک احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ حکومت 20 لاکھ آبادی والے 42 دیہات کو خالی کروا کر وہاں اقتصادی زون تعمیر کرنا چاہتی ہے لیکن اس نے متاثرین کی آبادکاری کے کسی منصوبے کا اعلان نہیں کیا بلکہ وہ ان کی زمینیں بھی منڈی سے کم دام پر خریدنا چاہتی ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے مظاہرین سے مذاکرات کے لیے ڈپٹی کمشنر اسلام آباد، ڈسٹرکٹ کلیکٹر راولپنڈی اور ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن آفیسر راولپنڈی پر مشتمل تین رکنی کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 20 ستمبر، صفحہ 4)

2 اکتوبر: اوکاڑہ میں انجمن مزارعین پنجاب کلیانہ اسٹیٹ نے اپنے مطالبات کے حق میں پریس کلب تک ریلی نکالی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ وزیراعظم نواز شریف اور وزیراعلیٰ شہباز شریف کے وعدوں کے مطابق انھیں ریاست کی زمین کے ملکیتی حقوق دیے جائیں۔ (ڈان، 3 اکتوبر، صفحہ 2)

- زمینی اصلاحات

3 اکتوبر: اسلام آباد میں بے زمین کسانوں اور کچی آبادیوں کے رہائشیوں نے عوامی ورکرز پارٹی کی زیر قیادت ''حق ملکیت'' ریلی نکالی۔ مظاہرین نے جاگیرداری کے خاتمے، زمینی اصلاحات کے لیے قانون سازی کی بحالی اور کچی آبادیوں کے رہائشیوں کے لیے ملکیتی حقوق کا مطالبہ کیا۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 4 اکتوبر، صفحہ 4)

## ماہی گیروں کے حقوق

22 ستمبر: گذری کے ماہی گیروں کے حقوق کے لیے بنائی گئی کمیٹی گذری فشر فوک یکجہتی کمیٹی نے دو روز قبل گذری کے ساحلوں پر ماہی گیری کے حقوق کے لیے ڈی ایچ اے کے خلاف احتجاجی جلوس نکالا۔ اس موقع پر پاکستان فشر فوک فورم (PFF) کے چیئر پرسن محمد علی شاہ نے کہا کہ اگر ماہی گیروں سے چھینے گئے حقوق انھیں واپس نہ کیے گئے تو وہ ڈی ایچ اے کے دفتر کے باہر دھرنا دیں گے اور ماہی گیروں کی پوری برادری گذری فلائی اوور کا راستہ بند کردے گی۔ (ایکسپریس ٹریبیون، 23 ستمبر، صفحہ 13)

29 اکتوبر: سانگھڑ میں مچھیروں کی بڑی تعداد نے پاکستان فشر فوک فورم کے ساتھ مل کر ضلع کی تازہ پانی کی جھیلوں پر بااثر افراد کے قبضے کے خلاف مظاہرہ کیا۔ (ڈان، 30 اکتوبر، صفحہ 18)

19 نومبر: کوسٹ گارڈز کے ہاتھوں ہراسان ہونے کے خلاف کراچی کے قریب ابراہیم حیدری میں مچھیروں کی بڑی تعداد نے مظاہرہ کیا۔ (دی نیوز، 20 نومبر، صفحہ 15)

5 دسمبر: کراچی پریس کلب کے باہر ماہی گیروں نے پاکستان فشر فوک کے تحت احتجاجی مظاہرہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کوسٹ گارڈز انھیں صبح کام پر جانے سے قبل دستاویزات کی جانچ پڑتال وغیرہ کے بہانے رشوت طلب کرتے ہیں۔ شام کو بھی اپنا حصہ اٹھاتے ہیں۔ پاکستان فشر فوک کے جنرل سیکریٹری نے مطالبہ کیا کہ سرکاری اہلکار ماہی گیروں کی توہین بند کریں اور اگر ان کے مطالبات پورے نہ ہوئے تو وہ پورٹ قاسم بند کردیں گے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 6 دسمبر، صفحہ 14)

17 دسمبر: پاکستان فشر فوک فورم کی زیر انتظام ٹھٹھہ اور کراچی کے ساحلی علاقوں سے مچھیروں کی بڑی تعداد اور سول سوسائٹی کے افراد نے کراچی پریس کلب کے باہر مظاہرہ کرکے بھارت کی قید میں 250 ماہی گیروں اور ان کے اہل خانہ کے حالت زار پر توجہ دلائی۔ (دی نیوز، 18 دسمبر، صفحہ 13)

## آلودگی

14 نومبر: بدین پریس کلب کے باہر فشرفوک کے زیر انتظام ساحلی علاقوں کے مکینوں نے مظاہرہ کیا۔ مظاہرہ گنے کے 10 ملوں کے خلاف تھا جو گنے کا کچرا نالوں میں پھینک دیتے ہیں جس کی وجہ سے بدین، ٹنڈو محمد خان، میر پورخاص اور ٹھٹھہ تک لوگ اور جانور جس میں مچھلی اور چڑیاں شامل ہیں متاثر ہو رہے ہیں۔ فیکٹریوں نے ابھی تک کچرے کے لیے ٹریٹمنٹ پلانٹ قائم نہیں کیے ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 نومبر، صفحہ 14)

## مہنگائی

18 نومبر: چاول کی ملوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی ایک بڑی تعداد نے لاڑکانہ میں مظاہرہ کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ مہنگائی میں 100 فیصد اضافے کے باعث ان کی اجرت میں 40 فیصد اضافہ کیا جائے۔ انھوں نے کہا کہ اگر ان کے اس جائز مطالبہ کو نہ مانا گیا تو وہ فیکٹریاں بند کر دینگے۔ (ڈان، 19 نومبر، صفحہ 18)

## امدادی قیمت

18 نومبر: ساہیوال میں کسان بورڈ پاکستان کے پنجاب چیپٹر کے صدر سعید رندھاوا نے کسانوں سے ملاقات کے بعد فیصلہ کیا کہ پنجاب کے 30 اضلاع میں گندم اور گنے کی امدادی قیمت کے کم مقرر کرنے کے خلاف کل سے ریلیاں نکالی جائینگی۔ انھوں نے پی ایم ایل ن کی حکومت پر الزام لگایا کہ وہ کسانوں کے معاملات کو حل کرنے کے بجائے صرف تاجروں اور صنعتکاروں کے مفادات کی نگران ہے۔ (ڈان، 19 نومبر، صفحہ 2 )

18 نومبر: اخبار ڈان کے مطابق شوگر کین کنٹرول بورڈ 19 نومبر کو خیبر پختون خواہ کی حکومت کی طرف سے

گنے کی امدادی قیمت کا اعلان کرے گی۔ وسطی خیبرپختون خواہ میں گنے کے کاشتکاروں نے کہا کہ کسان بورڈ کی امدادی قیمت 180 روپے فی 40 کلو انھیں قابل قبول نہیں۔ اس حوالے سے انہوں نے تمام گنے پیدا کرنے والے اضلاع میں پریس کلب کے باہر مظاہرے کا اعلان کیا۔ (ڈان، 19 دسمبر، صفحہ 5)

19 نومبر: اس سال گنے کی امدادی قیمت کے اعلان میں دیر ہونے کے خلاف کسان کونسل ضلع پشاور کے صدر محمد ارباب جمیل کے ساتھ صوبے خیبر پختوں خوا ہ کے گنے کے کاشتکاروں نے پشاور میں مظاہرہ کرتے ہوئے یہ مطالبہ کیا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی کو دیکھتے ہوئے امدادی قیمت مقرر کی جائے۔ (دی نیوز، 20 نومبر، صفحہ 12)

23 نومبر: مل مالکان کی طرف سے کم امدادی قیمت مقرر کرنے کے خلاف ضلع بدین میں ایک کاشتکار نے دو ایکڑ پر گنے کی فصل کو آگ لگا دی۔ (ڈان، 24 نومبر، صفحہ 20)

# ب۔ عالمی زرعی خبریں

(نوٹ: دی ایکسپریس ٹریبیون کے کچھ صفحات انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز کی خبروں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ اس لیے حال احوال کے اس حصے میں کچھ خبریں نیویارک ٹائمز سے بھی لی گئیں ہیں۔)

## ا۔ زرعی مواد

### زمین

- زمینی قبضہ

1 ستمبر: بھارتی پارلیمنٹ کے ایوان زیریں نے زمین کے حصول کا بل (Land Acquisition Bill) منظور کرلیا ہے جو ایوان بالا کی منظوری کے بعد قانون کا حصہ بن جائے گا۔ نیا قانون نوآبادیاتی دور کے زمینی حصول کے ایکٹ کی جگہ لے گا جس سے فائدہ اٹھا کر بھارتی صنعتکار کسانوں سے زبردستی کوڑیوں کے مول زمینیں خریدتے ہیں۔ نئے قانون کے تحت نجی سرمایہ کاری کے لیے زمین حاصل کرنے کے لیے 80 فیصد زمین مالکان اور نجی سرکاری مشترکہ سرمایہ کاری کے لیے 70 فیصد زمین مالکان کو اس کی فروخت پر راضی کرنا لازم ہوگا۔ علاوہ ازیں خریدار دیہی علاقوں میں بازار کی قیمت سے چار گنا زیادہ دام پر زمین حاصل کریں گے جبکہ شہری علاقوں میں وہ بازار کے نرخ سے دگنے دام دیں گے۔ نئے قانون میں کسانوں کی تلافی کے لیے مزید شرائط بھی رکھی گئی ہیں۔ بھارت کے صف اول کے صنعت کاروں نے اس نئے قانون پر مایوسی کا اظہار کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس طرح بھارت کا بڑی صنعتی طاقت بننے کا خواب ادھورا رہ جائے گا اور ملکی و غیر ملکی صنعت کار بھارت کے بجائے دیگر ملکوں میں صنعتیں قائم کرنے پر مجبور ہوجائیں گے۔ (ڈان، 2 ستمبر، صفحہ V ای بی آر)

9 ستمبر: ایک مضمون کے مطابق چین میں پھیلتی ہوئی شہری آبادیوں نے کھیتوں اور دیہی آبادیوں کو ہڑپ کرنا شروع کردیا ہے۔ چینی حکومت اپنی پالیسی کے تحت کسانوں کو ان کی زمینوں سے بے دخل کر رہی

ہے جس کے باعث گذشتہ پانچ سالوں میں اب تک کم از کم 39 کسان احتجاجاً خودسوزی کر چکے ہیں جبکہ متعدد کسانوں نے دوسرے طریقے اختیار کرتے ہوئے اپنی جان لی۔ ماضی کے برعکس اکثر کسان اب کھیتی باڑی چھوڑنا نہیں چاہتے۔ (انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، آئن جونسن، 10 ستمبر، صفحہ 1)

1 اکتوبر: کمبوڈیا میں گنے کی کاشت کے لیے کسانوں سے سستے داموں زمینیں خرید کر انھیں بے دخل کیا جارہا ہے۔ گنے کی کاشت میں اضافے کی وجہ سے جہاں کمبوڈیا کی چینی کی برآمدات میں اضافہ ہورہا ہے وہیں دیگر غذائی فصلوں کی کاشت کم ہورہی ہے۔کمبوڈیا میں کارپوریٹ شعبہ گنے کی کاشت میں اضافے کے لیے اب تک حکومت کے ذریعے ہزاروں ایکڑ اراضی حاصل کر چکا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 2 اکتوبر، صفحہ 1 عالمی)

10 نومبر: ایک مضمون کے مطابق تین سال پہلے شنگھائی کے عالمی ایکسپو (Expo) میں ایک نئے شہر کا ماڈل سامنے لایا گیا تھا یہ دیکھانے کے لیے کہ کیسے چین کھیتوں کے ملک سے شہروں کا ملک بن رہا ہے۔ تب یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی تھی کہ کسانوں کو بغیر پیسے خرچ کیے ایک بہتر زندگی مل رہی ہے لیکن آج نوجوانوں کے پاس نوکری نہیں ہے اور وہ چھوٹے موٹے کام سے گزر بسر کر رہے ہیں۔ محلے اور خاندان ٹوٹ گئے ہیں اور خودکشی عام ہوتی جا رہی ہے۔ (آئن جانسن، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 11 نومبر، صفحہ 1)

## پانی

12 ستمبر: اقوام متحدہ اور کینیا کے حکام نے کینیا میں پانی کے زیر زمین ذخائر کی دریافت کا اعلان کیا ہے جس کے بعد امید کی جارہی ہے کہ آبی قلت کے شکار عوام کو پینے کے پانی تک رسائی میں آسانی ہوگی۔ اقوام متحدہ کے تعلیم، سائنس اور ثقافت کے ادارے (UNESCO) کا کہنا ہے کہ کینیا کی چار کروڑ 10 لاکھ کی آبادی میں سے ایک کروڑ 70 لاکھ افراد پینے کے صاف پانی تک مکمل رسائی نہیں رکھتے جبکہ دو کروڑ 80 لاکھ افراد کو نکاسی آب کی ناکافی سہولیات میسر ہیں۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 13 ستمبر، صفحہ 10)

## بیج

- جینیاتی فصلیں

8 اکتوبر: امریکی ریاست ہوائی میں عوامی دباؤ کے تحت جینیاتی فصلوں کی پیداوار پر پابندی کے لیے قانون سازی کی جارہی ہے۔ ہوائی میں جینیاتی فصلوں کے فروغ سے نہ صرف دیگر فصلوں کی کاشت ختم ہوئی ہے بلکہ زہریلی کیڑے مار ادویات کے استعمال کی وجہ سے دمہ، کینسر اور پیدائشی نقائص کے امراض میں بھی غیر معمولی اضافہ ہوا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 9 اکتوبر، صفحہ 13)

## II۔ مداخل

### طریقہ زراعت: قدرتی یا صنعتی؟

21 ستمبر: اقوام متحدہ کی تجارت اور ترقی کے ادارے یونائیٹڈ نیشنز کانفرنس آن ٹریڈ اینڈ ڈویلپمنٹ (UNCTAD) نے ترقی پذیر ممالک کے لیے اپنی نئی رپورٹ میں سفارشات پیش کی ہیں کہ امیر اور غریب ممالک میں گنی چنی فصلوں کے بجائے زیادہ سے زیادہ اقسام کی فصلیں کاشت کی جانی چاہئیں، کیمیائی کھاد اور دیگر مداخل کا استعمال کم کرنا چاہیے، چھوٹے کاشت کاروں کی بھرپور مدد کرنی چاہیے اور خوراک کی پیداوار اور کھپت میں مقامی وسائل کے استعمال پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ رپورٹ میں خبردار کرتے ہوئے کہا گیا کہ دنیا بھر میں بڑھتی ہوئی دیہی غربت اور بھوک، آبادیوں میں اضافے اور بڑھتے ہوئے ماحولیاتی خطرات کو اجتماعی بحران کا درجہ دینا چاہیے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ اس سے پہلے کہ موسمی تبدیلی عالمی خصوصاً ترقی پذیر ممالک کی زراعت میں بڑی رکاوٹیں ڈالے، فوری اور دور رس اقدامات اٹھالینے چاہئیں۔ (ڈان، 22 ستمبر، صفحہ 11)

26 اکتوبر: اے ڈی بی نے ایشیا میں غذائی تحفظ کے چیلنج پر ایک رپورٹ میں چھوٹے کسانوں کے حوالے سے لکھا ہے کہ ایشیا کے 350 ملین چھوٹے کسان جن کے پاس زمین کا 40 فیصد رقبہ ہے وہ اپنے دو ہیکٹر سے کم رقبے پر دنیا کے لیے غذائی پیداوار کا ایک بڑا حصہ اگاتے ہیں۔ ان غریب کسانوں کو ویلو چین میں

ملانا سب سے بڑا چیلنج ہے کیونکہ نجی شعبے کے ذریعے زراعت اب بڑی تیزی سے کاروبار بن رہی ہے۔
(ڈان، 27 اکتوبر، صفحہ 11)

## کھاد

17 ستمبر: ایک خبر کے مطابق کیمیائی کھاد پوٹاش کی عالمی تجارت پر قابض روس اور کینیڈا کے دو گروپوں میں سے روسی گروپ میں پھوٹ پڑنے سے پوٹاش کی عالمی قیمتوں میں کمی آئی ہے جس کا فائدہ دنیا بھر کے کاشت کاروں کو مل رہا ہے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 18 ستمبر، صفحہ 17)

# III۔ غربت اور غذائی تحفظ

## غربت

20 ستمبر: امریکی اخبار ''انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز'' اپنے اداریے میں لکھتا ہے کہ امریکی ایوان نمائندگان نے ایک روز قبل بل منظور کیا ہے جس کی حتمی منظوری کی صورت میں 2014 میں 38 لاکھ بے روزگار یا کم آمدنی والے امریکی شہری مستقل حکومتی امداد سے محروم ہوجائیں گے۔ اداریے میں مزید کہا گیا کہ امریکہ میں بیروزگاری اور غربت کی شرح میں کمی لانے اور 2007 کی کساد بازاری سے کمزور ہونے والی معیشت کو مزید دباؤ سے بچانے کے لیے ضروری ہے کہ ایسی قانون سازی سے اجتناب کیا جائے۔ (دی ایکسپریس ٹریبیون، 21 ستمبر، صفحہ 6)

## غذائی تحفظ

1 اکتوبر: اقوام متحدہ کی ایک نئی رپورٹ کے مطابق سال 2011 سے 2013 کے دوران دنیا کا ہر آٹھ میں سے ایک فرد یا 84 کروڑ 20 بیس لاکھ افراد مستقل بھوک کا شکار رہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ تعداد 2010 سے 2012 کے دورانیے کے مقابلے میں کم ہے جب دنیا بھر میں 86 کروڑ 80 لاکھ افراد مستقل

بھوک کا شکار ہوئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ترقی پذیر ممالک میں بھوک کے شکار افراد میں مسلسل کمی ہورہی ہے جس کے بعد امید کی جارہی ہے کہ یہ ممالک 2015 تک بھوکے افراد کی تعداد میں پچاس فیصد کمی کے ملینیم ترقیاتی ہدف کے قریب پہنچ جائیں گے۔ (ڈان، 2 اکتوبر، صفحہ 9)

10 اکتوبر: عالمی بینک کے صدر جم یونگ کم نے کہا کہ اگر 2030 تک طے کی گئی سطح کو حاصل کرنا ہے تو ترقی کے لیے قرضہ دینے والے اداروں کو دنیا میں شدید غربت کے خاتمے کے لیے آئندہ سات سالوں میں کام کرنے کی ضرورت ہے۔ ورلڈ بینک کے صدر نے اپریل میں ایسے افراد جو 1.25 ڈالرز یومیہ پر گزر بسر کرتے ہیں اور جن کی تعداد 18 فیصد ہے کو کم کرکے 2030 تک 15 فیصد تک لانے کا ہدف طے کیا تھا۔ (دی نیوز، 11 اکتوبر، صفحہ 11)

16 دسمبر: انٹرنیشنل ریسکیو کمیٹی کے مطابق شام کی آدھی آبادی غذائی عدم تحفظ کا شکار ہے اور تقریباً تہائی کو فوری خوراک کی ضرورت ہے۔ پچھلے 33 مہینوں میں جب ملک خانہ جنگی کی نظر ہوا روٹی کی قیمت میں 500 فیصد اضافہ ہوا ہے جبکہ تین ملین کے قریب آبادی ملک سے باہر علاقائی ملکوں میں پناہ گزیر ہے۔ (دی نیوز، 17 دسمبر، صفحہ 11)

28 دسمبر: ایک مضمون میں نیشنل انشورنس انسٹیٹوٹ اور سینٹرل بیوریو آف اسٹیٹسٹکس کی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ اسرائیل میں غربت 23.5 فیصد ہے۔ اسرائیل ان ممالک میں بھی آتا ہے جس میں آمدنی کا فرق بہت زیادہ ہے۔ ان ممالک میں اس کا نمبر چلی، میکسیکو، ترکی اور امریکہ کے بعد ہے۔ (شمیول روزنر، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 29 دسمبر، صفحہ 9)

- فوڈ اسٹیمپ

5 ستمبر: امریکی کانگریس کے ری پبلکن ارکان نے کم آمدنی والے اور بیروزگار امریکی شہریوں کو ملنے والی

حکومتی امداد میں کمی کا مطالبہ کیا ہے۔ دنیا کا امیر ترین ملک امریکہ ''فوڈ اسٹیمپ'' کے نام سے اپنے چار کروڑ 80 لاکھ شہریوں کو سالانہ 80 ارب ڈالرز بطور امداد دیتا ہے۔ ری پبلکن ارکان کا کہنا ہے کہ اگلے دس سال میں ''ہٹے کٹے'' شہریوں کو امداد وصول کرنے والوں کی فہرست سے نکال کر اس امداد میں 40 ارب ڈالرز کی کمی جائے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ان اقدامات سے امریکہ میں غذائی عدم تحفظ میں اضافہ ہوگا۔ 2011 کے اعداد وشمار کے مطابق امریکہ کے 16.4 فیصد شہری غذائی عدم تحفظ کا شکار ہیں جبکہ دیہی علاقوں میں یہ شرح اس سے کہیں زیادہ ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 6 ستمبر، صفحہ 4)

23 ستمبر: ایک مضمون کے مطابق 2007 میں امریکی حکومت کے امدادی پروگرام فوڈ اسٹیمپ سے فائدہ اٹھانے والے دو کروڑ 60 لاکھ شہریوں کی تعداد بڑھ کر چار کروڑ 80 لاکھ ہوگئی ہے۔ امریکہ میں 2009 سے 2012 تک ایک فیصد شہریوں کی آمدنی میں 31 فیصد اضافہ ہوا تاہم 40 فیصد شہریوں کی آمدنی میں 6 فیصد کمی ہوئی۔ ان حقائق کے باوجود ری پبلکن پارٹی کا فوڈ اسٹیمپ پروگرام کے بجٹ میں کمی کا مطالبہ حیران کن ہے۔ (پال کروگ مین، انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 24 ستمبر، صفحہ 7)

24 ستمبر: خانہ جنگی کے شکار ملک شام میں بچے پھل اور پتے کھا کر اور آلودہ پانی پی کر اپنی بھوک اور پیاس مٹارہے ہیں۔ غیر سرکاری تنظیم سیو دی چلڈرن (SCF) کے مطابق جنگ اور شدید مہنگائی کے سبب متعدد خاندان خوراک کی قلت کا شکار ہیں۔ (ڈان، 25 ستمبر، صفحہ 13)

- مائیکرو کریڈیٹ

24 ستمبر: بنگلہ دیشی حکومت نے چھوٹے قرضے دینے والے عالمی شہرت یافتہ گرامین بینک کو مرکزی بینک کے قوانین کے تحت لانے کا اعلان کیا ہے۔ بنگلہ دیشی وزیر خزانہ نے اس کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ حکومت گرامین بینک کے ڈھانچے میں زیادہ تبدیلیاں نہیں لائے گی۔ (ڈان، 25 ستمبر، صفحہ 10)

- کارپوریٹ ذمہ داری

19 ستمبر: بھارتی پارلیمان نے گذشتہ ماہ کمپنیز ایکٹ میں ترمیم کی ہے جس کے بعد بڑی تجارتی کمپنیوں کے لیے یہ لازم ہوگیا ہے کہ وہ اپنے منافع کا دو فیصد حصہ ہر سال کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) یعنی فلاحی کاموں پر خرچ کریں۔ یہ دنیا میں اس نوعیت کے اولین قوانین میں سے ایک ہے۔ (دی نیوز، 20 ستمبر، صفحہ 17)

## IV۔ غذائی اور نقدآور فصلیں

### غذائی فصلیں

5 ستمبر: ایف اے او کا کہنا ہے کہ دنیا بھر میں اناج کی زیادہ پیداوار کے باعث عالمی منڈی میں اناج کی فصلوں کے دام گر گئے ہیں۔ ادارے کے مطابق مکئی، چاول اور گندم کی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے۔ (ڈان، 6 ستمبر، صفحہ 9)

7 نومبر: ایف اے او کے مطابق ایک لمبے عرصے کے بعد عالمی غذائی قیمتوں میں استحکام آرہا ہے۔ (ڈان، 8 نومبر، صفحہ 11)

15 نومبر: ایک مضمون کے مطابق امریکہ کے شہروں میں براہ راست آن لائن آرڈر کے ذریعہ کھیت سے آرگینک صاف غذا حاصل کرنے کا رجحان مقبول ہو رہا ہے۔ (جینا ورتھم، دی ایکسپریس ٹریبیون، 15 نومبر، صفحہ 20)

- گنا

27 ستمبر: ایک خبر کے مطابق ایشیاء میں بروقت بارشوں کے بعد گنے کی فصل اچھی ہونے کا امکان ہے جس

کے نتیجے میں عالمی منڈی میں چینی کے فاضل ذخائر میں توقع سے زیادہ اضافہ ہوگا۔ (ڈان، 28 ستمبر، صفحہ 9)

## نقد آور فصلیں

- کپاس

5 اکتوبر: کپاس برآمد کرنے والے ممالک کی تنظیم انٹرنیشنل کاٹن ایڈوائزری کمیٹی (ICAC) نے کہا ہے کہ کپاس کی عالمی قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے کیونکہ دنیا کے کپاس پیدا اور استعمال کرنے والے سب سے بڑے ملک چین کی مقامی منڈی میں کپاس کی قیمتیں عالمی قیمتوں سے پچاس فیصد زیادہ ہیں۔ (دی نیوز، 6 اکتوبر، صفحہ 15)

11 اکتوبر: ICAC (آئی سی اے سی) کے مطابق 2013-14 کے دورانیہ میں عالمی کپاس کی پیداوار 23.5 ملین ٹن متوقع ہے جو کہ پچھلے چار سیزن سے کم تر سطح ہے۔ (ڈان، 12 اکتوبر، صفحہ 17)

## ۷۔ تجارت

### برآمدت

- گندم

30 اکتوبر: بھارت نے برآمد کرنے کی غرض سے حکومتی گوداموں میں پڑے گندم کی قیمت میں 13 فیصد کمی کر دی ہے۔ بھارت دنیا کا دوسرا بڑا گندم پیدا کرنے والا ملک ہے اور اس نے گندم کی برآمد پر پابندی کو 2011 سے اٹھالیا ہے۔ بھارت عالمی منڈی میں 305 سے 310 ڈالرز فی ٹن کے حساب سے گندم بیچ رہا ہے جبکہ بلیک سی (Black Sea) کے علاقے سے سب سے بڑی مقدار میں بیچا جانے والا گندم 315 ڈالرز فی ٹن کے حساب سے مل رہا تھا۔ کسانوں کو حکومت کی طرف سے مقرر قیمت ملنے کی وجہ سے 2001 سے گندم کی بہترین فصل ہو رہی ہے۔ جس میں تین گنا اضافہ ہو چکا ہے۔ حکومت چاول

اور گندم کسانوں سے خرید کر غریبوں کو سستہ کھانا فراہم کر رہی ہے۔ برآمد کیا جانے والا گندم حکومت کے اسٹاک میں پڑا خراب ہو رہا تھا۔ (ڈان، 31 اکتوبر، صفحہ 9)

- پیاز

30 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق بھارت میں پیاز کی فصل خراب ہونے کی وجہ سے اسے اپنے علاقائی ممالک چین اور ایران سے ہوائی جہاز کے ذریعے درآمد کرنے پر غور کر رہا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق بھارت میں تقریباً 15 ملین ٹن پیاز سالانہ استعمال ہوتی ہے اور گزشتہ سات مہینوں میں پیاز کی قیمت 100 روپے (1.62 ڈالرز) سے اوپر جا چکی ہے۔ (ڈان، 25 اکتوبر، صفحہ 10)

- جینیاتی اشیاء

17 دسمبر: یورپی یونین اور امریکہ کے درمیان ٹرانس ایٹلانٹک ٹریڈ اینڈ انوسٹمنٹ (TTIP) معاہدے پر واشنگٹن میں ایک ہفتے سے جاری بات چیت غذائی اشیاء کی تجارت کے پرانے معاملے پر تعطل کا شکار ہے۔ جینیاتی فصلیں اور ان سے بنی اشیاء، کلورین سی دھلی مرغیاں اور ان جانوروں کا گوشت جن کو ھارمون دیا جاتا ہے یورپی یونین ان کے لیے اپنی منڈی کھولنے کو تیار نہیں جبکہ امریکہ کا خیال ہے کہ ان تجارتی پابندیوں کا تعلق دیکھنے کے انداز اور سیاست سے ہے، سائنس سے نہیں۔ (ڈان، 18 دسمبر، صفحہ 11)

## درآمدات

- جو

13 ستمبر: چار سال کے وقفے کے بعد فرانس سے 60 ہزار ٹن جو کی پہلی کھیپ متحدہ عرب امارات پہنچنے والی ہے۔ امریکی محکمہ خوراک کے اندازے کے مطابق متحدہ عرب امارات رواں موسم میں پانچ لاکھ ٹن جو درآمد کرے گا۔ (ڈان، 14 ستمبر، صفحہ 10)

- چینی

31 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق امریکہ میں میٹھائی (candy) بنانے والوں کو اس بات کی شکایت ہے کہ درآمدی پابندیوں کی وجہ سے امریکہ میں چینی کی قیمت بہت زیادہ ہے جس کی وجہ سے وہ اپنا کاروبار ملک سے باہر لے جارہے ہیں۔ دوسری طرف چینی کی صنعت سے تعلق رکھنے والوں کا کہنا ہے کہ وفاقی پابندیاں ضروری ہیں ورنہ ہندوستان، تھائی لینڈ اور برازیل سے سستی چینی کی درآمد امریکی منڈی پر چھا جائیگی۔ فارم بل پر بحث امریکی مقنّنہ میں اس ہفتے متوقع ہے۔ (ریڈنگ، انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 1 نومبر، صفحہ 14)

- کپاس

3 دسمبر: چین پچھلے دو سیزن سے عالمی منڈی سے کپاس کا فالتو اسٹاک خرید رہا تھا۔ اس سیزن میں اس نے اس میں 40 فیصد کمی کردی ہے۔ آئی سی اے سی کے مطابق اس سے کپاس کی عالمی قیمتیں شدید متاثر ہوں گی۔ (دی نیوز، 4 دسمبر، صفحہ 17)

## VI۔ کارپوریٹ شعبہ

26 اکتوبر: دی نیو پارٹنرشپ فار افریکاز ڈیولپمنٹ (NEPAD) جو افریقی یونین کا پالیسی ساز ادارہ ہے، کے بیان کے مطابق 1970 سے 2008 تک دنیا کے غریب ترین علاقوں سے غیرقانونی طور پر 900 بلین ڈالرز باہر بھیجے گئے۔ رقم باہر بھیجنے والوں میں عالمی غیر ملکی کمپنیوں کا حصہ 60 فیصد اور غیر قانونی طور سے اسلحہ، ادویات اور افراد کے کاروبار سے حاصل رقم کا حصہ 35 فیصد تھا۔ (ڈان، 27 اکتوبر، صفحہ 12)

### غذائی کمپنیاں

- میکڈونلڈز

27 ستمبر: امریکی ریستوران میکڈونلڈز کا کہنا ہے کہ وہ بچوں کے ان کھانوں کی فروخت کی کوشش نہیں کرے گا جن میں چکنائی، نمک اور چینی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ میکڈونلڈز کا یہ اعلان کلنٹن فاؤنڈیشن

کی اس مہم کا حصہ ہے جس کے تحت وہ بچوں میں موٹاپے کو کم کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 28 ستمبر، صفحہ 13)

- بیجی ملک

24 اکتوبر: ایک خبر کے مطابق بیجی بے بی ملک نے چین کے لیے اپنی اشیاء کو بند کردیا۔ بڑھتی ہوئی قیمت اور منڈی میں مقابلہ اس کی ایک بڑی وجہ بتائی جاتی ہے۔ (ڈان، 25 اکتوبر، صفحہ 11)

- نیسلے

24 اکتوبر: فروزن برگر میں گھوڑے کے گوشت کی آمیزش کے اسکینڈل کے بعد نیسلے کمپنی اپنا پلانٹ جو کہ پیرس کے شمال میں تھا بند کررہی ہے۔ نیسلے کمپنی کے ترجمان کے مطابق فروزن فوڈ کی سیلز صرف 40 فیصد رہ گئی ہے جس کی وجہ سے پلانٹ غیر منافع بخش ہوگیا ہے۔ (ڈان، 25 اکتوبر، صفحہ 11)

- گرین کروپس

29 نومبر: چھوٹے کاشتکاروں اور عوام کی بھرپور مخالفت کا احترام کرتے ہوئے آسٹریلیا کے دی فارن انویسٹمنٹ ریویو بورڈ (FIRB) نے اپنی کمپنی گرین کروپس (Grain Crops) کی فروخت کو رکوا دیا۔ بورڈ کے مطابق یہ قدم ملکی مفاد کے خلاف ہے۔ امریکی دیوہیکل کمپنی آرچر ڈینیلز میڈلینڈ (Archer Daniels Midland) 2.7 بلین ڈالرز میں آسٹریلیا کی کمپنی کو خریدنے کی بولی لگا چکی تھی۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 30 نومبر - 1 دسمبر، صفحہ 1)

## VII۔ مال مویشی، ماہی گیری اور پولٹری

### مال مویشی

18 ستمبر: امریکی سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریونشن کی نئی رپورٹ کے مطابق اینٹی بایوٹک (جراثیم کش) ادویات انسانوں اور جانوروں دونوں کے لیے مہلک ثابت ہوسکتی ہیں کیونکہ ان کے ضرورت سے زیادہ استعمال سے جسم میں ایسے جراثیم پیدا ہوتے ہیں جو ادویات کے خلاف قدرتی مزاحمت رکھتے ہیں۔ رپورٹ میں 17 بیکٹریا اور پھپھوندیوں کی نشان دہی کی گئی جو ادویات کے خلاف مزاحمت کرتی ہیں اور جن سے پیدا ہونے والے انفیکشن اموات کا سبب بنتے ہیں۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 19 ستمبر، صفحہ 12)

13 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق اینٹی بائیوٹیکس کے خلاف بڑھتی ہوئی مدافعت کو روکنے کے لیے امریکہ میں خوراک اور دوا کی پالیسی میں بنیادی تبدیلی لائی گئی ہے۔ وہ جانور جن سے کھانے کا گوشت حاصل کیا جاتا ہے ان میں اب اینٹی بائیوٹیکس کے استعمال کو مرحلہ وار کم کیا جائے گا۔ (سبرینہ ٹیور نیز، انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 13 دسمبر، صفحہ 5)

### پولٹری

25 ستمبر: امریکی اخبار انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز اپنے اداریے میں لکھتا ہے کہ امریکی محکمہ زراعت نے حال ہی میں چین میں مخصوص عمل سے گزرنے والے (processed) مرغی کے گوشت کی امریکہ میں فروخت کی اجازت دی ہے۔ امریکی سینیٹر چارلس شومر نے اس فیصلے پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرغی کے گوشت کو پراسیسنگ کے لیے چین بھیجنے سے امریکہ میں برڈفلو کی وبا پھیل سکتی ہے کیوں کہ چین میں انڈوں میں زہریلے مادوں کی موجودگی اور بھیڑ کے نام پر چوہے کے گوشت کی فروخت جیسے واقعات ہوتے رہتے ہیں۔ اداریے میں تجویز پیش کی گئی کہ امریکی سرکاری حکام کو چین میں کثرت سے ان جگہوں کا غیر اعلانیہ معائنہ کرنا چاہیے جہاں مرغی کے گوشت کی پروسیسنگ ہورہی ہو۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 26 ستمبر، صفحہ 6)

## VIII۔ ماحول

### زمین

10 اکتوبر: 140 ملکوں نے پارے (Mercury) پر قابو پانے کے لیے اقوام متحدہ کے ایک معاہدہ پر دستخط کیے ہیں۔ یہ انتہائی زہریلی دھات پر دنیا کا پہلا قانونی طور پر لاگو ہونے والا معاہدہ ہے۔ (ڈان، 11 اکتوبر، صفحہ 13)

- آلودگی

تیل کا رساؤ:

6 ستمبر: امریکہ کی تیل کمپنی شیل، نائیجریا کے دیہاتیوں کو معاوضے کی ادائیگی کے لیے مذاکرات کا آغاز کررہی ہے۔ 2008 میں نائیجیریا میں شیل کے تیل کے ذخائر سے 50 سے 60 ہزار بیرل تیل کے رساؤ کی وجہ سے 31 ہزار کسان اور ماہی گیر اپنے روزگار سے محروم ہوگئے تھے۔ تاہم آج تک کمپنی نے نہ ہی انھیں کوئی معاوضہ ادا کیا اور نہ متاثرہ جگہوں سے تیل صاف کیا۔ (ڈان، 7 ستمبر، صفحہ 11)

20 ستمبر: روس نے بحر منجمد شمالی کے روسی حصے پر لنگر انداز ہونے والے بحری جہاز کو قبضے میں لے کر اس میں سوار تحفظ ماحول کے لیے کام کرنے والی عالمی تنظیم گرین پیس (Green Peace) کے کارکنوں کو گرفتار کرکے ان کے خلاف غیر قانونی سائنسی تحقیق اور ملکیتی حقوق کی خلاف ورزی (piracy) کے تحت مقدمہ درج کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ کارکن روس کی سرکاری تیل کی کمپنی گیزپروم (Gazprom) کی قطب شمالی میں تیل اور گیس کی تلاش کے لیے کھدائی کے خلاف احتجاج کرنے آئے تھے۔ گرین پیس، قطب شمالی کے علاقے میں تیل اور گیس کی تلاش کے خلاف مہم چلارہی ہے۔ عالمی تنظیم کا کہنا ہے کہ تیل کا رساؤ قطب شمالی کے قدیم ماحول کے لیے تباہ کن ہوگا اور اس پر قابو پانا ممکن نہ ہوگا۔ (دی نیوز، 21 ستمبر، صفحہ 10)

4 اکتوبر: ہالینڈ کی حکومت نے تحفظ ماحول کے لیے کام کرنے والی ہالینڈ کی غیر سرکاری تنظیم گرین پیس کے جہاز اور اس کے 30 رکنی عملے کو روس کی قید سے چھڑوانے کے لیے قانونی کارروائی کا آغاز کردیا ہے۔ یاد رہے کہ روس نے گذشتہ ماہ ملکیتی حقوق کے خلاف ورزی کے الزام میں بحر منجمد شمالی کے روسی ساحل پر لنگر انداز ہونے والے گرین پیس کے بحری جہاز اور عملے کو گرفتار کیا تھا۔ (دی نیوز، 5 اکتوبر، صفحہ 10)

- جنگلات

4 ستمبر: امریکی عوام کے پسندیدہ قومی پارک یوسمائیٹ (Yosemite) میں بھڑکنے والی آگ وسیع رقبے پر پھیل چکی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ صرف آغاز ہے، انسانوں کی جنگلات میں بڑھتی ہوئی مداخلت اور موسمی تبدیلی کے باعث امریکہ اور دنیا کے بیشتر علاقوں کے جنگلات میں زیادہ بڑے رقبے پر اور زیادہ تباہ کن آگ پھیلنے کے واقعات پیش آئیں گے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 5 ستمبر، صفحہ 16)

- جنگلی حیات

13 نومبر: امریکی سیکریٹری آف اسٹیٹ جان کیری نے اپنے ایک تحریری بیان میں ایکسیسوِنگ نیٹ ورک (Xaysavang Network) کو جنگلی حیات کا غیر قانونی کاروبار کرنے والی ایک ایسی سنڈیکیٹ قراد دیا جس کی شاخیں چین، ملیشیا، موزمبیک، جنوبی افریقہ، تھائی لینڈ اور ویت نام میں پھیلی ہیں۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 14 نومبر، صفحہ 1)

## پانی

- آلودگی

18 نومبر: بنگلہ دیش کے ایک تحقیقی رسالے کے مضمون کے مطابق کچھ علاقوں میں جہاں زیرِ زمین پانی میں

سیسے (lead) کی سطح بہت بلند ہے وہاں کے رہنے والوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اس علاقے میں چاول کم سے کم استعمال کریں۔ (ڈان، 19 نومبر، صفحہ 12)

21 دسمبر: روس کی ریاستی کمپنی گزپروم نے تیل اور گیس کے وسیع ذخائر جو روس میں بحر منجمد شمالی کے نیچے دفن ہیں کی ایک آئل فیلڈ سے تیل نکالنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ کمپنی کے مطابق علاقے کی 29 دیگر آئل فلیڈز سے تیل نکالنے کے حقوق بھی اس کو حاصل ہیں۔ یہ علاقہ دنیا کا آخری علاقے ہے جو اب تک انسانی عمل و دخل سے محفوظ تھا لیکن ماحولیاتی حلقوں کے مطابق اب تیل اور گیس کی پیداوار کے شروع ہونے سے ماحولیاتی آلودگی کے اثرات کو علاقے سے روکنا مشکل ہو گا۔ (ڈان، 22 دسمبر، صفحہ 12)

31 دسمبر: ایک مضمون کے مطابق چین کے زرعی علاقے چینگ لاوان (Chenglawan) میں زراعت کے لیے استعمال ہونے والے پانی میں قریبی فیکٹریوں کے فضلہ اتنا بڑھ گیا ہے کہ لوگوں کو خطرہ ہے کہ اس سے زمین اور اس پر اگنے والی فصل بھی متاثر ہو رہی ہے۔ علاقے میں گیسنر کے مرض میں اضافہ اور بچوں کے خون میں سیسے کی زیادتی اس کا ایک ثبوت ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 31 دسمبر، صفحہ 1)

تابکار پانی:

1 ستمبر: مارچ 2011 میں سونامی سے تباہ ہونے والے جاپان کے ایٹمی بجلی گھر ''فوکوشیما ڈائی چی'' میں پانی کے ایک ٹینک کے قریب تابکاری کی شرح اس سے قبل ریکارڈ کی گئی شرح سے اٹھارہ گنا زیادہ درج کی گئی ہے۔ بجلی گھر کی انتظامی کمپنی ٹوکیو الیکٹرک پاور (Tepco) کا کہنا ہے کہ پانی کے ٹینک میں شگاف نہیں پڑا ہے، تاہم گذشتہ ماہ اس نے اعتراف کیا تھا کہ اسی ڈیزائن کے ایک اور ٹینک میں شگاف پڑ گیا ہے جس کا تابکاری سے آلودہ پانی سمندر میں گر رہا ہے۔ جاپان کی ایٹمی تنصیبات کی نگرانی کرنے والے سرکاری ادارے کے چیئرمین کا کہنا ہے کہ ہم اس وقت تابکار پانی کو سمندر میں گرنے سے مکمل طور پر نہیں روک سکتے، ہمیں ماحول پر اس کے اثرات کا جائزہ لینا چاہیے۔ اس تابکاری سے ملک کے ماہی گیروں

کے روزگار پر انتہائی منفی اثر پڑا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ تابکاری کے باعث مستقبل میں جاپان کی ماہی گیری کی صنعت کو سخت دھچکا لگے گا۔ (ڈان، 2 ستمبر، صفحہ 9)

6 اکتوبر: جاپانی وزیر اعظم نے کہا کہ جاپان فوکو شیما ایٹمی پلانٹ سے تابکار پانی کے اخراج کے حوالے سے غیر ملکی مدد حاصل کرنے کے لیے تیار ہے۔ جاپان کی ایٹمی پلانٹ کے حوالے سے غیر ملکی مدد حاصل کرنے پر ہچکچاہٹ پر شدید تنقید کی جارہی تھی۔ (دی نیوز، 7 اکتوبر، صفحہ 11)

11 نومبر: فوکوشیما ڈائی چی نیوکلیر پاور پلانٹ کے ری ایکٹر نمبر چار کے تابکار مواد کو ہٹانے کے نازک اور مشکل کام کو ٹوکیو الیکٹریک کمپنی نے شروع کر دیا ہے اور اگلے دس دنوں میں 36 لوگوں کی مدد سے اسے مکمل کیا جائے گا۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائیمز، 12 نومبر، صفحہ 3)

4 دسمبر: اقوام متحدہ کے ایٹمی توانائی کے ماہرین نے فوکو شیما پلانٹ کے بند کرنے کے عمل کو سراہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پلانٹ کو محفوظ طریقے سے ختم کرنا خوش آئند بات ہے۔ اقوام متحدہ کی ٹیم نے کہا کہ صورت حال اب بھی پیچیدہ اور دشوار ہے۔ پلانٹ کی طویل المعاد استحکام کے مسئلے کو حل کرنا چاہیے۔ (ڈان، 5 دسمبر، صفحہ 13)

- آبی حیات

23 اکتوبر: یورپی یونین اور 24 دیگر ممالک نے ہوبرٹ (Hobart)، آسٹریلیا میں کمیشن فار دی کانزرویشن آف اینٹارٹک میرین ریسورسیز (CCAMLR) اینٹارٹک کے گرد سمندری حیات کے ماحول کو محفوظ رکھنے کے مختلف پہلوؤں اور منصوبوں پر غور کیا۔ (دی نیوز، 24 اکتوبر، صفحہ 10)

## فضاء

- آلودگی

6 ستمبر: امریکہ میں طلباء اپنے تعلیمی اداروں پر زور دے رہے ہیں کہ وہ ان کمپنیوں میں سرمایہ کاری نہ کریں جو رکازی ایندھن (fossil fuel) کا کاروبار کرتی ہیں۔ طلباء کی یہ مہم اب تک تین سو سے زائد کالجوں اور یونیورسٹیوں تک پھیل چکی ہے۔ طلباء کا کہنا ہے کہ کاربن کے اخراج کے باعث ہونے والی موسمی تبدیلی میں اپنا حصہ ڈال کر تعلیمی ادارے ہماری نسل کے مستقبل کو خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 7 ستمبر، صفحہ 15)

12 ستمبر: چینی حکومت نے ملک میں فضائی آلودگی کم کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا ہے جس کے تحت کوئلے کے استعمال میں کمی لائی جائے گی، پرانی گاڑیوں کو چلانے پر پابندی ہوگی اور ملک کے آلودہ ترین صنعتی و شہری مقامات کی فضاء میں آلودگی کے ذرات کو کم کیا جائے گا۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائم، 13 ستمبر، صفحہ 4)

21 ستمبر: فرانسیسی وزیر اعظم جین مارک آئیرالت نے اعلان کیا ہے کہ فرانس میں اگلے سال رکازی ایندھن کی صنعت پر کاربن ٹیکس عائد کیا جائے گا جس سے 2016 تک چار ارب یورو حاصل ہوں گے جو ملک میں قابل تجدید توانائی کے فروغ کے لیے استعمال کیے جائیں گے۔ (ڈان، 22 ستمبر، صفحہ 12)

5 اکتوبر: ایک نئی تحقیق کے مطابق مشرقی لندن میں ٹریفک اور صنعتوں کے دھویں سے پیدا ہونے والی فضائی آلودگی خطرناک حد تک بڑھ گئی ہے۔ لیبارٹری تجزیے کے مطابق لندن کے بعض علاقوں کی فضاء میں زہریلی نائٹروجن آکسائیڈ کی سطح یورپی یونین کے معیار سے پچاس فیصد زیادہ ہے۔ ماہرین کے مطابق شہر کے ایئرپورٹ کے توسیعی منصوبے پر عمل درآمد کی صورت میں فضائی آلودگی میں مزید اضافہ ہوگا۔ (ڈان، 6 اکتوبر، صفحہ 14)

6 اکتوبر: بیجنگ میں ماحولیاتی نگرانی کے بلدیاتی محکمے کے مطابق بیجنگ کے چھ اہم ضلعوں میں فضائی آلودگی کی سطح 245-225 ہے جو کہ معیاری ہوا کے پیمانے میں پانچویں درجے پر تصور کی جاتی ہے۔ اس پیمانے کے تحت 300 سے زیادہ ماحولیاتی آلودگی درجہ چھ کے زمرے میں آتی ہے جسے خطرناک تصور کیا جاتا ہے۔ بیجنگ میں سفارت خانے کے مطابق چھ اکتوبر کو ہوا میں اوسط آلودگی کی سطح 300 سے زیادہ رہی۔ (دی نیوز، 7 اکتوبر، صفحہ 10)

29 اکتوبر: چین کے شمال مشرقی شہر ہربین کو گہری دھند نے اپنی لپیٹ میں لے لیا جس کے بعد شہری حکومت نے فوراً ہنگامی اقدامات اٹھانے شروع کر دیے۔ تجزیہ نگاروں کا کہنا ہے کہ ہنگامی اقدامات مسئلے کا حل نہیں۔ یہ مسئلہ جب تک رہے گا جب تک چین اپنی 70 فیصد توانائی کوئلے سے حاصل کرتا رہے گا۔ (دی نیوز، 25 اکتوبر، صفحہ 3)

## IX۔ موسمی تبدیلی

19 نومبر: کولمبو میں کامن ویلتھ کے سربراہی اجلاس میں چھوٹے اور غریب ممالک نے موسمی تبدیلی کی طرف توجہ دلائی۔ (ڈان، 18 نومبر، صفحہ 12)

19 نومبر: گلوبل کاربن پروجیکٹ (جو کاربن اخراج کی نگرانی کرتا ہے) کے مطابق عالمی سطح پر کاربن کا اخراج پچھلی دیہائی کے مقابلے میں اب کم ہو رہا ہے لیکن اب بھی کوئلے کا استعمال توانائی کے دیگر ذرائع سے زیادہ ہے۔ (انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 20 نومبر، صفحہ 5)

### عالمی حدت

3 ستمبر: بحرالکاہل میں واقع جزائر (Pacific Islands) پر مشتمل ممالک میں سے پندرہ ممالک کی تنظیم

پسیفیک آئیلینڈز فورم (PIF) نے اپنے اجلاس میں عالمی حدت کی روک تھام کی کوششوں کی بحالی پر زور دیا۔ تنظیم کا کہنا تھا کہ پسیفک ممالک اس ماحولیاتی بحران کو برداشت کرنے پر مجبور ہیں جو انھوں نے پیدا ہی نہیں کی۔ (دی نیوز، 4 ستمبر، صفحہ 10)

22 ستمبر: ایک مضمون کے مطابق پچھلے سال کے مقابلے میں رواں سال بحرِ منجمد شمالی کی برف کے پگھلاؤ میں 50 فیصد کمی نے سائنسدانوں کو حیران نہیں کیا۔ امریکی خلائی تحقیقی ادارے ناسا (NASA) کے ایک سائنس دان نے اس کو معمول قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہم نے کبھی بھی مسلسل دو سال تک بحرِ منجمد شمالی کی برف کے پگھلاؤ میں ریکارڈ اضافہ نہیں دیکھا۔ ماہرین کا یہ بھی کہنا ہے کہ پگھلاؤ سے محفوظ رہنے والی برف پتلی اور نرم ہے جو کہ ماضی کی ٹھوس برف جیسی نہیں ہے۔ (انٹرنیشنل نیو یارک ٹائمز، 23 ستمبر، صفحہ 2)

24 ستمبر: اقوام متحدہ کے ماہرین پر مبنی ٹیم انٹر گورنمنٹل پینل آن کلائیمیٹ چینج (IPCC) کی جاری ہونے والے رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ گذشتہ پچاس سالوں میں کرہ ارض کا درجہ حرارت اوسطاً 0.12 سینٹی گریڈ فی عشرہ کے حساب سے بڑھا تاہم گذشتہ پندرہ سالوں میں یہ اضافہ کم ہو کر 0.05 سینٹی گریڈ فی عشرہ کی اوسط پر آ گیا ہے۔ ماہرین اس بات پر حیران ہیں کہ تمام سائنسی اندازوں کے برعکس عالمی حدت کم کیوں ہو رہی ہے اور ''لاپتہ'' حرارت کہاں جا رہی ہے۔ بعض ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ ''لاپتہ'' حرارت سمندر کی گہرائیوں میں منتقل ہو رہی ہے کیوں کہ سمندروں کی تین ہزار میٹر سے نیچے کی گہرائیوں کے درجہ حرارت میں 1990 کے عشرے سے اضافہ ہو رہا ہے۔ بعض ماہرین اس کمی کی وجہ آتش فشاں پہاڑوں کے لاوا اگلنے اور سورج سے حرارت کے کم اخراج کو قرار دے رہے ہیں۔ بعض ممالک کا کہنا ہے کے اقوام متحدہ کی اس رپورٹ میں اعداد و شمار تو دیے گئے ہیں تاہم کوئی ٹھوس نتیجہ نہیں نکالا گیا جس سے غیر یقینی صورت حال پیدا ہوئی ہے۔ (دی نیوز، 25 ستمبر، صفحہ 10)

30 ستمبر: ایک تحقیق کے مطابق آسٹریلیا میں موسمی تبدیلی کے باعث گذشتہ دو سال میں درجہ حرارت میں

تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ اس میں پانی کے وسائل کی کمی اور قدرتی آفات میں اضافہ شامل ہے۔ تحقیق کے مطابق ان تبدیلیوں کے باعث آسٹریلیا کی سرمایہ کاری کے اہم شعبوں مثلاً کان کنی و معدنیات، مصنوعات سازی اور ٹرانسپورٹ کو لاحق خطرات 2030 تک شدت اختیار کر جائیں گے۔ (ڈان، 1 اکتوبر، صفحہ 12)

14 نومبر: عالمی موسمیاتی ادارے (WMO) کی رپورٹ کے مطابق سمندری سطح 2013 میں بہت بلند رہی جس کی وجہ سے ساحلی علاقوں کو شدید طوفانون کا سامنا رہا۔ 2013 میں عالمی درجہ حرارت بھی اپنی بلند ترین سطح پر رہا۔ اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام نے یہ واضع کیا ہے کہ عالمی درجہ حرارت صنعتی انقلاب سے پہلے کے دور (1750) سے دو ڈگری سیلیسس (3.6 فارن ہائیٹ) سے زیادہ بڑھنے کو روکنے کا موقع اب بہت تیزی سے جا رہا ہے۔ (ڈان، 14 نومبر، صفحہ 12)

- 19 ویں کانفرنس آف پارٹیز (کوپ 19)

17 نومبر: فلپائن میں حالیہ طوفان نے وارسا میں اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن آن کلائمٹ چینج (UNFCCC) کی 19 ویں کانفرنس آف پارٹیز کو ایک جذباتی فورم بنا دیا۔ ترقی پزیر مما لک نے سب سے زیادہ آلودگی پیدا کرنے والے مما لک سے ہرجانہ طلب کرنے کا مطالبہ کیا ان نقصانات پر جو اب غریب مما لک میں مستقل ہو رہے ہیں۔ فلپائن کے نمائندے نے موسمی بحران کے ''پاگل پن'' (madness) کو دیکھتے ہوئے کانفرنس کے دوران روزہ رکھنے کی منت مان لی جبکہ چھوٹے جزیروں کے گروپ نے کہا کہ سمندر کی سطح بلند ہونے سے ہمارے کچھ ممبر مما لک صفہ ہستی سے مٹ جائینگے۔ کانفرنس میں کہا گیا کہ سب سے زیادہ آلودگی پھیلانے والوں کی سزا سب سے کم آلودگی پیدا کرنے والے کیوں بھگتے ہیں؟ تاہم موسمی انصاف کے حوالے سے کانفرنس میں کوئی سمجھوتہ سامنے نہ آیا۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 18 نومبر، صفحہ 1)

18 نومبر: UNFCCC (یو این ایف سی سی سی) کی چار روزہ اعلیٰ سطح کی سالانہ کانفرنس میں شرکت کے

لیے مختلف ممالک کے وزیروں نے وارسا، پولینڈ، آنا شروع کر دیا ہے۔ یہ مذاکرات پہلے سے تعطل کا شکار ہیں۔ ترقی پزیر ممالک امیر ممالک کا 2009 میں کیا گیا وعدہ یاد دلا رہے ہیں جس کے تحت انھیں ہر سال 2020 تک 100 بلین ڈالرز کی امداد ترقی پذیر ممالک کو موسمی تبدیلی کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے دینی تھی۔ ترقی یافتہ ممالک معاشی بحران سے نکلنے کی کوشش میں ہیں اور وہ معاوضے کے حوالے سے بنیادی شق پر بات کرنے سے بھی گریز کر رہے ہیں۔ (دی نیوز، 20 نومبر، صفحہ 10)

18 نومبر: اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل بان کی مون نے یورپی یونین سے کہا کہ وہ موسمی تبدیلی کے حوالے سے اپنے کلیدی کردار کو برقرار رکھے۔ وارسا میں درجہ حرارت کو دو ڈگری تک محدود رکھنے کے لیے 2015 میں نئے عالمی معاہدے کے لیے مذاکرات میں پولینڈ اور بزنس کے حلقوں کی طرف سے یورپی بلاک پر دباؤ سامنے آرہا ہے کہ وہ اپنی ترجیحات معاشی ترقی پر مرکوز رکھے۔ (ڈان، 19 نومبر، صفحہ 10)

20 نومبر: اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل بان کی مون نے مختلف ممالک کے وزیر خارجہ جو اس وقت یو این ایف سی سی سی کی کانفرنس میں شرکت کے لیے وارسا میں جمع ہیں سے کہا کہ وہ اپنی حکومتوں پر زور ڈال کر موسمی تبدیلی کے لیے قائم گرین کلائمٹ فنڈ کے لیے رقوم کی فراہمی میں حائل رکاوٹ کو دور کریں تا کہ 2015 میں موسمی تبدیلی پر معاہدہ سامنے آسکے۔ (ڈان، 21 نومبر، صفحہ 13)

21 نومبر: وارسا میں موسمی تبدیلی پر کانفرنس میں غیر سرکاری تنظیموں کے گرین گروپ جس میں گرین پیس، ڈبلیو ڈبلیو ایف، آکسفیم، ایکشن ایڈ، انٹرنیشنل ٹرید یونین کونفیڈریشن اور فرینڈز آف دی ارتھ شامل ہیں نے کانفرنس کا بائیکاٹ کر دیا ہے۔ ان کے مطابق کانفرنس موسمی تبدیلی کے حوالے سے کچھ بھی نہیں کررہی جب کہ اس کو پائیدار مستقبل کی راہ ہموار کرنے میں بہت اہم قدم اٹھانے ہیں۔ (ڈان، 22 نومبر، صفحہ 14)

22 نومبر: وارسا میں موسمی تبدیلی پر 190 ممالک کی دو ہفتوں پر محیط بات چیت کے اختتام پر گرمی کی سطح

کو عالمی طور پر کم کرنے کے نئے معاہدے جس کا پیرس کی 2015 میں کانفرنس کے بعد اطلاق ہوگا کے حوالے سے ایک ڈرافٹ پیش کیا گیا۔ اس میں تمام ممالک سے کہا گیا ہے کہ وہ کاربن اخراج میں کمی کا اپنا اپنا ٹائم فریم یا دورانیہ فوری مقرر کریں۔ (ڈان، 23 نومبر، صفحہ 12)

23 نومبر: وراسا میں موجود تمام ممالک نے آخرکار اس بات پر سمجھوتہ کرلیا کہ انھیں کاربن اخراج میں جلد از جلد کمی لانی ہے، کوشش یہ ہوگی کہ وہ 2015 کے پہلے چار مہینوں میں ایسا کر پائیں۔ (ڈان، 24 نومبر، صفحہ 16)

## سبز معیشت

- شمسی توانائی

2 اکتوبر: سورج اور ہوا سے چوبیس گھنٹے بجلی پیدا نہیں کی جاسکتی ہے۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لیے ترقی یافتہ ممالک میں جدید بیٹریوں کے استعمال کو فروغ دیا جارہا ہے تاکہ بجلی کی پیداوار کے اوقات میں زیادہ سے زیادہ بجلی ذخیرہ کرکے اس وقت بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے جب بجلی کی پیداوار رکی ہوئی ہو۔ امریکہ، برطانیہ، جرمنی اور جاپان اس سلسلے میں تحقیق کے لیے سالانہ خطیر رقم خرچ کررہے ہیں۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 3 اکتوبر، صفحہ 16)

27 نومبر: یورپی یونین نے چینی شمسی پینلز (panels) میں استعمال ہونے والے شیشے پر بھاری محصولات عائد کردیے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ چین سے یہ پینلز نہایت سستی قیمت پر برآمد کیے جارہے ہیں۔ چین سے یورپی یونین کی کل تجارت 2011 میں 290 بلین یوروز تھی جس میں سے شیشے صرف 200 ملین یوروز کے ہیں۔ دونوں طرف سے سولر پینلز کا بڑا معاملہ جو 21 بلین روپے کا تھا کچھ عرصے پہلے طے ہوچکا ہے۔ (ڈان، 28 نومبر، صفحہ 11)

2 دسمبر: چینی سولر پینلز بنانے والوں پر، جنھوں نے جولائی میں یورپین یونین کے ساتھ سولر پینلز پر ہونے والے سمجھوتے کو ماننے سے انکار کیا تھا، یورپی یونین 6 دسمبر سے دو سال کے لیے سخت درآمدی اقدات کا اطلاق شروع کر دے گا۔ (ڈان، 3 دسمبر، صفحہ 11)

- ہوا کی توانائی:

25 اکتوبر: ایک مضمون کے مطابق جاپان کے فوکوشیما نیوکلیئر ری ایکٹر سے 12 میل کے فاصلے پر سمندر پر تیرتی ہوئی ایک ونڈ ٹربائنز جاپان کے سب سے بڑے متبادل توانائی کے منصوبے کی ابتدا ہے۔ یہ پن چکی 350 فٹ لمبی ہے جس سے 1,700 گھروں تک بجلی پہنچ سکے گی جبکہ منصوبے کے مکمل ہونے کے بعد 140 ونڈ ٹربائنز سے ایک گیگاواٹ بجلی پیدا ہوسکے گی جو ایک نیوکلیئر ری ایکٹر سے پیدا ہونے والی بجلی کے برابر ہے۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 25 اکتوبر، صفحہ 1)

- بایو ماس

9 اکتوبر: بھارتی صوبے پنجاب میں بایو ماس ٹیکنالوجی کے ذریعے ایک لاکھ 20 ہزارٹن چاول کے بھوسے سے 12 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے جس سے فضائی آلودگی کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 10 اکتوبر، صفحہ 3)

## X۔ قدرتی بحران

12 ستمبر: امریکی حکومت نے ستمبر 2010 سے ستمبر 2012 کے دوران قدرتی آفات سے متاثرہ اپنے شہریوں کو امداد کی فراہمی پر 62 ارب ڈالرز خرچ کیے۔ (ڈان، 13 ستمبر، صفحہ 13)

15 ستمبر: امریکی خلائی تحقیقاتی ادارے ناسا نے سمندری طوفانوں پر تحقیق اور ان کے بارے میں پیش گوئی

کی صلاحیت میں اضافے کے لیے بغیر پائیلٹ کے دو فوجی طیارے (ڈرون) حاصل کر لیے ہیں۔ یہ طیارے مسلسل تیس گھنٹے تک پرواز کر سکتے ہیں۔ یہ صلاحیت طویل وقت تک قریب سے طوفان کی کیفیت ریکارڈ کرنے میں استعمال ہوگی۔ (دی نیوز، 16 ستمبر، صفحہ 10)

19 نومبر: ایک مضمون میں ورلڈ ایکنا مک فورم، جینوا، کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ہر سال 250 ملین لوگ دنیا بھر میں قدرتی بحرانوں سے دو چار ہوتے ہیں۔ اس میں 99 فیصد اموات اور 90 فیصد نقصان ترقی پزیر ممالک کا ہوتا ہے۔ پچھلے 100 سالوں میں بدترین قدرتی بحران صرف ایشیا میں آئے۔ اس میں ہیٹی کا 2010 کا زلزلہ صرف ایشیا سے باہر تھا۔ (راوی ویلر، ڈان، 19 نومبر، صفحہ 12)

## طوفان

9 نومبر: ریڈ کراس (Red Cross) کے مطابق 8 نومبر کو وسطی فلپائن میں آنے والی اب تک کی تیز ترین طوفانی آندھی سے صرف ایک شہر میں 1,000 جبکہ دوسرے علاقوں سے 200 افراد کے ہلاک ہونے کی خبریں ہیں۔ (دی نیوز، 10 نومبر، صفحہ 1)

10 نومبر: فلپائن میں آنے والی تباہ کن طوفانی آندھی سے مرنے والوں کی تعداد کے اضافے کے ساتھ اسے ملک کا سب سے بدترین قدرتی بحران تصور کیا جا رہا ہے۔ (ڈان، 11 نومبر، صفحہ 1)

12 نومبر: ایک مضمون کے مطابق اقوام متحدہ کی طرف سے وارسا میں کیوٹو پروٹوکول کو تبدیل کر کے نئے عالمی معاہدے کو 2020 میں لاگو کرنے کے لیے جاری بات چیت میں سائنسدانوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ موسمی تبدیلی کی وجہ سے فلپائن میں آنے والے ٹائفون ھائیان (Typhoon Haiyan) شدت اختیار کر گیا۔ کیری اے ایمینیول جو فضائی سائنسدان ہیں نے کہا کہ کاربن ڈائی آکسائڈ اور گرمی جذب کرنے والی دیگر گیسز کی وجہ سے فضا اور سمندر کے درجہ حرارت میں فرق بڑھ رہا ہے اور اس فرق کی وجہ

سے ایسے خوفناک طوفان آرہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ''جیسے آپ زمین کو گرم کر رہے ہے ویسے ہی طوفانوں کی تیزی میں اضافہ ہو رہا ہے''۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 13 نومبر، صفحہ 5)

14 نومبر: فلپائن کے حالیہ ٹائفون ھایان کے لیے بین الاقوامی امداد تیزی سے پہنچ رہی ہے۔ امریکہ نے 20 ملین ڈالرز کے ساتھ اپنی ملٹری کے ذریعے آپریشن شروع کیا ہے جس میں ایئر کرافٹ کیریر کا استعمال بھی شامل ہے۔ آسٹریلیا نے 28 ملین ڈالرز جبکہ چین نے صرف دو ملین ڈالرز دینے کا اعلان کیا ہے۔ (ڈان، 15 نومبر، صفحہ 12)

16 نومبر: فلپائن کی نیشنل ڈیزاسٹر رسک ریڈکشن اینڈ مینجمنٹ کونسل (NDRRMC) کے مطابق 8 نومبر کو آنے والے طوفان، ٹائیفون ھایان سے مرنے والوں کی کل تعداد 3,633 ہوگئی ہے جس میں اضافہ کا بہت امکان ہے۔ متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمی شروع ہوگئی ہے امدادی رضا کار تباہی کا اندازہ لگانے سے قاصر ہیں کیونکہ علاقے کی مکمل تباہی کے باعث لاکھوں افراد بھوکے، بے گھر اور بغیر بجلی اور پانی کے ہیں۔ (ڈان، 17 نومبر، صفحہ 15)

22 دسمبر: طوفان ھایان سے متاثر ٹیکلوبان شہر جہاں 5,000 سے زیادہ افراد ہلاک ہوئے، کا دورہ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل بان کی مون نے فلپائن میں طوفان سے متاثر ہونے والوں سے کہا کہ وہ ہمت نہ ہاریں کیونکہ اقوام متحدہ ان کے ساتھ ہے۔ اس طوفان سے اب تک 6,102 افراد ہلاک، 1,779 لاپتہ اور 220,000 متاثر ہوئے۔ (ڈان، 2 دسمبر، صفحہ 15)

## سیلاب

13 ستمبر: امریکی ریاست کولوراڈو کے سیلاب زدہ شہر بولڈر کے مزید ہزاروں شہریوں کو شہر چھوڑنے کے احکامات جاری کردیے گئے ہیں۔شہر میں گذشتہ ایک ہفتے سے جاری شدید بارشوں سے کم از کم تین افراد

ہلاک اور 17 لاپتہ ہوچکے ہیں۔ (ڈان، 14 ستمبر، صفحہ 13)

## XI۔ مزاحمت

1 ستمبر: تھائی لینڈ میں ربڑ کی قیمتوں میں مسلسل کمی کے باعث ربڑ کے کاشت کاروں کے احتجاجی مظاہرے اور دھرنے اگست سے جاری ہیں۔ گذشتہ روز مظاہرین پر فائرنگ کے نتیجے میں ایک کسان ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا۔ خطے کی معاشی سرگرمیاں ماند پڑنے کے باعث گذشتہ دوسالوں میں ربڑ کی قیمتیں 45 فیصد کم ہوئی ہیں۔ (انٹرنیشنل نیویارک ٹائمز، 2 ستمبر، صفحہ 3)

## مراعات

19 نومبر: سوڈان میں گندم ملک کی ضرورت سے کم پیدا ہوتا ہے اس لیے حکومت بڑی مقدار میں اسے درآمد کرتی ہے جسے پھر سستا کر کے لوگوں کو فروخت کیا جاتا ہے۔ اب زرمبادلہ کی کمی کی وجہ سے نہ صرف گندم کم درآمد کیا جارہا ہے بلکہ روٹی بھی بہت مہنگی ہوگئی ہے اور لوگوں کو گھنٹوں انتظار کے بعد دستیاب ہوتی ہے۔ گندم پر زرتلافی ختم کرنے کی بھی اب بات ہورہی ہے۔ حکومت پہلے ہی توانائی پر زرتلافی ختم کرچکی ہے جس کی وجہ سے ستمبر سے عوامی مظاہرے ہو رہے ہیں۔ سوڈان کے زرمبادلہ کمانے کا بڑا ذریعہ تیل تھا جو 2011 میں جنوبی سوڈان کے ملک سے الگ ہو جانے کے بعد سے ختم ہو چکا ہے۔ (ڈان، 20 نومبر، صفحہ 13)

25 نومبر: ایک خبر کے مطابق تھائی لینڈ کی حکومت کسانوں کو چاول پر مراعات دینے کے فنڈ اکھٹا نہیں کر پارہی۔ کسانوں نے دھمکی دی ہے کہ اگر ان کی چاول پر مراعات کا سلسلہ طے نہ ہوا تو وہ وزیر اعظم کے خلاف ملک گیر مظاہروں میں شریک ہوجائیں گے۔ (ڈان، 26 نومبر، صفحہ 11)

روٹس فار ایکوٹی بے سہارا اور پسماندہ آبادیوں کے مسائل کو سامنے لانے میں سرگرداں ہے۔ ان شہری اور دیہی علاقوں میں بسنے والی مذہبی اقلیتیں، عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں۔ ان مسائل کے حل کے لیے روٹس ایسی راہ ہموار کرنے پر بھی یقین رکھتی ہے، جس سے یہ آبادیاں اپنے معاشی، سماجی اور سیاسی حقوق کو سمجھتے ہوئے بین الاقوامی انسانی حقوق کے معاہدوں کے مطابق بہتر معیار زندگی کا مطالبہ کر سکیں۔

روٹس فار ایکوٹی ابتدا سے ہی اسٹرکچرل ایڈجسٹمنٹ پروگرام، ڈبلیو ٹی او اور دوسرے آزاد منڈی کے نیولبرل معاہدوں سے دیہی آبادیوں پر مرتب ہونے والے اثرات کو سمجھنے میں کوشاں ہے۔ اس پس منظر میں ادارہ بنیادی طور پر تین سطحوں پر کام کرتا ہے۔

1۔ عالمگیریت کے اثرات اور مسائل پر عملی تحقیق۔

2۔ مقامی، قومی اور عالمی سطح پر باشعور مزاحمت کے لیے مختلف لائحہ عمل مثلاً تحقیق، تصانیف اور بین الاقوامی رابطہ کاری وغیرہ سے مقامی آبادیوں کو متحرک کرنا اور اس کے ذریعے مزاحمت کو بڑھانا۔

3۔ وہ آبادیاں جو سرمایہ دارانہ نظام کی معاشی، سیاسی اور سماجی تلخیوں کو جھیل رہی ہیں ان کو براہ راست مدد فراہم کرنا۔

ان تین طریقوں سے کام کرتے ہوئے روٹس فار ایکوٹی نے کامیابی کے ساتھ مقامی آبادیوں کے ساتھ صحت مندانہ روابط قائم کیے ہیں۔

پاکستان میں تبدیلی کے لیے سب سے ضروری بات یہ ہے کہ ملک کی معاشی و معاشرتی ترقی عوام کے گرد ہو۔ یہ بنیادی تبدیلی آبادیوں کو متحرک کیے بغیر ممکن نہیں۔ روٹس فار ایکوٹی یہ پختہ یقین رکھتی ہے کہ سماجی شعور اور سیاسی طور پر بیدار آبادیاں ہی اپنے لیے سماجی اور معاشی انصاف حاصل کر سکتی ہیں۔ روٹس مقامی آبادیوں کے ساتھ مل کر سیاسی، معاشرتی اور معاشی انصاف کی جدوجہد پر پختہ یقین رکھتی ہے۔

اشاعت: روٹس فار ایکوٹی
تعاون: میزیریور